www.dailybolan.com

MEMBER APNS باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب' کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

Mobile: 0336-6113760

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون وفیکس 0853-310203

قیمت 20 روپے

جلد 37 | منگل 21 جولائی 2026، بمطابق 6 صفر 1448ھ | شمارہ 197

عمران خان کی غلط پالیسی کے تحت بلوچستان میں گرفتار دہشتگردوں کو عام معافی دی گئی

سرفراز بگٹی

پاکستان ہمیشہ قائم رہنے کیلئے بنا ہے، قومی اتحاد، یکجہتی، باہمی اعتماد اور نوجوانوں کی مثبت سوچ ہی مضبوط اور پرامن ملک کی ضمانت ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

آئی ایس پی آر کے زیراہتمام پاکستان بھر کے طلبہ کیلئے سمر کیمپ کا انعقاد، 4 ہزار سے زائد طلبہ شریک

راولپنڈی (این این آئی) آئی ایس پی آر کے زیراہتمام پاکستان بھر کے طلبا و طالبات کیلئے سمر کیمپ 2026ء کا انعقاد کیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئی ایس پی آر سمر کیمپ 2026ء کے شرکا کیساتھ خصوصی نشست کی، سمر کیمپ 2026ء میں پاکستان بھر کے 18 سے زائد سٹیشنز سے 4 ہزار سے زائد طلبہ شریک ہوئے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے بلوچستان کی موجودہ صورتحال، دہشت گردی کے چیلنجز اور نوجوانوں کے کردار و ذمہ داریوں پر اظہار خیال کیا۔ فتنہ الہندوستان (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

تحریک لبیک انتخابی نشان کیلئے نااہل قرار

الیکشن کمیشن نے تحریک لبیک انٹرا پارٹی انتخابات کا محفوظ فیصلہ دیا

ٹی ایل پی انٹرا پارٹی انتخابات سے متعلق دستاویزات کمیشن نے مسترد کر دیں

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے تحریک لبیک انٹرا پارٹی ا (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)

اسحاق ڈار نے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند کے اعزاز میں ظہرانہ دیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار (بقیہ 3 صفحہ 7 پر)

20 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے 104 رکنی وفد نے گورنر ہاؤس پشاور کا دورہ

خیبر پختونخوا صدیوں سے وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ تجارت کا اہم مرکز رہا ہے، فیصل کنڈی

افغانستان سے ملحقہ سرحد کے باعث صوبہ سیکیورٹی کے سنگین چیلنجز سے بھی دوچار ہے، گورنر خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) 20 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے 104 رکنی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان میں برطانیہ کی ہائی کمشنر مس جین میریٹ ملاقات کر رہی ہیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے کینیڈین وزیر خارجہ انیتا آنند کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

مشترکہ سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے باہمی تعاون ناگزیر ہے

فیلڈ مارشل

کینیڈین وزیر خارجہ نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی مسلسل کوششوں اور قربانیوں کو سراہا۔ انیتا آنند نے امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کی تعریف کی

آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران فریقین نے دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور دفاع و سلامتی کے شعبوں میں تعاون اور روابط کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور پاکستان و کینیڈا کے دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے عالمی امن اور علاقائی استحکام سے متعلق پاکستان کے موقف کو اجاگر کیا۔ فیلڈ مارشل نے مشترکہ سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے باہمی تعاون اور مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔ کینیڈین وزیر خارجہ نے د (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

عوام نے موقع دیا تو پھر پاکستان کو معاشی طاقت بنائیں گے

اسحاق ڈار

اسحاق ڈار سے متحدہ عرب امارات میں پاکستان کے سفیر شفقت علی خان کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

متحدہ عرب امارات میں مقیم بڑی پاکستانی برادری کی فلاح و بہبود کے لیے باہمی تعاون کو مزید موثر بنایا جائے، وزیر خارجہ کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے متحدہ عرب امارات میں پاکستان کے سفیر شفقت علی خان نے ملاقات کی۔ پیر کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم وزیر خارجہ نے اس امر پر زور دیا کہ پاکستان متحدہ عرب امارات کے ساتھ اپنے دیرینہ، برادرانہ اور مضبوط تعلقات کو بے حد اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے سفیر کو ہدایت دی کہ دونوں ممالک کے درمیان تمام شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

پاکستانی ٹیلنٹ اور چینی ٹیکنالوجی ناقابل تسخیر دیوار ہیں، مشاہد حسین سید

چین میں منعقدہ ورلڈ پیس فورم میں خطے میں پاکستان کے کردار کو سراہا گیا

دوہرے معیار کے سبب مغرب کی قیادت میں قائم عالمی نظام ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، خطاب

بیجنگ (این این آئی) سینئر سیاستدان مشاہد حسین سید نے کہا ہے کہ چین میں منعقدہ ورلڈ پیس فورم میں خطے میں پاکستان کے کردار کو سراہا گیا، دوہرے معیار کے سبب مغرب کی قیادت میں قائم عالمی نظام ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے۔ چین کے دارالحکومت بیجنگ میں ممتاز سنگھوا یونیورسٹی کے زیر (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم سے احسن اقبال کی ملاقات، ملک میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال

قومی اہمیت کے تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیا جائے، وزیراعظم کی ہدایت

تمام متعلقہ وزارتیں اور ادارے باہمی تعاون اور مؤثر رابطے کے ذریعے منصوبوں پر عمل درآمد کی رفتار مزید تیز کریں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات، پروفیسر احسن اقبال نے پیر کو وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی جس میں ملک بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں، پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) کے تحت منصوبوں کی پیش رفت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے وزیراعظم کو جاری ترقیاتی منصوبوں، ان پر ہونے والی پیش رفت اور مستقبل کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔ وز (بقیہ 6 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم شہباز شریف سے کینیڈا کی وزیر خارجہ ملاقات کر رہی ہیں

ملک بھر میں سیلاب کی تباہ کاریاں، 13 افراد ہلاک

وادی نیلم کے نواحی گاؤں میں کلاؤڈ برسٹ کے بعد ندی نالوں میں طغیانی، مکانات سمیت متعدد دکانیں سیلاب کی زد میں آگئیں

مینگل نالے کے قریب متعدد گاڑیاں اور موٹر سائیکل بہہ گئیں، سیلاب سے لوگوں کے مال مویشی بھی نالے میں بہہ گئے، ٹریفک کی روانی متاثر

پشاور/لاہور/لیہ/ایبٹ آباد/سکردو/حسن ابدال/مردان (این این آئی) ملک کے مختلف حصوں میں ہونے والی موسلا دھار بارش، سیلابی ریلوں اور لینڈ سلائیڈنگ نے تباہی مچادی، جس کے باعث مختلف حادثات میں 2 بچوں سمیت 13 افراد جاں بحق جبکہ متعدد افراد زخمی ہوگئے، نگر میں چھلت کے علاقے بڑھ لس میں لینڈ سلائیڈنگ کی وجہ سے 4 مزدور جاں بحق ہوگئے، لاہور میں کرنٹ لگنے سے نوجوان جاں بحق ہوگیا۔ ریسکیو کے مطابق مردان رستم کالوڈھیری میں کمرے کی چھت گرنے سے 2 بچے جاں بحق جبکہ ماں اور بیٹی شدید زخمی ہوگئیں۔ ضلع خیبر میں ہونے والی موسلا دھار بارش اور سیلابی ریلوں نے (بقیہ 8 صفحہ 7 پر)



وزیرداخلہ محسن نقوی سے کینیڈا کی وزیر خارجہ ملاقات کر رہی ہیں

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا نیا یومیہ نظام منظور، اوگرا روزانہ نرخ جاری کرے گا

قیمتوں کے اعلان کے لیے وزیراعظم یا وفاقی حکومت کی پیشگی منظوری درکار نہیں ہوگی

پیٹرول اور ڈیزل کی نئی قیمتیں گزشتہ سات کاروباری دن کی اوسط عالمی قیمت کے مطابق ہوں گی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے پیٹرولیم مصنوعات کے لیے روزانہ قیمتوں کے تعین کا نیا نظام منظور کرلیا، جس کے تحت اوگرا اب پیٹرول اور ڈیزل کی ایکس ڈپو قیمتیں روزانہ جاری کرے گا۔ تفصیلات کے مطابق پیٹرول اور ڈیزل کی نئی قیمتیں گزشتہ سات کاروباری دن (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر)

آزاد کشمیر کے انتخابات سیاسی تشخص کی علامت ہیں، فردوس عاشق اعوان

انتخابی عمل پرامن، شفاف اور غیر جانبدار ہونا چاہئے، دھرنے کی آڑ میں سرگرم عناصر جمہوری حق سے دور دھکیل رہے ہیں

سیاسی اختلاف اپنی جگہ، قومی سلامتی، ریاستی اداروں اور شہدا کے احترام کو سیاست سے بالاتر رکھا جانا چاہئے

مہنگائی سے پریشان عوام کو ریلیف دینے کے بجائے انہیں مزید معاشی مشکلات کا سامنا ہے، ج

سابق وفاقی وزیر کی مولانا فضل الرحمٰن، مسلم لیگ (ن) اور بانی پی ٹی آئی کے خاندان کے بیانات پر بھی کڑی تنقید

سیالکوٹ (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان نے کہا ہے کہ آزاد جموں و کشمیر میں عام انتخابات کا انعقاد وادی میں جمہوری عمل کے تسلسل، عوامی نمائندگی اور کشمیری عوام کے سیاسی تشخص کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کو اپنے نمائندے آزادانہ طور پر منتخب کرنے (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

پاکستان اور کینیڈا کے درمیان ترجیحی شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسحاق ڈار سے کینیڈین وزیر خارجہ کی ملاقات، دوطرفہ روابط کو ادارہ جاتی بنیادوں پر مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

کینیڈا کا پاکستان میں سیکیورٹی اور ترقیاتی منصوبوں کیلئے 4 کروڑ 70 لاکھ کینیڈین ڈالر سے زائد کی معاونت کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور کینیڈا نے تجارت، سرمایہ کاری، سیکیورٹی اور ترقیاتی شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کرتے ہوئے دوطرفہ روابط کو ادارہ جاتی بنیادوں پر مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے جبکہ کینیڈا نے پاکستان میں سیکیورٹی اور ترقیاتی منصوبوں (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

این سی سی آئی اے میں متنازع بیان پر طلب عمران خان کی بہن نورین نیازی پیش نہ ہوئیں

بتایا جائے کس شق کے تحت نوٹس جاری ہوا اور انہیں کس قانون کے تحت طلب کیا گیا ہے، وکیل کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کی جانب سے متنازع بیان پر طلب پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی بہن نورین نیازی پیش نہ ہوئیں۔ این سی سی آئی اے کی طلبی کے نوٹس پر نورین نیازی کے وکیل فیصل ملک این سی سی آئی اے پہنچے اور جواب جمع کرایا۔ بعدازاں میڈیا سے گفتگو میں نورین نیازی کے وکیل نے کہا کہ نورین (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

ڈھڈر کے مقام پر مسلح افراد کا حملہ، محکمہ ایکسائز کے تین اہلکار مبینہ طور پر اغوا

دالبندین (این این آئی) دالبندین۔ تفتان شاہراہ پر ڈھڈر کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے محکمہ ایکسائز کی عارضی چیک پوسٹ پر حملہ کر دیا۔ پولیس کے مطابق حملہ آور مبینہ طور پر محکمہ ایکسائز کے تین اہلکاروں کو دو سرکاری گاڑیوں اور سرکاری اسلحہ سمیت اپنے ساتھ لے گئے۔

پاکستانی فری لانسرز نے ایک سال میں 1.76 ارب ڈالر کما کر ایک تاریخ رقم کر دی

پاکستانیوں نے حکومت پر انحصار کرنے کے بجائے اپنی محنت، لگن اور کاوشوں سے ملک کے لیے قیمتی زرمبادلہ کمایا، ایسوسی ایشن

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فری لانسرز ایسوسی ایشن (پیفلا) کے چیئرمین ابراہیم امین نے کہا ہے کہ فری لانسرز نے ایک مالی سال کے دوران 1.76 ارب ڈالر کما کر تاریخ رقم کر دی، پاکستان فری لانسرز ایسوسی ایشن نے لکھا ہے کہ پاکستانیوں نے حکومت پر انحصار کرنے کے بجائے اپنی محنت لگن اور کاوشوں سے ملک کے لیے قیمتی زرمبادلہ کمایا۔ انہوں نے اسٹیٹ بینک کے اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر)

سابق ڈی جی این سی سی آئی اے کی درخواست پر سماعت (آج) ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) وقار الدین سید کے خلاف محکمانہ انکوائری سے متعلق درخواست سماعت کے لیے کل 21 جولا (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

دہرے معیار کی وجہ سے مغرب کی زیر قیادت عالمی نظام دم توڑ رہا ہے، مشاہد حسین

مشاہد حسین سید نے چین کی سفارت کاری کی تعریف کی اور پاکستان و چین کے تعلقات کو منفرد قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان چائنا انسٹیٹیوٹ کے چیئرپرسن مشاہد حسین سید نے کہا ہے کہ دہرے معیار کی وجہ سے مغرب کی قیادت میں قائم عالمی نظام دم توڑ رہا ہے۔ چین میں ورلڈ پیس فورم سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ گلوبل ساؤتھ کے ابھرنے کا وقت آ گیا ہے۔ مشاہد حسین سید نے چین کی سفارت کاری کی تعریف کی اور پاکستان و چین کے تعلقات کو منفرد قرا (بقیہ 11 صفحہ 7 پر)

بلاول کا پیغام آزاد جموں و کشمیر کے عوام کے آئینی حقوق کے بارے میں ہے، شازیہ مری

مسلم لیگ (ن) کو بلاول بھٹو زرداری کے اٹھائے گئے عوامی مسائل کا جواب دینا چاہیے

ذاتی حملوں کا سہارا نہیں لینا چاہیے، رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی ترجمان پا (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

وفاقی حکومت کا کفایت شعاری اقدامات جاری رکھنے کا فیصلہ

کفایت شعاری پالیسی جاری، مشینری اور آلات کی خریداری پر عائد پابندی بھی برقرار

کابینہ ڈویژن نے فیصلے پر عمل درآمد کے لیے وزارت خزانہ کو مراسلہ ارسال کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سرکاری اخراجات پر قابو پانے کے لیے رواں مالی سال بھی کفایت شعاری کے اقدامات جاری رکھنے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم خواجہ آصف سے جواب لیں، نیئر حسین بخاری

صاف شفاف انتخابات ہوئے تو آزاد کشمیر میں اکثریت حاصل کریں گے

مہاجرین نشستوں پر وفاق اور پنجاب حکومتی مداخلت نہ ہوئی تو جیالے امیدوار کامیاب ہونگے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی نیئر حسین بخاری (بقیہ 20 صفحہ 7 پر)

پیٹرولیم ڈیلرز کا یومیہ قیمتوں کے تعین کی حمایت کا اعلان، تعاون کی یقین دہانی

یومیہ قیمتوں سے شفافیت بڑھے گی، مارکیٹ میں بگاڑ اور ذخیرہ اندوزی کی حوصلہ شکنی ہوگی، وفاقی وزیر پیٹرولیم کے اجلاس میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پیٹرولیم ڈیلرز نے پالیسی کی حمایت کا اعلان کر دیا۔ پیر کو وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے یومیہ قیمتوں کے نظام کا خیرمقدم کرتے ہوئے حکومتی پا (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

ایران کو ایک امریکی فوجی کے قتل کی کئی گنا زیادہ قیمت چکانا پڑے گی، ٹرمپ

نیتن یاہو کو امریکا آمد پر کسی صورت گرفتار نہیں ہونے دیں گے، امریکی صدر کا بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو سخت الفاظ میں خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ایران کسی بھی امریکی فوجی کو قتل کرتا ہے تو اسے اس کی قیمت کئی گنا زیادہ چکا (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

چیف جسٹس پاکستان کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن کا اجلاس

چیف جسٹس کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن کا اجلاس، سندھ ہائیکورٹ میں تین ایڈیشنل ججوں کی تقرری کی منظوری

جوڈیشل کمیشن کا اکثریتی رائے سے ایڈیشنل جج فیض الحسن شاہ کو مستقل نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کے اجلاس میں سندھ ہائیکورٹ میں تین ایڈیشنل ججوں کی تقرری کی منظوری دے دی گئی۔ ذرائع کے مطابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سریش کمار کو ایڈیشنل جج سندھ ہائیکورٹ بنانے کی منظوری دی گئی۔ ذرائع کے مطابق ایڈووکیٹ ڈاکٹر شاہ نواز میمن اور ایڈووکیٹ محمد ہمایوں خان کو بھی ایڈیشنل جج سندھ ہائیکورٹ بنانے کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں سندھ ہائیکورٹ کے دو ججز کی مستقلی کے معاملے پر غور کیا گیا۔ جوڈیشل کمیشن کا اکثریتی رائے سے ایڈیشنل جج فیض الحسن شاہ کو مستقل نہ (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر احد چیمہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حب میں نرسنگ کالج صحت اور تعلیم کے شعبے میں سنگ میل ثابت ہوگا

میر علی حسن زہری

نرسنگ کالج کی تکمیل کے بعد ضلع حب اور گردونواح کے نوجوانوں، خصوصاً طالبات، کو معیاری نرسنگ تعلیم کے لیے دور دراز علاقوں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا

منصوبے سے نہ صرف مقامی سطح پر اعلیٰ تعلیم کے مواقع بڑھیں گے بلکہ صحت کے شعبے میں تربیت یافتہ افرادی قوت بھی میسر آئے گی

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر صوبائی نائب صدر اور صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے لیے بلوچستان کے ترجمان، میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ ضلع حب میں پہلے نرسنگ کالج کی تعمیر کا جاری منصوبہ علاقے میں صحت اور تعلیم کے شعبے کے لیے ایک تاریخی سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نرسنگ کالج کی تکمیل کے بعد ضلع حب اور گردونواح کے نوجوانوں، خصوصاً طالبات، کو معیاری نرسنگ تعلیم کے لیے دور دراز علاقوں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا۔ اس منصوبے سے نہ صرف مقامی سطح پر اعلیٰ تعلیم کے مواقع بڑھیں گے بلکہ صحت کے شعبے میں تربیت یافتہ افرادی قوت بھی میسر آئے (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)

چین میں ویزا فری ٹرانزٹ کی مدت 240 گھنٹے تک بڑھادی گئی، چینی میڈیا

مسافروں کی آمدورفت میں نمایاں اضافے کے پیچھے چین کی ویزا فری پالیسی کی مسلسل توسیع ہے، رپورٹ

بیجنگ (این این آئی) رواں موسم گرما میں، متعدد یورپی ممالک ہیٹ ویو کے شکار ہوئے اور چین آنے والے سیاحوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ چین میں غیرملکی سیاحوں کی سفری سرگرمیوں پر گہری نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ وہ طویل عرصے سے بیجنگ، شنگھائی اور شی آن جیسے روایتی سیاحتی مقامات سے آگے بڑھ چکے ہیں: کچھ بلٹ ٹرین کے ذریعے سکیانگ کے ای نینگ اور شی زانگ کے نینگچی کا (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر)

مختلف شاہراہوں پر سفر کرنے والوں کیلئے اہم ٹریفک ایڈوائزری جاری

لاہور (این این آئی) موٹروے پولیس نے مختلف شاہراہوں پر سفر کرنے والے شہریوں کے لیے اہم ٹریفک ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے بعض مقامات پر مسافر (بقیہ 28 صفحہ 7 پر)

خیبر پختونخوا اسمبلی میں پی ٹی آئی کے رکن اپنی ہی حکومت اور پارٹی قیادت پر برس پڑے

بانی پی ٹی آئی گزشتہ 3 برس سے جیل میں ہیں، پارٹی قیادت مراعات سے مستفید ہو رہی ہے، شاہ تراب خان

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اسمبلی میں پی ٹی آئی کے رکن اپنی ہی حکومت اور پارٹی قیادت پر برس پڑے اور کارکردگی کا پوسٹ مارٹم کرڈالا۔ خیبر پختونخوا اسمبلی اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے حکومتی رکن شاہ تراب خان نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں پاکستان تحریک انصاف کو دو تہائی اکثریت بانی پی ٹی آئی کی وجہ سے ملی، بانی پی ٹی آئی گزشتہ 3 برس سے جیل میں ہیں، پارٹی قیادت مراعات سے (بقیہ 25 صفحہ 7 پر)

امریکا مشرق وسطیٰ میں اضافی لڑاکا طیارے بھیج رہا ہے، امریکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا مشرق وسطیٰ میں اضافی لڑاکا طیارے بھیج رہا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکی عہدیدار نے کہا کہ یورپ کے فوجی اڈوں سے ایف 16 اور ایف 35 طیارے (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)

محاصرے کا جواب محاصرے سے، حوثیوں کا سعودی عرب کی بحری ناکہ بندی کرنے کا اعلان

سعودیہ کی بحری ناکہ بندی یمن کے صنعا ایئرپورٹ کے محاصرے کے جواب میں کی جارہی ہے، ترجمان حوثی فوج

صنعاء (این این آئی) یمن کے ایران کے حمایت یافتہ حوثی گروپ نے سعودی عرب کے خلاف فوری طور پر نافذ العمل سمندری محاصرے کا اعلان کر دیا جس سے خطے میں مزید کشیدگی بڑھ گئی۔ عرب میڈیا کے مطابق حوثیوں کے فوجی ترجمان یحییٰ سریع نے کہا کہ سعودی عرب نے صنعاء کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر حملہ کر کے جنگ بندی کی خلاف ورزی کی۔ انھوں نے کہا کہ صنعا ایئرپورٹ پر حملے کے (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)

چیف جسٹس آف پاکستان جوڈیشل کمیشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی نے قائمہ کمیٹیوں میں واپسی کا فیصلہ عمران خان کی منظوری سے مشروط کردیا

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کی پارلیمانی قائمہ کمیٹیوں میں واپسی کے معاملے پر پارٹی کی سینئر قیادت نے حتمی فیصلہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی منظوری سے مشروط کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سینیٹ اور قومی اسمبلی میں پی ٹی آئی کے بیشتر ارکان قائمہ کمیٹیوں میں (بقیہ 29 صفحہ 7 پر)

سپریم کورٹ کا بڑا فیصلہ

ڈیویڈنڈ انکم پر 35 فیصد ٹیکس وصولی کیلئے ایف بی آر کا موقف مسترد

اربوں روپے کے ٹیکس تنازع پر سپریم کورٹ نے ڈیویڈنڈ انکم پر 35 فیصد ٹیکس وصولی کا ایف بی آر کا موقف مسترد کر دیا

عدالت عظمیٰ نے کمپنیوں کے حق میں اور ایف بی آر کے خلاف اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ برقرار رکھا، ایف بی آر کی تمام سول پٹیشنز خارج

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے اربوں روپے کے ٹیکس تنازع پر فیصلہ سناتے ہوئے ڈیویڈنڈ انکم پر 35 فیصد ٹیکس وصولی کا ایف بی آر کا موقف مسترد کر دیا جبکہ سپریم کورٹ نے کمپنیوں کے حق میں اور ایف بی آر کے خلاف اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ برقرار رکھتے ہو (بقیہ 30 صفحہ 7 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے جماعت اسلامی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پنجاب کو پاکستان کی معیشت کا انجن اور ترقی کا مرکز بنائیں گے، مریم نواز

تمام ہسپتالوں میں ہیلتھ انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم نافذ کرنے کی ہدایت، ڈاکٹر اور مریض کے درمیان رابطے کیلئے ٹیلی میڈیسن سسٹم نافذ کرنے فیصلہ

وزیراعلیٰ کی صدارت میں 3 گھنٹے طویل محکمہ پرفارمنس ریویو اجلاس، وزیر آبپاشی اور سیکریٹری آبپاشی کو حالیہ سیلاب کے دوران عمدہ کارکردگی پر شاباش

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے [illegible] مائنز اینڈ منرلز نے کارکردگی کا نیا معیار متعین کر دیا ہے۔ صرف ایک سال میں کلینک آن ویل سے 1 کروڑ 65 لاکھ مریضوں کا علاج ہوا۔ مریم نواز ہیلتھ کلینک سے مجموعی طور پر 46 لاکھ 72 ہزار مریض مستفید ہوئے۔ مریم نواز ہاسپٹل میں 16 ہزار 700 سے زائد کامیاب سرجریاں کی گئیں۔ اجلاس میں مزید بتایا گیا کہ 17 ہزار سے زائد ٹی بی، ہیپاٹائٹس اور ذیابیطس ٹائپ ون مریضوں کو گھر پر ادویات کی [illegible] کی معاونت سے سپیشل بچوں کیلئے پہلی پارڈ ور ٹو ڈور داخلہ مہم کا آغاز ہو چکا ہے۔ پنجاب میں تمام سپیشل ایجوکیشن مراکز کی بحالی اور فوری تعمیر و مرمت کی جائے گی۔ پنجاب میں 16 سے 18 سال کے سپیشل بچوں کی کمپیوٹر ٹریننگ شروع کر دی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آئندہ سیلاب سے تحفظ اور ریلیف ریسکیو کیلئے جنگی بنیادوں پر کام شروع کرنے کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بارش کے پانی کو [illegible] مریم نواز ہیلتھ کلینک کے او پی ڈی میں 35 لاکھ مریضوں کا علاج کیا گیا۔ مریم نواز ہیلتھ کلینک میں او پی ڈی، اے این سی، ڈیلیوری، پی این سی، ایف پی اور چائلڈ ایمونائزیشن کی سہولیات میسر ہیں۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ پنجاب میں پہلی بار کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹر پروگرام کا پنجاب کے چار اضلاع میں پائلٹ پراجیکٹ کے تحت 57077 گھروں میں مقیم 63618 خاندان کے 303624 افراد رجسٹرڈ کیے

بلوچستان کے قبائلی معاشرے میں سیاست قبائلی روایات کے مطابق کی جاتی ہے، وڈیرہ غلام رسول ہجوانی

صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی کی کارکردگی کھلی کتاب کی مانند ہے موصوف کی کارکردگی سے مخالفین بوکھلاٹ کا شکار ہیں

اوستہ محمد (رپورٹ حنیف بلوچ) نصیرآباد کے معروف قبائلی شخصیت سیاسی وسماجی رہنما وڈیرہ غلام رسول ہجوانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے قبائلی معاشرے میں سیاست قبائلی روایات کے مطابق کی جاتی ہے بزرگ سیاستدان نصیرآباد کے محسن صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی کے خلاف صوبائی وزیر انجینئر عبدالمجید بادینی کی غیر اخلاقی تنقید کی پرزور مذمت کرتے ہیں صوبائی وزیر انجینئر عبدالمجید بادینی نے نصیرآباد کی غیور عوام کی توہین کی ہے انہیں معافی مانگنا ہوگا صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی کی کارکردگی کھلی کتاب کی مانند ہے موصوف کی کارکردگی سے مخالفین بوکھلاٹ کا شکار ہیں ان خیالات کا اظہار وڈیرہ غلام رسول ہجوانی نے بولان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی وزیر انجینئر عبدالمجید بادینی اپنی سیاسی ساک بچانے کے لیے اور زرعی پانی کی شارٹ فال پر اپنی سیاسی دکان چمکانے کے لیے کردارکشی کرنے پر اتر آئے ہیں

خیبر پختونخوا اسمبلی میں پی ٹی آئی کے رکن اپنی ہی حکومت اور پارٹی قیادت پر برس پڑے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اسمبلی میں پی ٹی آئی کے رکن اپنی ہی حکومت اور پارٹی قیادت پر برس پڑے اور کارکردگی کا پوسٹ مارٹم کر ڈالا۔ خیبر پختونخوا اسمبلی اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے حکومتی رکن شاہ تراب خان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں پاکستان تحریک انصاف کو دوتہائی اکثریت بانی پی ٹی آئی کی وجہ سے ملی، بانی پی ٹی آئی گزشتہ 3 برس سے جیل میں ہیں

حب۔ جام گروپ کے سینئر رہنما و جنرل کونسلر حب وڈیرہ زبیر گجر سے ان کے چچا کے انتقال پر رکن سندھ اسمبلی انیل کمار رتنانی، چیئرمین ضلع کونسل حب جاوید جمالی، حاجی ملوک بنگلزئی، اے ٹی او ایکسائز حاجی رحیم مری، سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس حب شیر محمد بلوچ، صدرالدین سمیت دیگر تعزیت کر رہے ہیں

غلامانی اور شاہوک برادری کے درمیان عرصہ دراز سے جاری تنازع خوش اسلوبی سے حل

درگاہ شاہ نورانی کے خلفاء کرام، علاقائی معززین، معتبرین، عمائدین اور دونوں برادریوں کے نمائندگان بھی بڑی تعداد میں موجود تھے

حب (نمائندہ بولان) سردارزادہ محمد عرفان بھوتانی کی سربراہی بھوتانی ہاؤس دریجی میں غلامانی اور شاہوک برادری کے درمیان عرصہ دراز سے جاری تنازع خوش اسلوبی سے حل کر لیا گیا اس موقع پر درگاہ شاہ نورانی کے خلفاء کرام، علاقائی معززین، معتبرین، عمائدین اور دونوں برادریوں کے نمائندگان بھی بڑی تعداد میں موجود تھے، سردارزادہ محمد عرفان بھوتانی نے فریقین کا مؤقف تحمل اور بردباری سے سنا اور باہمی مشاورت کے بعد ایسا متفقہ فیصلہ دیا جسے دونوں برادریوں نے خوش دلی سے قبول کر لیا فیصلے کے بعد غلامانی اور شاہوک برادری کے نمائندوں نے تمام اختلافات ختم کرتے ہوئے بھائی چارے، امن، محبت اور باہمی احترام کے ساتھ رہنے کے عزم کا اظہار کیا اس موقع پر مقررین نے کہا کہ قبائلی روایات، بزرگوں کی رہنمائی اور باہمی افہام وتفہیم کے ذریعے تنازعات کا پرامن حل ہی علاقے میں دیرپا امن، اتحاد اور یکجہتی کی بنیاد ہے علاقے کے عوام نے سردارزادہ محمد عرفان بھوتانی کی اس اہم کاوش کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے فیصلے نہ صرف دونوں برادریوں کے درمیان ہم آہنگی کو فروغ دیتے ہیں بلکہ پورے علاقے میں امن واستحکام کے قیام میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں

سعودی عرب نے ملٹی پل انٹری ویزا متعارف کرا دیا، ایک سال میں متعدد بار عمرے کی اجازت

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی وزارت حج وعمرہ نے اللہ کے مہمانوں کی سہولت کیلئے پالیسی میں بڑی تبدیلی کرتے ہوئے ایک نئی سہولت کا آغاز کر دیا۔ سعودی عرب کی سرکاری پریس ایجنسی کے مطابق خادم حرمین شریفین کے حکم پر معتمرین کے لیے ایک سالہ ملٹی پل انٹری عمرہ ویزا متعارف کرا دیا ہے۔ ملٹی پل انٹری عمرہ ویزا کے تحت بیرونِ ملک سے آنے والے معتمرین ایک سال کے دوران متعدد بار سعودی عرب میں داخل ہو سکیں گے

حب۔ جام گروپ کے سینئر رہنما و جنرل کونسلر حب وڈیرہ زبیر گجر سے ان کے چچا کے انتقال پر مختلف مکتبہ فکر کے لوگ تعزیت وفاتحہ خوانی کر رہے ہیں

عالمی یوم آبادی کی مناسبت سے فلاحی مرکز کولپور میں ایک رنگا رنگ "بے بی شو" کا انعقاد

بچوں کی صحت، وزن، صفائی ستھرائی اور غذائی نشوونما کی بنیاد پر بہترین بچوں کا انتخاب کیا گیا

بھاگ (نمائندہ بولان) صوبائی وزیر آغا محمد عمر احمدزئی، سیکرٹری بہبود آبادی ظفر احمد بلیدی اور ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن غلام مصطفیٰ کی خصوصی ہدایات پر ضلعی آفیسر بہبود آبادی ضلع کچھی میر جاوید بلوچ کی زیرِ نگرانی عالمی یوم آبادی کی مناسبت سے فلاحی مرکز کولپور میں ایک رنگا رنگ "بے بی شو" کا انعقاد کیا گیا، جس میں علاقہ بھر سے خواتین اور بچوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں صحت مند بچوں کے درمیان مقابلہ منعقد ہوا، جس میں بچوں کی صحت، وزن، صفائی ستھرائی اور غذائی نشوونما کی بنیاد پر بہترین بچوں کا انتخاب کیا گیا۔ اس موقع پر ماں اور بچے کی صحت سے متعلق شعور اجاگر کرنے پر خصوصی توجہ دی گئی۔ فیلڈ ٹیکنیکل آفیسر محترمہ رضیہ افضل نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بچوں کی پیدائش میں مناسب وقفے، خاندانی منصوبہ بندی، اور اس کے ماں و بچے کی صحت پر مثبت اثرات سے متعلق مفید معلومات فراہم کیں۔ دیگر مقررین فیملی ویلفیئر کونسلر شائستہ اختر، راشدہ جبیں، لال گل، فوزیہ بی بی، شائلہ کنول اور بابو گیان چند نے بھی خطاب کرتے ہوئے خاندانی منصوبہ بندی کے فروغ میں عوامی شمولیت کی اہمیت پر زور دیا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی، ضلعی آفیسر بہبود آبادی میر جاوید بلوچ نے اپنے خطاب میں کہا کہ عالمی یوم آبادی منانے کا مقصد بڑھتی ہوئی آبادی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے عوام میں شعور بیدار کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتِ بلوچستان منسٹر آغا محمد عمر احمدزئی، سیکرٹری بہبود آبادی ظفر احمد بلیدی اور ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن غلام مصطفیٰ کی رہنمائی میں تعلیم، صحت اور روزگار کی فراہمی کے ساتھ ساتھ چھوٹے خاندان کے تصور کو فروغ دینے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بڑھتی ہوئی آبادی ملکی وسائل پر بوجھ ہے، جس سے نمٹنے کے لیے محکمہ بہبود آبادی رورل ہیلتھ سینٹرز، فیملی ویلفیئر سینٹرز، موبائل سروس یونٹس اور سوشل موبیلائزرز کے ذریعے عوام کو آگاہی، مشاورت، علاج اور ادویات کی سہولیات فراہم کر رہا ہے۔ پروگرام کے اختتام پر بہترین کارکردگی دکھانے والے بچوں اور شریک خواتین میں انعامات بھی تقسیم کیے گئے، جس سے شرکا کی حوصلہ افزائی ہوئی اور تقریب کا اختتام خوشگوار ماحول میں ہوا۔ آخر میں میر جاوید بلوچ نے صحافیوں، اساتذہ، طلبہ، نوجوانوں، انجینیئرز، سماجی کارکنوں، سیاستدانوں اور کاروباری افراد سمیت تمام شعبہ ہائے زندگی سے اپیل کی کہ وہ ملک کی ترقی، خوشحالی اور پائیدار مستقبل کے لیے بڑھتی ہوئی آبادی پر قابو پانے کے عمل میں حکومت کا بھرپور ساتھ دیں۔

جاپان میں 25 ہزار افراد کی فوجی توسیع کیخلاف احتجاجی ریلی

ٹوکیو (این این آئی) تقریباً 25 ہزار جاپانی شہریوں نے جاپانی ڈائٹ کے سامنے ایک بڑی احتجاجی ریلی نکالی۔ مظاہرین نے سانائے تاکائچی حکومت کی جانب سے امن پسند آئین میں ترمیم، ہتھیاروں کی برآمدات سے متعلق پابندیوں میں نرمی اور تین غیر جوہری اصولوں میں تبدیلی کی کوششوں کے خلاف احتجاج کیا۔ مظاہرین نے کہا کہ جاپان جنگ کے بعد اختیار کیے گئے امن پسند راستے سے تیزی سے دور ہوتا جا رہا ہے۔ ان کے مطابق حکومت کی آئینی ترامیم کا مقصد

راولپنڈی؛ طالبہ کو راہ چلتے غیر اخلاقی حرکات کر کے ہراساں کرنے میں ملوث ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ چکلالہ کے علاقے میں طالبہ کو راہ چلتے غیر اخلاقی حرکات کر کے ہراساں کرنے میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق طالبہ کی والدہ نے موقف اختیار کیا کہ میری بیٹی پڑھنے جا رہی تھی، عاقب نامی ملزم نے دیکھ کر نازیبا حرکات کیں اور جملے کسے جس پر مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کی گئی

بدین۔ مبینہ اغوا شدہ لڑکی کی بازیابی اور ملزمان کی عدم گرفتاری کے خلاف ورثا بدین پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کر رہے ہیں۔

میونسپل کارپوریشن حب کے جنرل کونسلر وڈیرہ زبیر گجر کے چچا انتقال کر گئے

مرحوم کی نماز جنازہ حاجی مراد گجر گوٹھ میں ادا کی گئی بعدازاں مرحوم کو ان کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

حب (نمائندہ بولان) جام گروپ کے سینئر رہنما و میونسپل کارپوریشن حب کے جنرل کونسلر وڈیرہ زبیر گجر کے چچا انتقال کر گئے، مرحوم کی نماز جنازہ حاجی مراد گجر گوٹھ میں ادا کی گئی بعدازاں مرحوم کو ان کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں حب کی سیاسی وسماجی شخصیات، قبائلی عمائدین، سرکاری افسران و کونسلران نے کثیر تعداد میں شرکت کی علاوہ ازیں لال خان گجر کے بھائی، جام گروپ میونسپل کارپوریشن حب کے کونسلر وڈیرہ زبیر گجر کے چچا، عبدالعزیز گجر کے والد اچار خان گجر کے انتقال پر مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے مراد گجر گوٹھ جا کر تعزیت وفاتحہ خوانی کی تعزیت کرتے والوں میں رکن صوبائی اسمبلی سندھ انیل کمار رتنانی، ڈسٹرکٹ چیئرمین جاوید جمالی، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر ضلعی نائب صدر حاجی ملوک بنگلزئی، سپرنٹنڈنٹ ڈپٹی کمشنر حب شیر محمد بلوچ، ای ٹی او ایکسائز حاجی رحیم مری، شفیق بنگلزئی، مشتاق بنگلزئی، مجاہد جمالی، میر عبدالصمد سالانی، جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی سالار حاجی ثناء اللہ لانگو سابق چیئرمین حب وڈیرہ بابو فیض محمد شیخ ماسٹر سلیمان رونجھو ماسٹر عبدالعزیز رونجھو ماسٹر حمیداللہ ڈگارزئی ڈی ڈی او دریجی شہاب الدین گدور وڈیرہ رشید گجر جاوید گجر شوکت گجر محمود پالاری رفیق وڈیرہ بخشی گجر عبدالغفور گجر وائس چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب، ساکران یکجہتی کمیٹی کے چیئرمین لالا مری، کونسلر اکبر جاموٹ، صحافی خضر طارق، محمد اشرف سیال، مصطفیٰ شیخ، چیئرمین حسن پیر، وڈیرہ عبدالعزیز گرگناڑی کونسلر گھنشام داس بھوتانی عوامی کارواں کے رہنما فرید دلاری، شوکت بگٹی، حضور بخش بگٹی اور رابطہ سیکرٹری حب پریس کلب لعل محمد برفت سمیت دیگر شامل تھے

ٹک ٹاک تنازع، راولپنڈی میں ٹک ٹاکر کے قتل میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سول لائن کے علاقے لالکرتی میں ٹک ٹاک ویڈیو اپ لوڈ کرنے کے تنازع پر ٹک ٹاکر کے قتل اور اس کے دوست کو زخمی کرنے کے مقدمے میں پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ہونے والا مرکزی ملزم بھی ٹک ٹاکر ہے اور دونوں فریقین ایک دوسرے کے خلاف ٹک ٹاک پر ویڈیوز اپ لوڈ کرتے رہتے تھے۔ پولیس کے مطابق مقدمہ مقتول علی رضا کے بہنوئی عبداللہ خان کی مدعیت میں درج کیا گیا۔

مقامی ملازمین اور گاؤں والوں پر درج جھوٹے مقدمے کی شدید الفاظ میں مذمت

ٹھٹہ جھیل کے سیاحتی مرکز کو بچانے اور حادثات میں ریسکیو کا کام کرنے میں مقامی لوگوں کا اہم کردار ہے، دادا آدم گندرو

ٹھٹہ (رپورٹ واحد شورو) سندھ ملاح تحریک [illegible]

رکن قومی ایاز شاہ شیرازی بدین پریس کلب کے وفد سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کے علاوہ گروپ فوٹو

نوابزادہ میر عامر علی خان مگسی کی جانب سے شروع کیے گئے ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں کارنر میٹنگ

نوابزادہ میر نادر علی خان مگسی کے پرسنل سیکریٹری عبدالحمید کمبوہ نے اس تقریب میں مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کی

بہرام (رپورٹ: محمد صادق کھوسو) پاکستان پیپلز پارٹی کے ایم این اے نوابزادہ میر عامر علی خان مگسی کی جانب سے شروع کیے گئے ترقیاتی کاموں جن میں بجلی کا ٹرانسفارمر نصب کرنا، پیور بلاکس لگانا اور نکاسی آب کے نظام میں بہتری لانا شامل ہیں کے سلسلے میں 'بہرہ سونارا' محلے میں ایک کارنر میٹنگ منعقد ہوئی۔ نوابزادہ میر نادر علی خان مگسی کے پرسنل سیکریٹری عبدالحمید کمبوہ نے اس تقریب میں مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کی، جبکہ بڑی تعداد میں مقامی رہائشی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ آمد پر مہمانوں کا پھولوں سے استقبال کیا گیا اور میزبانوں نے انہیں پھولوں کے ہار پہنائے۔ اس موقع پر میر شاہ جہاں خان مگسی، سجاد علی گوپانگ اور عنایت حسین لاکھو بھی موجود تھے۔ اس تقریب میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی، جن میں عارف علی مگسی، عبدالرحمٰن جونیجو، خان محمد، شیر علی، نور حسین مگسی، ثناء اللہ سانگہ، گل حسن بھٹو، محمد رفیق گوپانگ، شاہنواز جونیجو، غلام عباس جاگیرانی، غلام سرور گوپانگ، شہید غلام عباس، روشن علی اور حکیم علی شامل تھے۔ اس موقع پر میزبانوں، مختار علی کھوسو اور سہراب خان کھوسو نے کہا کہ یہ کارنر میٹنگ ان رہنماؤں کا شکریہ ادا کرنے کے لیے منعقد کی گئی ہے جو اچھے اور برے دونوں حالات میں عوام کے ساتھ کھڑے رہے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کو یقینی بنایا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ انشاء اللہ، آئندہ انتخابات میں فعال عہدیداران کی بھرپور حمایت کی جائے گی۔

مولانا حیات اللہ اور عبدالغنی کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ پہنچ کر دلی تعزیت کا اظہار

فاتحہ خوانی کی اور مرحومہ کے لیے مغفرت، بلندی درجات اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کی دعا کی

حب (پ ر) جمعیت علماء اسلام صوبہ بلوچستان کی مجلسِ شوریٰ کے رکن اور ضلع حب کے جنرل سیکریٹری مولانا شاہ محمد صدیقی، تحصیل حب کے امیر قاری عبیداللہ، مفتی عبدالولی، مولانا زین اللہ، حافظ محمد صادق، مولانا عبدالخالق، نجم الدین کاکڑ، نصرالدین کاکڑ، حاجی محمد ابراہیم اور دیگر سینئر رہنماؤں نے حاجی عبدالواحد کاکڑ (المرکز ہوٹل والے) کی اہلیہ، نیز مولانا حیات اللہ اور عبدالغنی کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ پہنچ کر دلی تعزیت کا اظہار کیا، فاتحہ خوانی کی اور مرحومہ کے لیے مغفرت، بلندی درجات اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کی دعا کی، وفد نے سوگوار خاندان کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ عطاء فرمائے اور تمام اہل خانہ کو یہ عظیم صدمہ صبر واستقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

حب کو کونسلروں کے وفد کی کے الیکٹرک حب کے جنرل منیجر رضا حسین میمن سے ملاقات

جی ایم کے الیکٹرک نے جی ایم کے الیکٹرک نے وفد کو مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون اور متعلقہ امور پر اقدامات کی یقین دہانی کرائی

حب (نمائندہ بولان) چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی کی خصوصی ہدایت پر میونسپل کارپوریشن حب کے کونسلران کا ایک وفد بشیر احمد مگسی کی قیادت میں کے الیکٹرک حب کے جنرل منیجر رضا حسین میمن سے ان کے آفس میں ملاقات کی وفد میں کونسلران عبدالرزاق لاسی، عبدالوہاب رند، نواز دودا، ارباب محمد حسنی، ڈاکٹر شیر جان بلوچ، اقبال مگسی دیگر موجود تھے اس موقع پر حب میں لوڈشیڈنگ، بجلی کے بلوں اور دیگر مسائل پر کے الیکٹرک حکام سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور شہریوں کو درپیش مشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے ان کے فوری حل کا مطالبہ کیا، جی ایم کے الیکٹرک نے جی ایم کے الیکٹرک نے وفد کو مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون اور متعلقہ امور پر اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔

پینے اور استعمال کے نہری پانی کے عدم فراہمی خلاف خالی برتن اٹھا کر احتجاجی مظاہرہ

پانی کے نام پر کرپشن کرنے والوں کی نیب سے تحقیقات کرائی جائے بصورت دیگر سخت احتجاج کیا جائے گا

شہدادکوٹ (رپورٹ: شبیر لمبوہ) شہدادکوٹ میں سنگل سیکشن سکول محلّہ کے رہائشیوں خواتین اور بچوں نے پینے اور استعمال کے نہری پانی کے عدم فراہمی خلاف خالی برتن اٹھا کر احتجاجی مظاہرہ کر کے پانی پانی کربلا کے نعرہ بازی کی۔ شہدادکوٹ میں واٹر سپلائی پمپنگ اسٹیشن سے نہری پانی کی عدم فراہمی خلاف احتجاج کرنے والی خواتین مسمات سریا خشک تبسم خشک سمیا خشک اور دیگر نے کہا کہ ہمارے محلّہ کا پانی 3 ماہ سے بند کر کے ان کے ساتھ ظلم کیا جا رہا ہے ان کا کہنا تھا کہ میونسپل چیئرمین سے بارہا شکایت کی لیکن پانی فراہم نہیں کیا گیا حلقے کے ایم پی اے میر نادر خان مگسی سے اپیل کی کہ وہ پانی کے مسئلے کا نوٹس لیں اور شہریوں کو پانی فراہم کر کے شہریوں کو بچائیں لیکن کوئی تدارک نہیں ہوا مجبور ہو کر احتجاج کر رہے ہیں انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ شہریوں کو نہری پانی کی فراہمی یقینی بنا کر بنیادی سہولت فراہم کی جائے اور پانی کے نام پر کرپشن کرنے والوں کی نیب سے تحقیقات کرائی جائے بصورت دیگر سخت احتجاج کیا جائے گا۔

بدین۔ سماجی کارکن منظور آریسر کی گاڑی پر مسلح حملہ کے بعد سیاسی سماجی رہنما بدین تھانہ پر احتجاج کر رہے ہیں

روحانی طلبہ جماعت کے بین الصوبائی وفد نمبر 11 کا ضلع حب ولسبیلہ کا کامیاب سہ روزہ تنظیمی وتبلیغی دورہ اختتام پذیر

دودا گوٹھ، گلشنِ طاہریہ بھوانی، وندر، المرکز طاہرآباد باندیکہ اور دیگر مقامات پر متعدد تنظیمی نشستیں منعقد ہوئیں،

حب (پ ر) روحانی طلبہ جماعت کے بین الصوبائی وفد نمبر 11 کا ضلع حب ولسبیلہ کا کامیاب سہ روزہ تنظیمی وتبلیغی دورہ اختتام پذیر تفصیلات کے مطابق روحانی طلبہ جماعت پاکستان کے بین الصوبائی وفد نمبر 11 نے گروپ لیڈر محمد شہباز طاہری اور محمد سامین طاہری کی قیادت میں ضلع حب و لسبیلہ بلوچستان کا سہ روزہ تنظیمی وتبلیغی دورہ مکمل کیا، اس دوران دودا گوٹھ، گلشنِ طاہریہ بھوانی، وندر، المرکز طاہرآباد باندیکہ اور دیگر مقامات پر متعدد تنظیمی نشستیں منعقد ہوئیں، نشستوں کے دوران خلیفہ اکرام جن میں خلیفہ محمد موسیٰ منگیانی خلیفہ بلال احمد حبوی طاہری خلیفہ فقیر محمد انگاریہ طاہری معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور معزز مہمانوں کے ساتھ مرکزی، صوبائی، ضلعی اور برانچز کے عہدیداران، کارکنان اور طلبہ نے بھرپور شرکت کی، دورے کے دوران وفد کا مختلف مراکز پر پرتپاک استقبال کیا گیا، پھولوں کے ہار اور روایتی اجرک پیش کر کے محبت وعقیدت کا اظہار کیا گیا، نشستوں میں برانچز، ضلع حب، فنانس، پریس اور دیگر شعبہ جات کی کارکردگی رپورٹس پیش کی گئیں، جبکہ تنظیمی استحکام، دعوتی و تعلیمی سرگرمیوں، نوجوانوں کی تربیت اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، مرکزی وصوبائی قائدین نے ضلع حب کی تنظیمی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کارکنان کو مزید اخلاص، اتحاد اور جذبہ خدمت کے ساتھ جماعتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کی تلقین کی،

امت الحفیظ نیلی دو کمسن لڑکیوں کی زبردستی اور کم عمری میں کی جانے والی شادی رکوا دی

گجو پولیس کے مؤثر اور بھرپور تعاون سے دونوں بچیوں کو محفوظ تحویل میں لے کر ان کے والدین کے حوالے کر دیا گیا

ٹھٹھ (رپورٹ واحد شورو) انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ لیگل ونگ کی ممبر ایڈووکیٹ امت الحفیظ نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے گجو سے تعلق رکھنے والی دو کمسن لڑکیوں کی زبردستی اور کم عمری میں کی جانے والی شادی رکوا دی۔ گجو پولیس کے مؤثر اور بھرپور تعاون سے دونوں بچیوں کو محفوظ تحویل میں لے کر ان کے والدین کے حوالے کر دیا گیا۔ اس موقع پر ایڈووکیٹ امت الحفیظ نے کہا کہ کم عمری کی شادی نہ صرف ملکی قوانین بلکہ بچوں کے بنیادی انسانی حقوق کی بھی سنگین خلاف ورزی ہے۔ ہر بچے کو تعلیم، صحت، تحفظ اور اپنی مرضی سے بہتر مستقبل کا حق حاصل ہے، جسے کسی بھی صورت میں سلب نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ ہر اس عمل کے خلاف آواز بلند کرتی رہے گی جو بچوں، خواتین یا کسی بھی کمزور طبقے کے حقوق کو پامال کرے۔ انہوں نے پولیس کی بروقت کارروائی اور مکمل تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور انسانی حقوق کے کارکنوں کا باہمی تعاون معاشرے میں انصاف، تحفظ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ایڈووکیٹ امت الحفیظ نے والدین سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنی بچیوں کی تعلیم، تربیت اور روشن مستقبل کو ترجیح دیں

ضلع سوراب میں کھیلوں کی زبوں حالی، سرکاری سرگرمیوں کی بحالی کا مطالبہ

گراؤنڈز کو بہتر بنایا جائے اور نوجوانوں کے لیے کھیلوں کے مواقع فراہم کیے جائیں

سوراب (نامہ نگار) کرکٹ ایسوسی ایشن ضلع سوراب کے صدر حاجی پیر جان زہری نے کہا ہے کہ گزشتہ تین برسوں سے ضلع میں سرکاری سطح پر کھیلوں کی سرگرمیاں تقریباً معطل ہیں، جس کے باعث نوجوان اپنی صلاحیتوں کے اظہار سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹ اور فٹ بال گراؤنڈ بنیادی سہولیات سے محروم ہیں اور کھلاڑیوں کو سرکاری سرپرستی میسر نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر کھیلوں کے فروغ پر فوری توجہ دی جائے تو سوراب کے باصلاحیت نوجوان صوبائی اور قومی سطح پر نمایاں مقام حاصل کر سکتے ہیں۔ حاجی پیر جان زہری نے ڈپٹی کمشنر سوراب، محکمہ کھیل بلوچستان اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ ضلع میں کرکٹ، فٹ بال اور دیگر کھیلوں کے سرکاری ٹورنامنٹس کا فوری آغاز کیا جائے، گراؤنڈز کو بہتر بنایا جائے اور نوجوانوں کے لیے کھیلوں کے مواقع فراہم کیے جائیں۔

مختلف ممالک سے بھیک مانگنے پر ہزاروں پاکستانی ڈی پورٹ کیے گئے، انکشاف

رواں سال سعودی عرب، یو اے ای اور آذربائیجان سے ہزاروں افراد کو بھیک مانگنے پر آف لوڈ کیا گیا، ڈی جی ایف آئی اے

گزشتہ برسوں میں غیر قانونی جانے والے افراد میں پاکستان ٹاپ 5 ملکوں میں تھا لیکن اب ہماری پالیسیوں سے پاکستان ٹاپ فائیو ملکوں سے نکل گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) [illegible] جبکہ اس سال یو اے ای نے 6 ہزار پاکستانیوں کو بھیک مانگنے پر ڈی پورٹ کیا اور آذربائیجان سے بھی ڈھائی ہزار پاکستانی بھکاریوں کو ڈی پورٹ کیا گیا۔ انہوں نے قومی اسمبلی کی کمیٹی کو بتایا کہ جو لوگ عمرے کا [illegible] کی پاسپورٹ رینکنگ 118 سے 92 نمبر پر آئی، گزشتہ برسوں میں غیر قانونی جانے والے افراد میں پاکستان ٹاپ 5 ملکوں میں تھا لیکن اب ہماری پالیسیوں سے پاکستان ٹاپ فائیو ملکوں سے نکل گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ [illegible] نے کہا کہ زمبابوے میں ہمارے سفیر نے بتایا ایتھوپیا اور زیمبیا سے غیر قانونی طریقے سے لوگ یورپ جا رہے ہیں، ایک جعلی فٹبال کلب نے ٹیم کو جاپان بھیجا، ایک لنگڑا شخص بھی فٹبال ٹیم کے ساتھ چلا گیا۔

شیخ زاید ہسپتال لاہور میں پہلی کامیاب روبوٹک گھٹنے کی سرجری

لاہور (این این آئی) شیخ زاید ہسپتال لاہور نے طبی شعبے میں ایک اہم سنگِ میل عبور کرتے ہوئے پنجاب کے پبلک سیکٹر میں پہلی بار روبوٹک طریقے سے گھٹنے کی کامیاب تبدیلی (روبوٹک ٹوٹل نی آرتھروپلاسٹی) انجام دے دی۔ ذرائع کے مطابق اس کامیابی کے ساتھ شیخ زاید ہسپتال جدید روبوٹک ٹیکنالوجی استعمال کرنے والا پہلا سرکاری ہسپتال بن گیا ہے۔ یہ جدید سرجری پروفیسر ڈاکٹر واصف علی نے RECH International کے اشتراک سے انجام دی،

اسپورٹس کمپلیکس میں فیفا ورلڈ کپ 2026 کا فائنل بڑی اسکرین پر براہِ راست دکھایا گیا

سید تنویر حیدر شاہ شیرازی، ضلعی انتظامیہ کے افسران، کھیلوں کے شائقین اور نوجوانوں کی بڑی تعداد نے میچ دیکھا

ٹھٹھ (رپورٹ واحد شورو) اسپورٹس کمپلیکس میں فیفا ورلڈ کپ 2026 کا فائنل بڑی اسکرین پر براہِ راست دکھایا گیا صوبائی وزیر کھیل وامور نوجوانان سردار محمد بخش خان مہر اور سیکریٹری اسپورٹس منور علی مہیسر کی خصوصی ہدایات پر ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر ٹھٹھ علی اظہر بروہی کے زیرِ انتظام اسپورٹس کمپلیکس ٹھٹھ میں پہلی بار فیفا ورلڈ کپ 2026 کے فائنل میچ کی بڑی اسکرین پر براہِ راست نشریات کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر سید ریاض حسین شاہ شیرازی، سید تنویر حیدر شاہ شیرازی، ضلعی انتظامیہ کے افسران، کھیلوں کے شائقین اور نوجوانوں کی بڑی تعداد نے میچ دیکھا۔ فائنل میں اسپین نے شاندار اور سنسنی خیز مقابلے کے بعد ارجنٹائن کو شکست دے کر فیفا ورلڈ کپ 2026 کی ٹرافی اپنے نام کر لی، جس پر اسٹیڈیم میں موجود شائقین نے بھرپور جوش وخروش کا اظہار کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر سید ریاض حسین شاہ شیرازی نے کہا کہ فٹبال دنیا کے مقبول ترین کھیلوں میں سے ایک ہے اور انہیں بھی اس کھیل سے خصوصی دلچسپی ہے

حب۔ سردارزادہ عرفان صالح بھوتانی غلامانی اور شاہوک برادری کے درمیان جاری تنازع کا فیصلہ کرا رہے ہیں اس موقع پر درگاہ شاہ نورانی کے خلفاء کرام، علاقائی معززین، معتبرین، عمائدین اور دونوں برادریوں کے نمائندگان بھی بڑی تعداد میں موجود ہیں

ضلع ٹھٹھ میں پنجاب اور خیبر پختونخوا کے معزز وفود کا کامیاب تنظیمی اور روحانی دورہ

ساجد علی جوکھیو طاہری، سبحان علی جاکھرو اور دیگر کارکنان نے مہمانوں کی میزبانی کی۔ جبکہ جماعتِ اصلاح المسلمین کی باڈی نے بھی شرکت کی

ٹھٹھ (رپورٹ واحد شورو) روحانی طلبہ جماعت (RTJ) ضلع ٹھٹھ میں پنجاب اور خیبر پختونخوا کے معزز وفود کا کامیاب تنظیمی اور روحانی دورہ روحانی طلبہ جماعت ضلع ٹھٹھ کے اہتمام میں پنجاب اور خیبر پختونخوا سے آئے ہوئے معزز وفود کے اعزاز میں دوروزہ تنظیمی، تربیتی اور روحانی پروگرام منعقد کیا گیا روحانی طلبہ جماعت ضلع ٹھٹھ کے پریس سیکریٹری ساجد علی جوکھیو طاہری نے صحافیوں کو بتایا کہ پروگرام میں ضلع ٹھٹھ کی مختلف برانچوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ساتھیوں نے بھرپور شرکت کی پنجاب سے آئے ہوئے مہمانانِ خصوصی زیشان وارث طاہری ضلع رحیم یار خان اور عبدالقادر طاہری ضلع فیصل آباد سمیت دیگر معزز مہمانوں کا سندھ کی ثقافتی روایت کے مطابق اجرک پہنا کر، پھولوں کے ہار پہنا کر محبت اور عزت کے ساتھ استقبال کیا گیا مرکزی سینئر سجن علی جوکھیو طاہری نے استقبالیہ خطاب کرتے ہوئے مہمانوں کو خوش آمدید کہا اس موقع پر روحانی طلبہ جماعت ضلع ٹھٹھ کے ذمہ داران افضل جاکھرو، دلدار علی طاہری، نظام الدین جاکھرو، غلام حیدر بروہی طاہری، ساجد علی جوکھیو طاہری، سبحان علی جاکھرو اور دیگر کارکنان نے مہمانوں کی میزبانی کی۔

امریکا کا لبنان میں پائلٹ زون بنانے کا اعلان، اسرائیلی فوج کا انخلا بھی ہوگا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے اعلان کیا ہے کہ جنوبی لبنان میں جنگ بندی معاہدے پر عمل درآمد کے لیے پہلے پائلٹ زونز میں کارروائیاں باضابطہ طور پر شروع کر دی گئی ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اس بات کا اعلان امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان ٹومی پگوٹ نے میڈیا کو جاری کیے گئے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انھوں نے بتایا کہ جنوبی لبنان کے علاقوں فرون، صریفہ اور وطر الغربیہ میں پائلٹ زونز کے لیے اقدامات 3 فریقی فریم ورک اور ملٹری کوآرڈینیشن گروپ برائے لبنان کی نگرانی میں کیے جا رہے ہیں۔

حب۔ ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ساؤتھ زون محمد زمان خان۔ اے ڈی سی علی رضا کھوسہ، وائس چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل حب کمال خان محمد حسنی، سابق چیئرمین حب وڈیرہ بابو فیض محمد شیخ، اکبر عاجز، سینئر صحافی راؤ اختر علی، لعل محمد برفت، غلام مرتضیٰ شیخ، محمد نواز و دیگر نادرا آفس حب کے انچارج نصیر احمد سے ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت وفاتحہ خوانی کر رہے ہیں

دفاعِ پاکستان ونگ کے چیئرمین سید حسین شاہ الطاف شیرازی کی زیرِ صدارت اہم اجلاس

14 اگست یومِ آزادی پاکستان کی تقریبات کے انعقاد، قومی یکجہتی کے فروغ اور ملک کی موجودہ سیکیورٹی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

ٹھٹھ (رپورٹ واحد شورو) دفاعِ پاکستان ونگ کے چیئرمین سید حسین شاہ الطاف شیرازی کی زیرِ صدارت اہم اجلاس، تنظیم سازی، یومِ آزادی کی تقریبات اور قومی سلامتی کے امور پر مشاورت دفاعِ پاکستان ونگ کے چیئرمین سید سعید حسین شاہ الطاف شیرازی کی زیرِ صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تنظیمی امور، تنظیم سازی کو مزید مؤثر اور فعال بنانے، 14 اگست یومِ آزادی پاکستان کی تقریبات کے انعقاد، قومی یکجہتی کے فروغ اور ملک کی موجودہ سیکیورٹی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے آغاز میں وطنِ عزیز پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی، جبکہ شہدائے پاکستان کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے درجات کی بلندی کے لیے فاتحہ خوانی اور خصوصی دعا بھی کی گئی۔ اجلاس میں تنظیم کے عہدیداران، جس میں لیڈیز ونگ صدر میڈیم زورہ جاکھرو صدر عبدالمنان ترین بابو ابر بلوچ احسان ی گلزار احمد اراکین اور دیگر شرکا نے شرکت کی اور تنظیم کی آئندہ سرگرمیوں، عوامی رابطہ مہم، قومی یکجہتی اور یومِ آزادی کی تقریبات کو بھرپور انداز میں منانے کے حوالے سے اپنی تجاویز پیش کیں۔ اجلاس میں بلوچستان کی امن و امان کی صورتحال پر بھی غور کیا گیا، جہاں شرکا نے واضح کیا کہ دہشت گردی اور ریاست مخالف سرگرمیوں کے خاتمے کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قانونی ذمہ داریوں کی انجام دہی کی حمایت کی جاتی ہے، اور اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ملک میں امن، استحکام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے کی جانے والی قانونی کارروائیوں کی مکمل تائید کی جائے گی۔ اس موقع پر دفاعِ پاکستان کے چیئرمین سید الطاف حسین شاہ شیرازی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہمارے بزرگوں کی عظیم قربانیوں کا ثمر ہے، جس کی حفاظت، استحکام اور ترقی ہم سب کی قومی واخلاقی ذمہ داری ہے۔ ہمیں اتحاد، نظم وضبط اور حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ ملک کی خدمت کرنی چاہیے۔ 14 اگست صرف جشنِ آزادی منانے کا دن نہیں بلکہ شہدائے پاکستان کی قربانیوں کو یاد کرنے، قومی یکجہتی کو فروغ دینے اور نئی نسل میں وطن سے محبت کے جذبے کو بیدار کرنے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی، انتہاپسندی اور ریاست مخالف عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کیے جانے والے اقدامات ملک کے امن واستحکام کے لیے ناگزیر ہیں، اور دفاعِ پاکستان ہر ایسے اقدام کی حمایت کرتا ہے جو آئین وقانون کے دائرے میں رہتے ہوئے پاکستان کے امن، سلامتی اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنائے۔ دفاعِ پاکستان ہر سطح پر قومی مفاد، اتحاد اور عوامی خدمت کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

راہول گاندھی کی مودی حکومت پر شدید تنقید، نوجوانوں کے مستقبل سے کھیلنے کا الزام

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں اپوزیشن جماعت کانگریس کے رہنما راہول گاندھی نے وزیراعظم نریندر مودی اور ان کی حکومت پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ مودی بھارتی تاریخ کے سب سے زیادہ نوجوان مخالف وزیراعظم ہیں۔ نئی دہلی میں طلبا سے خطاب کرتے ہوئے راہول گاندھی نے کہا کہ مختلف امتحانات کے پیپر لیک ہونے کے واقعات کے باعث کروڑوں طلبا کا مستقبل داؤ پر لگ گیا ہے، لیکن حکومت اس سنگین مسئلے سے نمٹنے میں مکمل طور پر ناکام ثابت ہوئی ہے۔

ایرانی حملوں میں درجنوں امریکی فوجی زخمی ہوئے اور نقصانات چھپایا گیا، نیویارک ٹائمز

واشنگٹن (این این آئی) امریکی اخبار نے دعویٰ کیا ہے کہ ایرانی حملوں میں درجنوں امریکی فوجی زخمی، پینٹاگون پر نقصانات چھپانے کا الزام عائد کر دیا۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے اپنی رپورٹ میں دعویٰ کیا کہ اردن میں امریکی فوجی تنصیبات پر ایرانی حملوں کے نتیجے میں درجنوں امریکی فوجی زخمی ہوئے جبکہ متعدد ہیلی کاپٹروں کو بھی نقصان پہنچا۔

بہرام۔ رکن صوبائی اسمبلی نوابزادہ میر نادر علی خان مگسی کے پرسنل سیکریٹری عبدالحمید کمبوہ پیپلز پارٹی کے ایم این اے نوابزادہ میر عامر علی خان مگسی کی جانب سے شروع کیے گئے ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں منعقدہ کارنر میٹنگ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

روہڑی میں سینئر صحافی عبیداللہ شیخ کی ہمشیرہ کے گھر چوری کی واردات کو کئی روز گزر گئے

پولیس تاحال ملزمان تک پہنچنے اور مال مسروقہ برآمد کرنے میں ناکام، صحافی، شہری وسماجی تنظیموں میں تشویش کی لہر

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) روہڑی میں سینئر صحافی عبیداللہ شیخ کی ہمشیرہ کے گھر چوری کی واردات کو کئی روز گزر گئے، پولیس تاحال ملزمان تک پہنچنے اور مال مسروقہ برآمد کرنے میں ناکام، صحافی، شہری وسماجی تنظیموں میں تشویش کی لہر، بالا حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق چند روز قبل روہڑی میں نامعلوم چور عبیداللہ شیخ کی ہمشیرہ کے گھر میں داخل ہوئے اور الماریوں کے تالے توڑ کر نقدی، زیورات اور دیگر قیمتی سامان چوری کر کے فرار ہو گئے تھے واقعے کے بعد پولیس موقع پر پہنچی اور فوری کارروائی کی یقین دہانی کرائی، تاہم گزرتے دنوں کے ساتھ پولیس کی جانب سے کوئی خاطر خواہ پیش رفت سامنے نہ آ سکی ہے ذرائع کے مطابق پولیس اب متاثرہ خاندان کو وعدوں اور یقین دہانیوں پر ٹرخا کر ٹال مٹول سے کام لے رہی ہے متاثرہ جب پولیس افسران سے رابطہ کرتا ہے تو وہ بھی تفصیلات بتانے سے گریزاں ہیں اور صرف یہ کہہ کر ٹال دیا جاتا ہے کہ ہم تحقیقات اور تفتیش کر رہے ہیں روایتی سستی اور غیر سنجیدگی کے باعث ملزمان کے حوصلے مزید بڑھ گئے ہیں۔ اس واقعے پر سکھر اور روہڑی کے صحافیوں، سیاسی، سماجی اور عوامی حلقوں نے شدید تشویش کا اظہار کیا ہے

احتساب عدالت پشاور، سرکاری ادویات اسکینڈل میں گرفتار ڈاکٹر کی ضمانت کی درخواست خارج

پشاور (این این آئی) احتساب عدالت پشاور نے سرکاری ادویات اسکینڈل میں گرفتار ملزم ڈاکٹر محمد اسلام کی ضمانت کی درخواست خارج کر دی۔ احتساب جج محمد ظفر نے دائر درخواست کی سماعت کی۔ نیب پراسیکیوٹر نے دلائل دیے کہ ملزم محمد اسلام کارڈیک ٹیکنیشن ہے اور ادویات سکینڈل میں ملوث ہے، ملزم ایک نجی فارماسیوٹیکل کمپنی کے ذریعے اسکینڈل میں ملوث ہوا جبکہ ملزم نے دیگر ملزمان کی ملی بھگت سے نجی کمپنی کے حق میں 220.7 ملین روپے کے ادویات سپلائی آرڈرز جاری کیے۔

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
Mobile: 0336-6113760
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
منگل 21 جولائی 2026، بمطابق 6 صفر 1448ھ

غزہ اور لبنان پر اسرائیلی جارحیت کے نتیجے میں 92 افراد شہید

حماس کا اسرائیل کی پیش کردہ 34 قیدیوں کی فہرست سے اتفاق، کوئی بھی معاہدہ اسرائیل کے غزہ سے انخلا اور مستقل جنگ بندی سے مشروط ہے، حماس

بدشمالی غزہ میں لڑائی کے دوران اس کے 3 فوجی ہلاک ہوگئے، جس سے فلسطینی علاقے میں اس کے جانی نقصان کی تعداد 399 ہوگئی ہے، اس کے علاوہ ایک اسرائیلی فوجی زخمی بھی ہوا۔ ادھر غزہ سے یرغمالیوں کی رہائی کرانے کیلئے اسرائیلیوں نے احتجاج کیا

غزہ، تل ابیب، پیرس (اے ایف پی) غزہ پر اسرائیلی بربریت جاری، اسرائیلی فوج کے تازہ حملوں میں مزید 60 سے زائد فلسطینی شہید ہوگئے۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی طیاروں نے شجاعیہ میں مواصلاتی کمپنی پر فضائی حملہ کیا جس میں ٹاور پر کام کرتے 4 ملازمین شدید زخمی ہوئے، مقبوضہ مغربی کنارے میں بھی اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے 2 بچوں سمیت 3 فلسطینی شہید ہوئے۔ فلسطینی وزارت صحت کے مطابق غزہ میں پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران اسرائیلی حملوں میں مزید 60 سے زائد فلسطینی شہید ہوگئے ہیں، غزہ کے رہائشی علاقوں پر بھی اسرائیلی حملے جاری ہیں جس کے نتیجے میں مزید 40 فلسطینی شہید ہوگئے ہیں۔ دوسری جانب شمالی غزہ میں حماس کے حملے میں 3 اسرائیلی فوجی بھی مارے گئے۔ دوسری طرف اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ بدشمالی غزہ میں لڑائی کے دوران اس کے 3 فوجی ہلاک ہوگئے، جس سے فلسطینی علاقے میں اس کے جانی نقصان کی تعداد 399 ہوگئی ہے، اس کے علاوہ ایک اسرائیلی فوجی زخمی بھی ہوا۔ ادھر غزہ سے یرغمالیوں کی رہائی کرانے کیلئے اسرائیلیوں نے احتجاج کیا اور تل ابیب کی سڑکیں بند کرکے نیتن یاہو حکومت سے غزہ جنگ فوری بند کرنے اور یرغمالیوں کو واپس لانے کا مطالبہ کیا۔ دریں اثناء امریکی وزیر خارجہ بلنکن کا کہنا ہے کہ جنگ بندی معاہدے کے بہت قریب ہیں، یہ ہم نہ کر پائے تو آنے والی انتظامیہ صدر بائیڈن کے دیے گئے معاہدے کو آگے بڑھائے گی۔ امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن نے پیرس میں فرانسیسی ہم منصب جین نول بیروٹ کے ساتھ پریس کانفرنس میں تصدیق کی ہے کہ غزہ میں جنگ بندی بہت قریب ہے جبکہ یرغمالیوں کے حوالے سے بھی معاہدہ بہت جلد ہونے کا امکان ہے۔ غزہ میں جنگ بندی کے لیے قطر میں اسرائیل اور حماس کے درمیان بالواسطہ مذاکرات ہورہے ہیں۔ قطری وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا تھا کہ غزہ میں جنگ بندی کے مذاکرات تکنیکی سطح پر جاری ہیں اور وفود قاہرہ اور دوحہ میں مسلسل ملاقاتیں کر رہے ہیں۔ اسرائیل نے فلسطین کی غزہ کی پٹی میں جنگ بندی کے معاہدے تک پہنچنے میں ناکامی کے حوالے سے حماس پر نئے الزامات عائد کیے ہیں۔ اسرائیلی وزارت خارجہ کے ڈائریکٹر جنرل ایڈن بار ٹال نے کہا کہ کسی معاہدے پر پہنچنے کا واحد راستہ تحریک حماس پر دباؤ ڈالنا ہے۔ جنگ بندی معاہدے تک پہنچنے حماس پر اثر و رسوخ رکھنے والے ممالک اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ حماس یرغمالیوں کی رہائی میں واحد رکاوٹ ہے۔ ادھر حماس نے اسرائیل کی جانب سے پیش کی گئی 34 قیدیوں کی فہرست سے اتفاق کیا ہے۔ قیدیوں کا تبادلہ ممکنہ جنگ بندی معاہدے کے تحت کیا جائے گا۔ حماس کا کہنا ہے کہ کوئی بھی معاہدہ اسرائیل کے غزہ سے انخلا اور مستقل جنگ بندی سے مشروط ہے۔

خضدار کے دورافتادہ علاقے میں پراسرار بیماری پھیل گئی

موضع بھامبارو اور موضع جگی میں درج ذیل پراسرار بیماری سے لوگ پریشان اور خوف میں مبتلاء ہیں

خضدار (این این آئی) خضدار کے دور افتادہ علاقے میں پراسرار بیماری پھیل گئی، ایک شخص جاں بحق متعدد متاثر ہوگئے ہیں، بیماری کا اثر ہاتھو پر نمایاں ہوجاتا ہے، اہل علاقہ تشویش میں مبتلا تفصیلات کے مطابق سب تحصیل آڑنجی علاقہ جھڑ ماڑی کے دو مقامات بھامبارو اور جگی میں پراسرار بیماری کا پھیلاؤ سامنے آیا ہے۔ سیاسی و سماجی رہنماء حافظ منصور احمد مینگل تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ مذکورہ بالا علاقوں میں ایک خطرناک وبائی بیماری پھیل گئی ہے،

کراچی، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب ورکشاپ میں کیپٹل مارکیٹ ڈویلپمنٹ فنڈز اور آگاہی پورٹل کا افتتاح کر رہے ہیں

ایک سال کے دوران حکومتی قرضوں میں 10 ہزار ارب کا اضافہ

مجموعی قرض 84 ہزار ارب ہوگیا

آئی ایم ایف کے فریم ورک کے تحت پاکستان کے ذمہ قرضوں سے متعلق رپورٹ سامنے آگئی ہے، 3 سال میں پاکستان کے ذمہ قرضوں کا تناسب 70.8 فیصد سے کم ہوکر 60.8 فیصد پر آنے کا تخمینہ ہے

معاشی سست روی قرضوں کی پائیداری کیلئے بڑا خطرہ قرار دیا گیا ہے، ایکسچینج ریٹ اور سود کی شرح میں تبدیلی قرض کا بوجھ بڑھا سکتی ہے، بیرونی جھٹکے اور موسمیاتی تبدیلی قرض کے خطرات میں اضافہ کرسکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف کے فریم ورک کے تحت پاکستان کے ذمہ قرضوں سے متعلق رپورٹ سامنے آگئی ہے، 3 سال میں پاکستان کے ذمہ قرضوں کا تناسب 70.8 فیصد سے کم ہوکر 60.8 فیصد پر آنے کا تخمینہ ہے، مالی سال 2026 سے 2028 کی درمیانی مدت میں قرض پائیدار رہنے کی توقع ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق جون 2025 تک پاکستان کے ذمہ مجموعی قرضہ 84 ہزار ارب روپے سے زیادہ ہوگیا، گزشتہ ایک سال کے دوران قرضے میں 10 ہزار ارب روپے سے زیادہ اضافہ ہوا، سال 2028 تک فنانسنگ کی ضروریات 18.1 فیصد کی بلند سطح پر رہیں گی، گزشتہ سال مارک اپ ادائیگیوں میں 888 ارب روپے کی بچت ہوئی۔ نجی ٹی وی کے مطابق وزارت خزانہ نے قرضوں سے متعلق خطرات اور چیلنجز کی بھی نشاندہی کردی ہے۔ دستاویز کے مطابق معاشی سست روی قرضوں کی پائیداری کیلئے بڑا خطرہ قرار دیا گیا ہے، ایکسچینج ریٹ اور سود کی شرح میں تبدیلی قرض کا بوجھ بڑھا سکتی ہے، بیرونی جھٹکے اور موسمیاتی تبدیلی قرض کے خطرات میں اضافہ کرسکتے ہیں، فلوٹنگ ریٹ قرض کی بڑی مقدار سے شرح سود کا خطرہ بلند رہے گا، پاکستان کے ذمہ مجموعی قرضوں کا 67.7 فیصد ملکی قرض ہے۔ وزارت خزانہ 80 فیصد قرض فلوٹنگ ریٹ پر حاصل کیا گیا، شرح سود کا خطرہ برقرار ہے، مختصر مدت کے قرضوں کی شرح 24 فیصد، ری فنانسنگ کا خطرہ برقرار ہے، بیرونی قرضے مجموعی قرض کا 32.3 فیصد ہیں، زیادہ تر رعایتی قرضہ دوطرفہ و کثیرالجہتی ذرائع سے حاصل ہوا، فلوٹنگ بیرونی قرض 41 فیصد ہے، اس سے درمیانی سطح کا خطرہ برقرار ہے، کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ بڑھنے اور زرمبادلہ ذخائر کم ہونے کا امکان خطرناک ہے۔ رپورٹ کے مطابق مالیاتی نظم و ضبط اور معاشی استحکام سے قرض کا دباؤ کم ہوگا، برآمدات اور آئی ٹی سیکٹر کے فروغ سے زرمبادلہ استحکام کا ہدف ہے، قرض اجراء میں شفافیت اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوا، پائیدار ترقی، ٹیکنالوجی اور مسابقت سے قرض کے موثر انتظام کی سمت پیشرفت ہوئی، آمدن میں کمی یا اخراجات بڑھنے سے پرائمری بیلنس متاثر ہونے کا خدشہ ہے، ہنگامی مالی ذمہ داریوں کے اثرات بھی سامنے آسکتے ہیں، گزشتہ سال معاشی شرح نمو 2.6 فیصد سے بڑھ کر 3.0 فیصد ہوگئی، اگلے تین سال میں شرح نمو بڑھ کر 5.7 فیصد تک جانے کا تخمینہ ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق مہنگائی 23.4 فیصد سے گھٹ کر 4.5 فیصد پر آگئی، سال 2028 تک مہنگائی کی شرح 6.5 فیصد رہنے کا تخمینہ ہے، پالیسی ریٹ میں جون 2024 سے 1100 بیسس پوائنٹس کی کمی آئی، زرمبادلہ مارکیٹ میں استحکام اور بیرونی ادائیگیوں کا دباؤ کم ہوا، وفاقی مالی خسارہ 6.8 فیصد ہدف کے مقابلے میں 6.2 فیصد تک محدود رہا، وفاقی پرائمری بیلنس 1.6 فیصد سرپلس میں رہا، درمیانی مدت میں کم ازکم 1.0 فیصد سرپلس برقرار رہنے کی توقع ہے، آمدن میں اضافہ، اخراجات میں کفایت، سود ادائیگیوں میں کمی سے بہتری آئی۔

ملک میں مہنگائی کی سالانہ شرح 15.2 فیصد ہوگئی، ادارہ شماریات

مہنگائی کی شرح میں 0.28 فی صد اضافہ ریکارڈ، وفاقی ادارہ شماریات نے مہنگائی کی ہفتہ وار رپورٹ جاری کردی

دال مونگ کی قیمتوں میں 9.86 فیصد دال چنا کی قیمتوں میں 3.15 فیصد، آٹے کی قیمتوں میں 2.10 فیصد اضافہ ہوا

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں مہنگائی کی شرح میں ایک بار پھر اضافہ ہوگیا ہے جبکہ 19 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ مہنگائی کی ہفتہ وار شرح میں 0.28 فی صد اضافہ ریکارڈ ہوا ہے جبکہ اسی ہفتے سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح بھی بڑھ کر 15.02 فی صد پر آگئی ہے اسی دوران روزمرہ استعمال کی 19 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوگیا۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کی گئی مہنگائی کی ہفتہ وار رپورٹ میں بتایا گیا کہ رواں ہفتے 9 اشیائے ضروریہ کے نرخوں میں کمی ہوئی جبکہ 23 کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ رپورٹ کے مطابق حالیہ ہفتے کے دوران ٹماٹر کی قیمتوں میں 26.24 فیصد، دال مونگ کی قیمتوں میں 9.86 فیصد دال چنا کی قیمتوں میں 3.15 فیصد، آٹے کی قیمتوں میں 2.10 فیصد، ڈیزل کی قیمتوں میں 2.01 فیصد، ایل پی جی کی قیمتوں میں 1.50 فیصد، سرسوں کے تیل کی قیمتوں میں 0.65 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اسی طرح آگ جلانے والی لکڑی کی قیمتوں میں 0.35 فیصد، لہسن کی قیمتوں میں 1.31 فیصد، چکن کی قیمتوں میں 0.96 فیصد اور انڈوں کی قیمتوں میں 0.68 فیصد اضافہ ہوا۔ اس کے برعکس آلو کی قیمتوں میں 1.15 فیصد، پیاز کی قیمتوں میں 7.02 فیصد، چینی کی قیمتوں میں 0.27 فیصد، کیلوں کی قیمتوں میں 2.83 فیصد، دال ماش کی قیمتوں میں 0.72 فیصد، باسمتی ٹوٹا چاول کی قیمتوں میں 0.09 فیصد اور گڑ کی قیمتوں میں 1.82 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ اعداد و شمار میں بتایا گیا کہ حالیہ ہفتے کے دوران حساس قیمتوں کے اعشاریہ کے لحاظ سے سالانہ بنیادوں پر 17 ہزار 732 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی کی شرح 0.27 فیصد اضافے کا انعقاد خوش آئند ہے

عمران خان کی مولانا سے ملاقات کی خواہش بطور گپ شپ ہم تک پہنچی تھی، کامران مرتضیٰ

امید ہے پی ٹی آئی، جے یو آئی کی جانب سے پیش اور منظور کردہ ترامیم کو چیلنج نہیں کرے گی، رہنما جے یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علما اسلام پاکستان کے سینئر رہنما سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان مولانا فضل الرحمٰن سے ملنا چاہتے ہیں، یہ بات پی ٹی آئی کی دوسرے تیسرے درجے کی قیادت ذریعے بطور ''گپ شپ'' ہم تک پہنچی تھی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں ایک سوال پر سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا کہ جب جے یو آئی کے امیر مولانا فضل الرحمٰن تک یہ بات پہنچی کہ عمران خان ان سے ملنا چاہتے ہیں تو انہوں (مولانا فضل الرحمٰن) نے اس پر کوئی خاص ردعمل نہیں دیا اور نہ ہی یہ معاملہ پارٹی کے سامنے رکھا، اس حوالے سے جو بھی بات ہوگی مولانا فضل الرحمن پارٹی رہنماؤں (شوریٰ) کے سامنے رکھیں گے۔ ایک سوال پر سینیٹر کامران مرتضیٰ نے واضح کیا کہ مولانا فضل الرحمان کی اتنی خواہش ضرور تھی کہ پی ٹی آئی اور جے یو آئی کے درمیان رابطوں کے لیے فوکل پرسن ضرور ہونا چاہیے تاکہ اس حوالے سے کوئی کنفیوژن نہ پیش آئے کہ پی ٹی آئی کی طرف سے کس کی بات پر یقین کریں اور کس کی بات پر یقین نہ کریں۔ انہوں نے شکوہ کیا کہ علی امین گنڈاپور سے الگ طرح کے اشارے ملتے ہیں، کبھی وہ ہمیں سودے باز بنا دیتے ہیں، کبھی ہمیں فائدہ اٹھانے والا بنا دیتے ہیں، اب پتہ نہیں ان کی بات درست ہے یا کسی اور دوست کی درست ہے

نصیر آباد، ڈپٹی منیر احمد کاکڑ نادرہ دفتر کا دورہ کررہے ہیں

عوام پر ٹیکسز کی شکل میں مزید بوجھ نہیں ڈالنا چاہتے، مجتبیٰ شجاع

شہری انفراسٹرکچر کے تحفظ اور قوانین کی پابندی کو یقینی بنائیں اور جرمانوں سے بچیں

کروڑوں روپے ماہانہ کمانے والے صنعتکار لاکھوں روپے سالانہ ٹیکس کو بوجھ نا سمجھیں، ذمہ داری سمجھ کر ادا کریں' وزیر خزانہ

لاہور (این این آئی) وزیرخزانہ و پارلیمانی امور پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان کی زیر صدارت کابینہ کی سٹینڈنگ کمیٹی برائے لاء اینڈ آرڈر کا دسواں اجلاس ایوان وزیراعلیٰ میں منعقد ہوا جس میں صوبائی وزیر برائے مواصلات و قانون ملک صہیب بھرتھ اور متعلقہ محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف محکموں کی جانب سے پیش کی جانے والی 10 سے زائد ایجنڈوں کی منظوری دی گئی جن میں پنجاب موٹر وہیکل آرڈیننس 1964، ہوم ڈیپارٹمنٹ کے تحت پولیس ایوارڈ کمپنسیشن اور بارڈر ملٹری اینڈ بلوچ لیوی سروس رولز 2009 میں ترامیم اور پنجاب کینال واٹر سپلائی اور پنجاب ایریگیشن ریویو بورڈ، ایڈجسٹمنٹ آف کینال کمانڈ ایریا رولز 2024 کے جائزے اور اوورلوڈ گاڑیوں پر جرمانوں اور صنعتوں میں استعمال ہونے والے نہری پانی کے ریٹس میں اضافے کی سفارشات شامل تھیں۔ اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر مجتبیٰ شجاع الرحمان نے کہا کہ عوام پر ٹیکسز کی شکل میں کسی قسم کا مزید بوجھ نہیں ڈالنا چاہتے تاہم روڈ انفراسٹرکچر کے تحفظ اور ٹریفک قوانین پر عملداری کو یقینی بنانے کے لیے اوورلوڈ گاڑیوں، بسوں اور ٹرالروں پر جرمانوں میں اضافے کی تجویز بہت معقول ہے۔ شہری انفراسٹرکچر کے تحفظ اور قوانین کی پابندی کو یقینی بنائیں اور جرمانوں سے بچیں۔ روڈ پرمٹ، فٹنس سرٹیفکیٹ اور رجسٹریشن کے بغیر گاڑیاں سڑکوں پر نا لانے کی اجازت نہ دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی زمینوں کی ضروریات کے مطابق پانی کی فراہمی فوڈ سیکیورٹی کی ضمانت ہے، کروڑوں روپے ماہانہ کمانے والے صنعتکار لاکھوں روپے سالانہ ٹیکس کو بوجھ نا سمجھیں بلکہ اپنی ذمہ داری سمجھ کر ادا کریں۔ بڑے صنعتکاروں کی ٹیکس چوری چھوٹے تاجروں کے مسائل میں اضافہ کرتی ہے۔

پاکستان کیلئے گوجران قوم نے ہمیشہ جانی اور مالی قربانیاں دی ہیں، انجمن گوجران بلوچستان

گوجر قوم اپنے حقوق کے حصول کیلئے انجمن گوجران بلوچستان کے پلیٹ فارم پر متحد ہوکر جدوجہد کرے

کوئٹہ (این این آئی) انجمن گوجران بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پاکستان کیلئے گوجران قوم نے ہمیشہ جانی اور مالی قربانیاں دی ہیں، گوجر قوم اپنے حقوق کے حصول کیلئے انجمن گوجران بلوچستان کے پلیٹ فارم پر متحد ہوکر جدوجہد کرے۔ یہ بات انجمن گوجران بلوچستان کے رہنماؤں عبدالخالق گجر، غلام سرور گجر، شاہجہان گجر، چوہدری فرمان گجر، یوسف مقدم، چوہدری نثار گجر، الطاف حسین گجر، یعقوب گجر، محمد امین گجر، غلام سعید گجر، چیئرمین عنایت میروانی، محمد اشرف گجر، محمد عرفان گجر، شیر زمان گجر، چوہدری ریاض گجر، امین جاگل، اور دیگر نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں گوجر کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب میں نقاش پاکستان چوہدری رحمت علی گجر کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا۔ مقررین نے کہا کہ گجر قوم کو بلوچستان کا قدیم قبیلہ ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے جو کچھی، خضدار، آواران، مشکے، جاھو، حب، سوراب، لسبیلہ، لورالائی اور کوئٹہ میں صدیوں سے آباد ہے اور گجر قوم نے ہمیشہ ملک اور بلوچستان کی تعمیر و ترقی کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے بلوچستان کی قبائلی تاریخ گجر قوم کے ذکر کے بغیر نامکمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوجر قوم اسوقت بہت سے مسائل سے دوچار ہے ہمیں چاہئے انجمن گوجران بلوچستان کے پلیٹ فارم پر متحد ہوکر اپنے حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کریں۔ انہوں نے کہا کہ گوجر پاکستان کے کونے کونے میں آباد ہے جس کی آبادی کروڑوں میں ہے

رکن اسمبلی نجم مرزا کی سیوریج بورڈ کے ایگزیکٹو انجینئر سے ملاقات، مختلف نکاسی آب کے مسائل پر گفتگو

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کورنگی زمان ٹاؤن آفس میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی حلقہ پی ایس 94 نجم مرزا، نے ٹان ممبر کورنگی زمان ٹان یوسف پپو، وسیم الدین میو، کوآرڈینیٹر برائے جاوید حنیف میو رکن قومی اسمبلی حلقہ این اے 233 کے ہمراہ کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن لانڈھی سیوریج کے نئے ایگزیکٹو انجینئر شوکت راجپوت سے ملاقات کی یوسی 3,08,09,10,01,02 لانڈھی میں نکاسی آب کے مسائل جن میں بوسیدہ اور ٹوٹ پھوٹ کا شکار پرانی نکاسی آب کی لائنوں کی جگہ نئی نکاسی آب کی لائنوں کی تنصیب، نئے مین ہولز کیا

اساتذہ طلبا کو علامہ اقبال کی فکری اور نظریاتی شاعری سے آشنا کرائیں، محمد پرویز

کراچی (این این آئی) تنظیم اساتذہ پاکستان ضلع وسطی کے تحت اسلامی کتاب سینٹر ناظم آباد میں ماہانہ اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر آفاق محمد پرویز نے کہا کہ علامہ اقبال کی شاعری میں خودی کا پیغام ہے۔ اساتذہ طلبا کو علامہ اقبال کی فکری اور نظریاتی شاعری سے آشنا کرائیں، علامہ اقبال نے مسلمانوں کو ایک نئی سوچ اور نظریہ پاکستان سے روشناس کرایا۔ آج بھی اقبال کی شاعری ہمیں مسلسل جدوجہد کا پیغام دیتی ہے۔ نوجوانوں کو اقبال نے شاہین سے تشبیہ دی ہے۔ جو آشیانہ نہیں بناتا۔

پاک فوج اور سیکورٹی ادارے اکیلے دہشت گردوں کا صفایا نہیں کرسکتے، جہانگیر شاہ

عوام دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سیکورٹی اداروں کے ساتھ بھرتعاون کریں

کوئٹہ (این این آئی) سیاسی و سماجی رہنما جہانگیر شاہ نے کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر بم دھماکے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج اور سیکورٹی ادارے اکیلے دہشت گردوں کا صفایا نہیں کرسکتے عوام دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سیکورٹی اداروں کے ساتھ بھرتعاون کریں اور اپنے اردگرد مشکوک اور دہشت گرد عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں جہانگر شاہ نے کہا کہ دہشت گردوں کا کوئی دین اور مذہب نہیں ہے وہ صرف اور صرف اپنے غیر ملکی آقاوں کی خوشنودی اور اپنے ذاتی مفادات کے حصول کیلئے بیگناہ شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت دیگر صوبوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں کو دہشتگردی کا نشانہ بناکر نفرتیں پھیلانے کی مذموم سازش کی جارہی ہے جسے بلوچستان کے عوام ملکر ناکام بنادیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بعض سیاسی جماعتیں اور دیگر افراد بھی دہشت گردوں کی چوری چھپے پشت پناہی کررہے ہیں سیکورٹی ادارے انکی بھی کڑی نگرانی کریں۔ انہوں نے کہا کہ جلد ہی اینٹی ٹیرارسٹ عوامی تحریک پی یم ایل بلوچستان کے پلیٹ فارم سے کوئٹہ کی گلیوں کا ایک سروے کرکے ہر گلی سے 2 افراد افراد کو تحریک میں لیکر گلیوں میں ہونے والی مشکوک افراد کی نقل و حمل اور دیگر سماجی برائیوں کی روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ جمع کریں گے

سرکاری بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کا عمل تیز کرنے کا فیصلہ

وفاقی حکومت نے نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار کی سربراہی میں 9 رکنی اسٹیئرنگ کمیٹی تشکیل دے دی

وزیر پاور، وزیر اطلاعات ونشریات، معاون خصوصی پاور، سیکریٹری پاور، سیکریٹری نجکاری ڈویژن اور سیکریٹری نجکاری کمیشن شامل ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نیسر کاری بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری فاسٹ ٹریک بنیادوں پر کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار کی سربراہی میں 9 رکنی اسٹیئرنگ کمیٹی تشکیل دے دی جسے ہفتہ وار بنیادوں پر پیش رفت رپورٹ دینے کی ہدایت کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ کمیٹی میں وزیرخزانہ، وزیر نجکاری، وزیر پاور، وزیر اطلاعات ونشریات، معاون خصوصی پاور، سیکریٹری پاور، سیکریٹری نجکاری ڈویژن اور سیکریٹری نجکاری کمیشن شامل ہیں۔ وزیر اعظم نے اسٹرنگ کمیٹی کے لیے ٹی او آرز طے کردیے ہیں، ذرائع کے مطابق کمیٹی نجکاری عمل میں متعلقہ قوانین، ریگولیشن اور انڈسٹری معیارات پر عمل درآمد یقینی بنائے گی

صوبے میں توانائی کے قدرتی وسائل قیمتی خزانہ ہیں، انجینئر طارق سدوزئی

وفاقی اداروں کے ساتھ توانائی منصوبوں کو درپیش مسائل کے حل کے لئے آواز اٹھائیں گے، معاون خصوصی

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاون خصوصی برائے توانائی و برقیات انجینئر طارق محمود سدوزئی نے کہا ہے کہ صوبے میں موجود توانائی کے قدرتی وسائل یہاں کا قیمتی خزانہ ہیں جن کو زیادہ سے زیادہ بروئے کار لا کر صوبے میں انقلابی تبدیلیاں برپا کرسکتے ہیں۔ ہمارا صوبہ تیل و گیس کی پیداوار اور آبی وسائل سے سستی پن بجلی کی پیداوار کے لئے دستیاب قدرتی وسائل سے مالامال ہے تاہم ان قدرتی وسائل سے فائدہ اٹھانے کے لئے جذبے اور بہترین مینجمنٹ کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ محکمہ توانائی و برقیات اور اسکے تمام ذیلی ادارے پیڈو، کے پی آئل اینڈ گیس کمپنی و دیگر مختلف منصوبوں پر تیزی سے کام کررہے ہیں جو آنے والے دور میں صوبے کی ترقی کے لئے سنگ میل ثابت ہونگے۔ وفاقی اداروں کے ساتھ توانائی منصوبوں کو درپیش مسائل اور بقایاجات کی وصولی کے لئے ہر فورم پر بھرپور آواز اٹھائی جائے گی تاکہ صوبے کی معیشت کو مزید مستحکم کیا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بطور معاون خصوصی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد محکمہ توانائی و برقیات میں تعارفی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری توانائی و برقیات نثار احمد خان، اسپیشل سیکرٹری عرفان وزیر، اسپیشل سیکرٹریز شاہ فہد، عبدالحسیب، اخلاق احمد، چیف پلاننگ آفیسر ڈاکٹر کاشف، چیف ایگزیکٹو پیڈو انجینئر ریاض احمد جان، چیف ایگزیکٹو کے پی او جی سی ایل ناصر خان سمیت محکمے کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

لاہور سمیت پانچ بڑے شہروں میں الیکٹرک بسوں کی خریداری آخری مراحل میں داخل

لاہور میں پاکستان کا پہلا اور سب سے بڑا اسٹیٹ آف دی آرٹ گرین بس ڈپو بنے گا

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب کے دیگر اضلاع میں شہریوں کو پاکستان کی تاریخ کی بدترین سموگ کا سامنا ہے جس کے تدارک کیلئے محکمہ ٹرانسپورٹ پنجاب نے جہاں ایک طرف دھواں چھوڑتی اور بغیر فٹنس سرٹیفکیٹ کے کے چلنے والی گاڑیوں کے خلاف مہم شروع کر رکھی ہے وہیں دوسری طرف وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ بلال اکبر خان دیگر عملی اقدامات بھی اٹھار کھے ہیں۔ اسی سلسلہ میں شہریوں کیلئے دھواں چھوڑتی گاڑیوں، خطرناک ڈرائیونگ اور غلط پارکنگ کی بذریعہ ٹیلیفون اطلاع دینے کی سہولت مہیا کردی گئی ہے۔ اب شہری اپنے فون سے 15 اور ایلسٹیشن نمبر 6 ملا کر ٹریفک اور ٹرانسپورٹ بارے شکایت یا ہنگامی صورتحال سے آگاہ کرسکتے ہیں۔

اسلام آباد، وفاقی وزیر محمد جنید انور ایگری کلچر پارک کے قیام بارے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کی بجائے لوٹ مار اور زمینوں پر قبضے میں لگے ہوئی ہے، لالہ یوسف خلجی

بے گناہ شہریوں کو دہشتگردی کا نشانہ بنانے والے عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، سربراہ بلوچستان امن جرگہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کی بجائے لوٹ مار اور زمینوں پر قبضے میں لگے ہوئی ہے، ایسے حکمرانوں کو اقتدار میں رہنے کا کوئی حق نہیں ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان فوری طور پر عہدے سے مستعفی ہوجائیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ امن و امان قائم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے جس میں وہ بری طرح ناکام ہوچکی ہے گذشتہ چار ماہ کے دوران صوبے میں دہشت گردی کے بڑے واقعات میں 200 کے قریب غریب اور مزدور اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں

حق دو تحریک بلوچستان کے رہنما و جہدکار مزید تین اہم مقدمات سے دوسال بعد سرخرو ہوگئے

حق دو تحریک بلوچستان کے رہنماں و جہدکاروں نے معزز وکلا کی معاونت سے طویل قانونی جنگ لڑ کر ان مقدمات کو جھوٹا ثابت کردیا

گوادر (بیورو رپورٹ) حق دو تحریک بلوچستان کے رہنما و جہدکار مزید تین اہم مقدمات سے دوسال بعد سرخرو ہوگئے گوادر کے فاضل عدالت نے حق دو تحریک بلوچستان کے رہنماں و جہدکاروں کو تین مقدمات ایف آئی آر نمبر 227، نمبر 232 اور نمبر 234 پر جرم ثابت نہ ہونے پر باعزت بری کردیا واضح رہے کہ 26 دسمبر کے کریک ڈاؤن کے بعد حق دو تحریک بلوچستان کے رہنماں و جہدکاروں پر بیس سے زائد جھوٹے مقدمات قائم کئے گئے تھے جس میں قتل و دہشت گردی کے مقدمات بھی شامل تھے مگر حق دو تحریک بلوچستان کے رہنماں و جہدکاروں نے معزز وکلا کی معاونت سے طویل قانونی جنگ لڑ کر ان مقدمات کو جھوٹا ثابت کردیا اور بقایا مقدمات میں بھی بری ہونے تک۔ قانونی جنگ جاری رکھنے کا عزم کیا گیا

ایک شخص اور اس کی جماعت نے پورے ملک کو یرغمال بنا رکھا ہے، ملک احمد خان

ایسے لوگوں کے حقوق معطل ہونے چاہئیں جو ملک میں افراتفری پیدا کریں، چاہے وہ کسی اسمبلی کے رکن ہی کیوں نہ ہوں

ایک شخص اور اس کی جماعت نے پورے ملک کو یرغمال بنا رکھا ہے' پریس گیلری کے عہدیداران کی حلف برداری کی تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ صحافی حقیقت پر مبنی معیاری تنقید کے ذریعے حکومت اور اپوزیشن دونوں کی رہنمائی کرسکتے ہیں، کسی بھی ترقی یافتہ ملک کی کامیابی میں صحافت کے کردار سے انکار نہیں کیا جاسکتا، ان کی جدوجہد ہمیشہ یاد رکھی جائے گی، شعبہ صحافت سے منسلک افراد اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے خلوص اور ایمانداری سے اپنے فرائض منصبی ادا کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب اسمبلی کی پریس گیلری کمیٹی کے نومنتخب صدر صحافی خواجہ نصیر اور سیکرٹری عدنان شیخ کی تقریب حلف برادی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ حلف برداری کی پروقار تقریب پنجاب اسمبلی کی اولڈ بلڈنگ کے کیفے ٹیریا میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر پنجاب اسمبلی کی پریس گیلری کمیٹی کے ممبران، صوبائی وزیر اطلاعات اعظمیٰ بخاری، اراکین اسمبلی رحیلہ خادم اور عظمیٰ کاردار، سیکرٹری جنرل پنجاب اسمبلی چوہدری عامر حبیب، سٹاف آفیسر ٹو مسٹر سپیکر عماد حسین بھلی، ترجمان پنجاب اسمبلی راؤ ماجد علی اور صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری سمیت دیگر سینئر صحافی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر سپیکر ملک محمد احمد خان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی جماعت یا تحریک کا مقصد عوام کی بھلائی ہوتا ہے، لیکن ایک شخص اور اس کی جماعت نے پورے ملک کو یرغمال بنا رکھا ہے۔ 9 مئی کے واقعات کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ معمولی الزام نہیں، بلکہ ملک کی فوج اور اداروں پر حملہ کیا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک صوبے کے وزیراعلیٰ نے بلوائیوں کے ساتھ وفاق پر حملہ کیا۔ یہ لوگ مخالف سیاست دانوں اور عدلیہ کی عزتیں سوشل میڈیا پر اچھالنے میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آزادی جیسے اہم دن کو، جو پوری قوم کے لیے خوشی کا دن ہوتا ہے، پی ٹی آئی نے احتجاج کا رنگ دے کر اسے متاثر کیا۔

گوادر، گرینڈ ہیلتھ الائنس کی ٹوکن ہڑتال 25 ویں روز میں داخل ہوگئی

مریضوں کو مشکلات کا سامنا، چارٹر آف ڈیمانڈ کی عدم منظوری تک احتجاج جاری رہے گا

گوادر (بیورو رپورٹ) گوادر، گرینڈ ہیلتھ الائنس کی ٹوکن ہڑتال 25 ویں روز میں داخل ہوگئی، مریضوں کو مشکلات کا سامنا، چارٹر آف ڈیمانڈ کی عدم منظوری تک احتجاج جاری رہے گا حکومت وقت ضائع نہ کرے ملازمین کے مطالبات فوری حل کرے اور محکمہ کو پرائیوٹائز کرنے سے گریز کرے، گرینڈ ہیلتھ الائنس کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق صوبائی حکومت کی جانب سے محکمہ صحت کو پرائیوٹائز کرنے کیخلاف میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر میں گرینڈ ہیلتھ الائنس کی کن ہڑتال کو 25 ویں روز میں داخل ہوگئی ڈاکٹر پیرامیڈیکس کی ٹوکن ہڑتال کے باعث ہسپتال میں علاج کے لیے آنے والے مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اس موقع پر ٹوکن ہڑتال میں بھیٹے گرینڈ ہیلتھ الائنس کے راہنماں نے اپنے چارٹر آف ڈیمانڈ کی فوری حل کا مطالبات کرتے ہوئے حکومت بلوچستان کو خبردار کیا ہے وہ محکمہ صحت کو پرائیوٹائز کرنے سے اجتناب کریں واضح رہے کہ اس وقت گرینڈ ہیلتھ الائنس کی اپیل پر اپنے چارٹر آف ڈیمانڈ) مطالبات (کی منظوری کے لیے صوبے بھر کے 36 اضلاع میں ٹوکن ہڑتال جاری ہے

گورنر ہاؤس میں فرینڈلی میچ کروانا چاہتے ہیں، فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ گورنر ہاؤس میں فرینڈلی میچ کروانا چاہتے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کے دوران فیصل کریم کنڈی نے پاکستان کی آسٹریلیا کے خلاف تیسرے میچ میں فتح پر گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ بہت اچھا کرکٹ میچ دیکھنے کو ملا، 22 سال بعد پاکستان نے آسٹریلیا کو ہوم گراؤنڈ پر ہرایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں فرینڈلی میچ کروائیں گے۔ سافٹ امیج کا تاثر جائے گا، گورنر ہاؤس میں فرینڈلی میچ کروانا چاہتے ہیں۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ ہم سب نے مل کر دہشت گردی کا مقابلہ کرنا ہے۔

چوہدری شجاعت حسین کی منظوری کے بعد پاکستان مسلم لیگ کے مزید ونگز قائم، نوٹیفکیشنز جاری

پارٹی صدر کی ہدایت پر جلد پنجاب سمیت ملک بھر میں رکنیت سازی کا آغاز کریں گے، ڈاکٹر محمد امجد

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کے صدر چوہدری شجاعت حسین نے پارٹی کو مزید فعال اور متحرک کرنے کے لئے نئے ونگز کے قیام کی منظوری دے دی ہے جس کے بعد پارٹی میں نئے ونگز قائم کرکے ذمہ داران کے نوٹیفکیشنز بھی جاری کردیئے گئے۔ اس مقصد کے لئے مسلم لیگ ہاؤس میں پارٹی کے چیف آرگنائزر ڈاکٹر محمد امجد کی زیرصدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کیومین ونگ کی مرکزی صدر اور رکن قومی اسمبلی مسز فرخ خان، مرکزی سیکرٹری اطلاعات غلام مصطفیٰ ملک، جنرل سیکرٹری فیڈرل کیپیٹل چوہدری جہانگیر اور دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد امجد نے کہا کہ چوہدری شجاعت حسین کی ہدایت پر پارٹی کو ملک بھر میں منظم کررہے ہیں اس مقصد کے لئے پرانے ونگز کو فعال اور مزید نئے ونگز بھی قائم کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب سمیت ملک بھر میں جلد ممبر سازی کا عمل شروع کیا جارہا ہے

گورنر سندھ کی شمالی وزیرستان میں کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو شاباش

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے شمالی وزیرستان میں کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو شاباش دی ہے، آپریشن میں 6 خوارج جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے گورنر نے کہا کہ ہلاک دہشتگردوں نے کئی معصوم لوگوں کی جانیں لیں آج ان کا خاتمہ کردیا گیا۔ کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ پوری قوم کو اپنی سیکیورٹی فورسز پر فخر ہے

چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی و رکن صوبائی اسمبلی اصغر علی ترین تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پھولوں کا شہر کہلائے جانے والا پشاور بھی ماحولیاتی آلودگی کا شکار ہوگیا

ایئر کوالٹی انڈیکس 500 سے زائد ہونے کے باعث پشاور کا شمار تین بڑے آلودہ شہروں میں ہونے لگا

پشاور (این این آئی) پھولوں کا شہر کہلائے جانے والا پشاور بھی ماحولیاتی آلودگی کا شکار ہوگیا ہے، شہر اور گردو نواح میں اسموگ بڑھ گئی ہے۔ ایئر کوالٹی انڈیکس 500 سے زائد ہونے کے باعث پشاور کا شمار تین بڑے آلودہ شہروں میں ہونے لگا ہے۔ پشاور جو صاف ماحول اور باغات کے باعث پھولوں کا شہر کہلاتا ہے لیکن بڑھتی ہوئی آبادی، بے ہنگم ٹریفک، ضرورت سے زیادہ رکشوں اور کوڑا کرکٹ جلائے جانے کے باعث اب پشاور میں بھی اسموگ کے ڈیرے ہوگئے ہیں۔ طبی ماہرین کے مطابق اسموگ کے دوران گھر سے باہر نکلتے وقت ماسک پہننا چاہیے

جدہ میں امراض چشم کے حوالے سے کانفرنس کا انعقاد

جدہ (این این آئی) سعودی عرب کے شہر جدہ میں نائب گورنر مکہ مکرمہ شہزادہ سعود بن مشعل بن عبدالعزیز کی زیرسرپرستی امراض چشم سے متعلق کانفرنس کا افتتاح کیا گیا ہے جس میں 105 سے زائد ماہر معالجین شرکت کررہے ہیں۔

ملک محمد احمد خان نے وطن واپس پہنچ کر سپیکر پنجاب اسمبلی کا عہدہ سنبھال لیا

لاہور (این این آئی) ملک محمد احمد خان نے وطن واپس پہنچ کر سپیکر پنجاب اسمبلی کا عہدہ سنبھال لیا۔ سپیکر کی واپسی کے بعد ملک ظہیر اقبال چنڑ نے ڈپٹی سپیکر کا عہدہ دوبارہ سنبھال لیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان کے غیر ملکی دورے کے باعث ملک ظہیر اقبال چنڑ نے قائمقام سپیکر کا عہدہ سنبھالا تھا۔

دہشتگردی کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں، طارق مدنی

آخر کب تک معصوم عوام اپنے پیاروں کے لاشے اٹھائے، مولانا عبدالماجد و دیگر

کراچی (این این آئی) پاکستان امن کونسل کے سربراہ طارق محمود مدنی، مولانا عبدالرزاق ہزاروی، مولانا عبدالماجد فاروقی، مفتی محمد عدنان مدنی، قاری شبیر احمد عثمانی، قاری محمد اسحاق چشتی، مولانا محمد عکاشہ، قاری محمد شاکر، حافظ ولی اللہ ارباب، قاری محمد نواز رحیمی، قاری عبدالرحیم بلوچ، قاری محمد حسن رحیمی، قاری ضیا الرحمٰن، اسلم خان فاروقی و دیگر نے کوئٹہ میں حالیہ المناک ریلوے سٹیشن پر خودکش دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے حالیہ المناک دھماکے کو عوام کی جان و مال کے تحفظ میں حکومت کی ناکامی کا تسلسل قرار دیا ہے

راولپنڈی، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کررہے ہیں

روزنامہ بولان حب
موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-3880280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035
چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کبدو نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آر سی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

آبی آفات

تقریباً آدھا پاکستان اس وقت زیر آب ہے۔ ایسا لگتا ہے، اس قوم نے گزشتہ پون صدی میں [illegible]

سینکڑوں قیمتی جانوں کے ساتھ بھاری مالی نقصان پہنچ چکا تھا۔ اسی سبب سے پہلے سے اقتصادی مسائل کے شکار پاکستان پر معاشی بوجھ میں اضافہ ہو گیا ہے۔ سوال یہ ہے پاکستان کے لیے مستقل نقصان کا باعث بننے والے اس مسئلے کا حل کیا ہے؟ اس سوال کا ایک آسان جواب تو یہ ہے کہ کبھی پانی کی کمی اور کبھی بے قابو سیلابی ریلے ہمیں بار بار یہ احساس دلاتے ہیں کہ پاکستان پانی ذخیرہ کرنے کے کسی مؤثر نظام سے محروم ہے۔ بڑے ڈیم بنانے کی بات ہمیشہ ہوتی ہے لیکن ہمارے یہاں بدقسمتی سے یہ معاملہ متنازع ہو چکا ہے۔ دوسرے بڑے ڈیموں کی تعمیر وقت طلب اور مہنگا معاملہ ہے، ایسی صورت میں فوری اور متبادل راستہ کیا ہو؟

پاکستان کونسل آف ریسرچ اِن واٹر ریسورسز (PCRWR) کی تحقیق کے مطابق اس سوال کا جواب چھوٹے ڈیم فراہم کر سکتے ہیں۔ چھوٹے ڈیم بڑے ڈیموں کی جگہ نہیں لے سکتے لیکن ان کی کچھ خوبیاں بھی ہیں۔ انھیں گاؤں دیہات اور مخصوص علاقوں کی ضرورت کے مطابق بنایا جاتا ہے۔ یوں یہ پاکستان کے موجودہ سیاسی اور زمینی حالات سے مطابقت رکھتے ہوئے اور فوری، کم لاگت اور مؤثر حل پیش کرتے ہیں۔ اس ضمن میں چند مقامات کو ہدف بنا کر کام کیا جائے تو اچھے نتائج میسر آسکتے ہیں جیسے پوٹھوہار۔

پوٹھوہار بارانی خطہ ہے۔ یہاں بارش خوب ہوتی ہے لیکن یہ پانی فوراً ہی دریاں میں جا گرتا ہے۔ جس کی وجہ سے یہ خطہ مستقل طور پر پانی کی کمی کا شکار رہتا ہے۔ اگر یہاں بارانی پانی جمع کرنے والے چھوٹے ڈیم تعمیر کیے جائیں تو نہ صرف زراعت ترقی کرے گی بلکہ زیرِ زمین پانی کی سطح بھی بلند ہو جائے گی۔ ڈاکٹر پرویز عامر جیسے ماہرین اس خطے کو بارش کے پانی کو سنبھالنے کے

[illegible] (N D M A) کی رپورٹس میں بھی اس جانب توجہ دلائی گئی ہے۔

کوہاٹ کی وادی اپنی زرخیزی کے باوجود پانی کی کمی کا شکار رہتی ہے۔ چھوٹے ڈیم یہاں زندگی بدل سکتے ہیں۔ زرعی زمینوں کو سیراب کرنے والے یہ ڈیم مقامی زراعت کو نئی زندگی بخش سکتے ہیں بلکہ مقامی آبادی کے لیے پینے کا پانی بھی فراہمی کا ذریعہ بھی بن سکتے ہیں۔ یوں ایک چھوٹا سا منصوبہ بڑے معاشی اثرات کو ممکن بنا سکتا ہے۔

بلوچستان کے وسیع اور بلند علاقے بارش کی کمی کے باعث خشک سالی کا شکار رہتے ہیں۔ لیکن جب بارش ہوتی ہے تو پوٹھوہار کی طرح پانی بہہ کر فوراً ہی ضائع ہو جاتا ہے۔ چیک ڈیم اور بارش کا پانی ذخیرہ کرنے والے ڈیم اس خطے کی ضرورت ہیں۔ یہ ڈیم زیرِ زمین پانی کی سطح بلند کرنے میں بھی مددگار بننے کے علاوہ خشک سالی میں بھی کمی لا سکتے ہیں۔ عالمی بینک (World Bank) International Water Management Institute (IWMI) کی رپورٹوں میں بھی بلوچستان کے لیے ایسے منصوبوں کی سفارش کی گئی ہے۔

چترال اور گلگت بلتستان کے لوگ گلیشیئر پگھلنے اور اچانک پھٹنے سے بننے والی جھیلیں بن جانے جیسے مسائل کا ہمیشہ شکار رہتے ہیں۔ ایسی صورت میں ہنستی بستی بستیاں دیکھتے ہی دیکھتے لقمہ اجل بن جاتی ہیں۔ محکمہ موسمیات کے ایک سابق افسر اعلیٰ ڈاکٹر غلام رسول کے مطابق شمالی علاقہ جات کا یہ سب سے بڑا چیلنج ہے۔ ایسے خطوں میں چھوٹے حفاظتی ڈیم زندگی اور موت کے درمیان فاصلہ بڑھا سکتے ہیں۔ ایسے ڈیموں کی مدد سے نہ صرف اچانک آنے والے ریلوں کو روکا جا سکتا ہے بلکہ پانی کو محفوظ طریقے سے پانی کو ذخیرہ کیا جا سکتا ہے۔

اسپورٹس اور پاکستان

سمون بائلز (Simone Biles) امریکی جمناسٹ [illegible] (Gabrielle Thomas) [illegible] (Torri Huske) [illegible]

امریکی صدر نے ان کے لیے کسی تقریب کا اہتمام کیا اور نہ انھیں کروڑوں ڈالر کے تحفے دیے اور نہ سول ایوارڈز یہ لوگ چند دن خبر بنے اور اس کے بعد یہ اب عام معمول کی زندگی گزار رہے ہیں اور یہ صرف تین لوگ نہیں ہیں یہ 126 ہیں اور یہ تمام سرکاری توجہ سے محروم ہیں کیسے؟۔

پیرس اولمپکس میں سب سے زیادہ میڈلز امریکا نے حاصل کیے اس کے کل 126 میڈلز ہیں جن میں سے 40 گولڈ ہیں چین دوسرے نمبر پر آیا اس کے کل میڈلز 91 ہیں جن میں 40 گولڈ ہیں جاپان کل 45 میڈلز کے ساتھ تیسرے نمبر پر آیا ان میں سے 20 گولڈ ہیں اور آسٹریلیا چوتھے نمبر پر ہے جس کے کل میڈلز 53 ہیں جن میں 18 گولڈ ہیں یہ میڈلز کس کس کھلاڑی نے کس کس گیم میں حاصل کیے دنیا نہیں جانتی جب کہ ان میں ہر کھلاڑی کی کہانی حیران کن اور سبق آموز ہے دنیا میں ہر سال گیمز میں کھلاڑیوں کو میڈلز ملتے ہیں کیوں؟ اس کی دو وجوہات ہیں پہلی وجہ اسپورٹس ایک غیر فطری عمل ہوتا ہے۔

ہم انسانوں کی جسمانی حدود ہوتی ہیں اسپورٹس مین ان حدوں کو توڑ دیتے ہیں لہٰذا انھیں ایوارڈز دیے جاتے ہیں مثلاً عام نارمل انسان ڈیڑھ سو گرام کی کرکٹ بال کو 35 کلومیٹر فی گھنٹہ کی اسپیڈ تک پھینک سکتا ہے لیکن شعیب اختر نے 161.3 کلومیٹر فی گھنٹہ کی اسپیڈ سے بال پھینک کر دنیا کو حیران کر دیا ہم پاں سے ساڑھے چار سو گرام کے فٹ بال کو زیادہ سے زیادہ 35 کلومیٹر فی گھنٹہ کی اسپیڈ سے پھینک سکتے ہیں لیکن ایک کھلاڑی نے اسے 129 کلومیٹر فی گھنٹہ کی اسپیڈ دے دی اور عام

تحریر: اصباح انصاری

[illegible]

رہے ہیں اور ارشد ندیم چیک لے کر ان کے ساتھ تصویریں بنا رہا ہے اور یہ اب اس کا عادی ہو چکا ہے۔

یہ اب اپنے ہر ملاقاتی سے چیک نقد انعام یا پلاٹ کی توقع لگا کر بیٹھا رہتا ہے یہ ہر فون کو انعام سمجھ رہا ہے جب کہ دوسری طرف امریکا اور چین میں ایسے 40 اور جاپان اور آسٹریلیا میں 20 اور 18 کھلاڑی ہیں اور یہ تمام لوگ نارمل زندگی گزار رہے ہیں یہ گولڈ میڈل کے بعد اگلے ہی دن جم گئے اپنی پریکٹس کی بچوں کو اسکول سے لیا گرل فرینڈ یا بوائے فرینڈ کی جھڑکیاں کھائیں اور ٹیکس کے فارم بھرے لہٰذا سوال یہ ہے ہم نے ارشد ندیم کو نارمل کیوں نہیں رہنے دیا اور کیا یہ اب ایک نارمل زندگی گزار سکے گا؟ دوسرا سوال ارشد ندیم بے شک ایک باکمال انسان ہے اس نے چالیس سال بعد پاکستان کو گولڈ میڈل سے نوازا ہم نے آخری بار 1984 میں ہاکی میں اولمپکس میں گولڈ میڈل لیا تھا لیکن یہ سارا ایک بندے کا کارنامہ ہے جب کہ ملک میں سو کے قریب اسپورٹس آرگنائزیشنز کام کر رہی ہیں قوم ان پر اربوں روپے خرچ کرتی ہے ان کے پاس ایکڑوں پر پھیلے کمپلیکس بھی ہیں۔

آپ ان کے بجٹ اور مراعات دیکھیں اور ان کے ملازمین اور کنسل ٹنٹس کی تعداد دیکھیں اور اس کے بعد ان سے پوچھیں آپ لوگوں نے ان چالیس برسوں میں کیا کیا ہے؟ ہم نے پیرس اولمپکس میں صرف ایک میڈل لیا جب کہ ہمارے 40 کھلاڑی اور آفیشلز پیرس گئے کیا ان سے یہ نہیں پوچھنا چاہیے ان کے ٹریول ہوٹلز اور خوراک اور ٹی اے ڈی اے پر کتنی رقم خرچ ہوئی؟ کیا ان سے یہ بھی نہیں پوچھنا چاہیے ملک کی تمام اسپورٹس

آرگنائزیشنز پر پچھلے چالیس برسوں میں کتنے ارب روپے خرچ ہوئے؟ ان اخراجات کے بعد یہ ایک بھی میڈل کیوں نہیں حاصل کر سکے اور اگر ہم نے میڈل نہیں لینا تھا تو پھر ان آرگنائزیشن کی کیا ضرورت ہے؟ کیا یہ پیسے توانائی اور وقت کا زیاں نہیں اور تیسرا سوال کیا یہ حقیقت نہیں پاکستان کی تمام اسپورٹس آرگنائزیشنز بورڈز اور وزارتیں ارشد ندیم کے پیچھے پناہ لے رہی ہیں۔

یہ ارشد ندیم زندہ باد کے نعرے لگا کر یا اس کے اعزاز میں تقریبات منعقد کر کے قوم کی توجہ اپنی ناقص کارکردگی سے ہٹا رہی ہیں اور کیا حکومت بھی ارشد ندیم کو بار بار بلا کر اپنی نالائقی پر پردہ نہیں ڈال رہی؟ یہ عوام کی عوامی مسائل سے توجہ نہیں ہٹا رہی؟ ہونا تو یہ چاہیے تھا وزیراعظم ارشد ندیم کی کامیابی کے بعد ایک تحقیقاتی کمیشن بناتے اور اسپورٹس کے تمام اعلیٰ عہدیداروں سے پوچھتے تم نے وقت پر ارشد ندیم کی سپورٹ کیوں نہیں کی تھی؟ یہ شخص جیولین کی ٹریننگ اور باقاعدہ سینٹر کے باوجود گولڈ میڈل تک کیسے پہنچ گیا اور تم اربوں روپے کی سرمایہ کاری کے باوجود کانسی کا ایک تمغہ بھی کیوں حاصل نہیں کر سکے؟ تمہارے کھلاڑی ٹریننگز اور کوچنگ کے باوجود کمال کیوں نہیں کر سکے؟ میرا خیال ہے وزیراعظم کو ان سے حساب لینا چاہیے تھا۔

آپ یقین کریں ہم خواجہ سرا کے بچے کی طرح ارشد ندیم کو چوم چوم کر مار رہے ہیں یہ بے چارہ کامیابی کے اتنے صدمے برداشت نہیں کر سکے گا آپ اسے اگلے سال کسی میچ میں بھجوا کر دیکھ لیجیے گا یہ آپ کو بری طرح شرمندہ کرائے گا کیوں؟ کیوں کہ ہم نے اس کی وہ بھوک وہ ڈرائیو ہی مار دی ہے جس سے اس نے جنم لیا تھا ہمیں چاہیے تھا ہم اسے چھوٹا سا گھر گاڑی اور تاحیات تنخواہ دے دیتے اس کے نام پر ایک فنڈ بناتے گورنمنٹ اور بزنس مین اس فنڈ میں رقم جمع کرا دیتے اسے زمین کا ایک ٹکڑا الاٹ کر دیا جاتا یہ وہاں جیولین کی اکیڈمی بنا لیتا اور اپنے جیسے بچے تلاش کر کے ان کو ٹریننگ دیتا جب کہ ہم نے اسے بھکاری بنا دیا ہے۔

ٹریننگ کے لیے اس کے پاس پہلے بھی وسائل نہیں تھے اور اب بھی نہیں ہیں یہ اب بھی کھیتوں میں نیزہ بازی کی پریکٹس کرے گا میری حکومت سے درخواست ہے آپ ملک کی تمام سرکاری اسپورٹس آرگنائزیشنز ختم کر دیں ملک کو کسی اسپورٹس بورڈ وزیر یا وزارت کی ضرورت نہیں ہے یہ سرمائے توانائی اور وقت کا زیاں ہے آپ اس کے بجائے یہ رقم ریکارڈ ہولڈرز میڈل ہولڈرز اور چیمپئنز کو دے دیں یہ اپنی اپنی اکیڈمیز اور کلب بنائیں اور نئے کھلاڑیوں کو ٹریننگز دیں کھلاڑی جب ایک خاص حد کو چھو لیں تو حکومت انھیں مقابلوں میں بھجوا دے اور اگر یہ کامیاب ہو جائیں تو حکومت کی طرف سے ان کے لیے انعامات اور اعزازات فکس ہوں یہ انھیں خود بخود مل جائیں حکومت کا اس میں کوئی عمل دخل ہی نہ ہو آپ اس میں سنگاپور اور ہانگ کانگ کی مثال لے سکتے ہیں یہ دونوں ملک اولمپکس میں گولڈ میڈل لینے والے کھلاڑیوں کو ایک ملین ڈالر دیتے ہیں اور بس یہ کھلاڑیوں کو ارشد ندیم کی طرح چوم چوم کر نہیں مارتے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دہشت گردی کیخلاف جنگ

ایک بنیادی بات یہ سمجھنی ہوگی کہ پاکستان میں دہشت گردی کوئی عام جرائم جیسا مسئلہ نہیں ہے اور نہ ہی اسے محدود فریم ورک میں دیکھنا چاہیے۔ دہشت گردی کی بہت سی جہتیں ہیں۔ انتہا پسندی، شدت پسندی اور پرتشدد رجحانات دہشت گرد گروہوں کو تقویت دیتے ہیں۔

سوچنے کی بات یہ ہے کہ نیشنل سیکیورٹی پالیسی ہو یا نیشنل ایکشن پلان یا پیغامِ پاکستان سمیت قومی اور صوبائی و ضلعی سطح پر ایپکس کمیٹیوں کی تشکیل سے لے کر وفاقی اور صوبائی انٹیلی جنس اداروں اور پولیس کی موجودگی کے باوجود دہشت گردی کم نہیں ہو رہی بلکہ مسلسل بڑھ رہی ہے۔ چند روز قبل بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی میں جہاں سیکیورٹی فورسز کو ٹارگٹ کیا گیا، وہاں صوبائیت کی بنیاد پر پنجاب کے لوگوں کو شناختی کارڈ دیکھ کر قتل کیا ہے، کئی مقامات میں دہشت گردی کو فرقہ وارانہ کے روپ میں انجام دیا گیا ہے۔

بلوچستان میں ایک طرف جمہوری اور آئینی فریم ورک میں رہ کر کام کرنے والے سیاستدان اور سوشل ورکرز ہیں اور دوسری طرف وہ لوگ جنھوں نے ریاست کے خلاف بندوق اٹھائی ہوئی ہے۔ دونوں کے حوالے سے وفاق اور مین اسٹریم سیاسی قیادت کی حکمت عملی میں یکسانیت نہیں ہے۔ بلوچستان ہی نہیں خیبر پختونخوا بھی شورش اور دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے۔ یہ ہے اور ایسے لگتا ہے کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں جو کچھ ہو رہا ہے، وہ ہماری اجتماعی ناکامی ہے۔

وجہ صاف ظاہر ہے کہ جب ہم ریاست اور عوام کے مفادات کا تحفظ کرنے کے بجائے سیاسی اور گروہی مفادات کو ترجیح دیں گے، سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کریں گے، مخالفت برائے مخالفت کا وطیرہ اختیار کریں گے تو دہشت گردی کا خاتمہ کیسے ہوگا۔ ریاست کی بقا اور عوام کے جان و مال کا تحفظ ہماری ترجیحات میں کمزور ہو جائے گا۔ اس وجہ سے جو خلا پیدا ہو رہا ہے، وہ ہر صورت دہشت گردوں کو موقع دیتا ہے کہ وہ ریاست کی رٹ کو چیلنج کر کے اپنی رٹ کو مضبوط بنائیں۔ اس لیے مسئلہ درست ترجیحات کا ہے اور اگر ہم نے دہشت گردی یا سیکیورٹی کے مسائل پر بھی سیاست ہی کرنی ہے تو پھر یاد رکھیں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہم بہت پیچھے رہ جائیں گے۔

یہ تھیوری کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں جو دہشت گردی ہو رہی ہے، اس میں بھارت ملوث ہے، اگر یہ منطق درست ہے تو تب بھی یہ ہماری داخلی پالیسیوں اور ناکام حکمت عملیوں سے جڑی ہوئی بات ہے کہ ہم دشمن کی حکمت عملیوں کا مؤثر اور کامیاب جواب دینے میں ناکام ہیں۔ اس لیے ایک بڑے سیاسی اتفاق رائے کے بغیر ہم دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ نہیں جیت سکیں گے۔ حالیہ ایپکس کمیٹی میں سول اور فوجی قیادت میں اتفاق رائے ہے کہ دہشت گردی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، آپریشن عزم استحکام کے لیے حکومت کی جانب سے بیس ارب روپے کی منظوری سمیت دہشت گردوں کو سختی سے کچلنے اور ان سے کسی بھی سطح پر مذاکرات نہ کرنے کا فیصلہ بجا ہے اور واقعی ریاست سمیت اداروں کو اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرنا چاہیے۔ البتہ ملک کی مین اسٹریم سیاسی قیادت اور اتحادی حکومت کی ذمے داری بنتی ہے کہ وہ باہمی ہم آہنگی کا مظاہرہ کریں، سیاسی ڈائیلاگ کا دروازہ کھولیں، سب کے نقطہ نظر کا احترام کیا جائے۔

وزیراعظم شہباز شریف کی گفتگو اور وفاقی وزرا کی پریس کانفرنسز میں دہشت گردی اور اس کے خاتمہ کے لیے بنائی گئی حکمت عملی پر بات کم ہوتی ہے جب کہ بانی پی ٹی آئی پر مخالفانہ نشتر پر بیان بازی زیادہ ہوتی ہے۔ یہ پالیسی درست نہیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ وفاقی وزیر داخلہ اور چیئرمین پی سی بی میں سے کوئی ایک عہدے اپنے پاس رکھیں۔ کیونکہ وزارت داخلہ بہت زیادہ توجہ کی طالب ہے جب کہ پی سی بی کا کام بھی خاصا مشکل ہے۔

وفاقی وزیر داخلہ کا یہ بیان کہ دہشت گرد ایک ایس ایچ او کی مار ہے، دہشت گردی کی سنگینی سے لاعلمی کو ظاہر کرتا ہے۔ وزیراعظم کا یہ بیان کہ جو اعلیٰ افسران بلوچستان میں کام کریں گے ہم ان کو زیادہ مراعات دیں گے، بیوروکریسی کے رولز اینڈ ریگولیشنز کے خلاف لگتا ہے۔ مسلم لیگ ن کے بعض وزرا اور ان کے ہم خیال میڈیا پرسنز رسمی اور غیر رسمی (ڈیجیٹل میڈیا (میں بلوچستان اور کے پی کے حوالے سے صوبائی کارڈ کھیلنے کی کوشش کر رہے ہیں جو حالات کو مزید خراب کرنے کا بھی سبب بن سکتا ہے۔ یہ سمجھنا ہوگا کہ بلوچستان اور کے پی کے بہت سے معاملات ایسے ہیں جن کو سیاسی مفاہمت اور سیاسی حکمت عملیوں کی مدد سے حل کیا جانا چاہیے۔ وفاقی حکومت اور صوبائی حکومتیں درست سمت میں اور مؤثر حکمت عملی کی بنیاد پر معاملات سے نمٹنے کی کوشش کریں۔ کیونکہ ہم پہلے

ہی سیاسی غلطیوں کا خمیازہ بھگت رہے ہیں اور ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھ کر آگے بڑھنا ہی مؤثر حکمت عملی ہو سکتی ہے۔

جہاں تک بھارت یا افغانستان کے معاملات ہیں اس پر بڑا قومی اتفاق درکار ہے۔ افغانستان میں موجود طالبان حکومت پاکستان کے خدشات اور نقطہ نظر کو قبول کرنے کے لیے تیار نظر نہیں آ رہی۔ اس لیے جہاں ہمیں داخلی مسائل درپیش ہیں وہیں، ہمیں علاقائی پالیسی میں بھی غیر معمولی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا۔ روایتی اور فرسودہ طور طریقوں سے مسائل کا حل ممکن نہیں ہو سکے گا۔ اگر ہمارے پاس بھارت اور افغانستان کے خلاف ثبوت ہیں اور یقیناً موجود ہیں تو ہمیں سفارتی اور ڈپلومیسی کی بنیاد پر اپنی حکمت عملی پر توجہ دینی ہوگی کہ ہم کیسے عالمی دنیا کو ان دو ممالک کی مداخلتوں پر روک سکتے ہیں۔

یہ واقعی سنجیدہ مسئلہ ہے کہ ملک میں دوبارہ کسی بھی طور پر لسانی یا فرقہ وارانہ لہر کو تقویت نہیں ملنی چاہیے۔ لیکن یہ کام قومی اتفاق رائے کے بغیر ممکن نہیں ہو سکے گا۔ بلوچستان ہو یا کے پی کے ہمیں قومی سطح پر سیکیورٹی کی حساسیت کے معاملے کو سمجھنا ہوگا اور ایک ایسی حکمت عملی کو ہی اختیار کرنا ہوگا جو کارگر ثابت ہو۔ نیشنل سیکیورٹی سمیت سی پیک کے معاملات ہوں یا پاک چین تعلقات میں بہتری سمیت علاقائی ترقی اور تعاون کے امکانات ہوں سب اہمیت رکھتے ہیں اور ہمیں قومی سطح پر ریاستی اداروں کی مشکلات کا بھی اندازہ ہے کہ وہ خود ان حالات میں کن چیلنجز سے گزر رہے ہیں۔ لیکن جب تک سیاسی قیادت وفاقی اور صوبائی حکومتیں خود دہشت گردی کی جنگ کی قیادت نہیں کریں گی، ہم عملاً کچھ نہیں کر پائیں گے۔

اسی طرح یہ جنگ محض ریاستی اداروں یا حکومتوں تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ اجتماعی طور پر معاشرے کے دیگر طبقات جن میں ملک میں موجود سول سوسائٹی، میڈیا، وکلا، انتظامی افسران سب کو یہ بوجھ اٹھانا ہوگا، کیونکہ دہشت گردی قومی مسئلہ ہے اور اس قومی مسئلہ میں قوم کو ہی اپنا اپنا حصہ ذمے داری کے ساتھ منصفانہ اور شفافیت کی بنیاد پر ڈالنا ہوگا۔ ایک دوسرے پر ذمے داری کو ڈالنا اور محض ماضی کا ماتم کرنے سے ہم کچھ نہیں کر سکیں گے بلکہ اس کا براہ راست فائدہ دہشت گردوں اور دشمن ممالک کو ہوگا اور اس کی ذمے داری بھی ہمیں ہی لینی ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆

سیاسی جدوجہد ہی واحد راستہ

کرم ضلع میں امن کے لیے گرینڈ جرگے میں امن معاہدہ ہوگیا ہے۔ اس معاہدے کے تحت اسلحہ حکومتی سرپرستی میں جمع کیا جائے گا۔ کسی شرپسند کو پناہ دینے والا مجرم تصور ہوگا۔ معاہدے پر 45 سنی اور 45 شیعہ اراکین نے دستخط کر رکھے ہیں۔ اس معاہدے میں کہا گیا ہے کہ سوشل میڈیا پر نفرت پھیلانے والے افراد کو دشمن تصور کیا جائے گا اور لڑائی کو مذہبی رنگ نہیں دیا جائے گا۔ لیکن ابھی کرم اور پارا چنار میں امن بہت دور ہے۔ حکومت بھی تاحال معاہدے پر عمل درآمد نہیں کرا سکی۔ البتہ باتیں کی جا رہی ہیں۔ اس معاہدے پر دستخط کے ساتھ ہی پورے ملک میں اس ایشو پر جاری دھرنے ختم کر دیے گئے ہیں۔ کرم میں قیام امن اور پاراچنار کے راستے کھولنے کے مطالبے کے لیے ملک کے مختلف شہروں میں وحدت المسلمین کی اپیل پر اس کے کارکنوں نے دھرنے دیے تھے مگر سب سے زیادہ خراب صورتحال کراچی میں پیدا ہوئی تھی۔

کراچی شہر کے 22 کے قریب علاقوں میں دھرنوں کی بنا پر زندگی معطل ہو کر رہ گئے تھے۔ کراچی ایئرپورٹ جانے آنے میں بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ کراچی کے میئر مرتضیٰ وہاب نے کوشش کی کہ شہریوں کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے دھرنے ختم ہو جائیں مگر مرتضیٰ وہاب کو کوئی کامیابی حاصل نہیں ہوئی۔ مرتضیٰ وہاب نے یہ بیانیہ پیش کیا کہ پاراچنار کی صورتحال قابلِ مذمت ہے مگر اس صورتحال کی ذمے داری خیبر پختون خوا کی تحریک انصاف کی حکومت پر عائد ہوتی ہے، یوں پشاور میں وزیراعلیٰ ہاس کے سامنے دھرنے دیے جائیں۔

بہرحال کراچی شہر میں 60 مقامات پر دھرنے دینے کا اعلان کر دیا گیا تھا۔ 26 دسمبر میں شہر میں دھرنے شروع ہوئے۔ پولیس نے دھرنے ختم کرانے کے لیے شہر کے مختلف علاقوں میں آپریشن بھی کیے گئے، یوں دھرنوں کے شرکا اور پولیس میں تصادم کی خبریں بھی آئیں۔ مگر انتظامیہ کی مصالحتی کوششوں سے شہر بڑے سانحے سے بچ گیا۔ 31 دسمبر کو رات سات بجے تک شہر کے حالات انتہائی خراب تھے مگر اگلے دو گھنٹوں کے بعد شہر پر سکون

ہوگیا۔ کیونکہ امن معاہدے کے بعد پورے ملک سے دھرنے ختم کر دیے گئے۔

1977 میں جنرل ضیا الحق نے ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت کا تختہ الٹ دیا تھا تو تب پورے ملک میں سیاسی

تحریر: ہمدان عبداللہ

سرگرمیاں معطل کر دی گئیں تھیں۔ جنرل ضیا الحق نے اقتدار میں آتے ہی 90 دن میں انتخابات کرانے کا اعلان کیا مگر جنرل صاحب اپنے وعدے کو بھول گئے اور انھوں نے اسلامی نظام کے نفاذ کا فریضہ سنبھال لیا۔

دائیں بازو کی مذہبی جماعتوں نے جنرل ضیا الحق کے خود ساختہ مشن کی حمایت کا فیصلہ کیا۔ جنرل ضیا الحق کی حکومت نے کئی متنازع قوانین نافذ کیے۔ تمام جمہوریت پسند جماعتوں نے جنرل ضیا الحق کے مارشل لا اور حکومت کو مسترد کر دیا تھا۔ صحافیوں، وکلا تنظیموں اور کمزور سول سوسائٹی نے ضیا الحق کی آمریت کے خلاف آواز بلند کرنا شروع کی۔ انسانی حقوق اور شہری آزادیوں کے تحت ان بین الاقوامی تنظیموں نے جنرل ضیا الحق نے حکومت کی مخالفت کی۔

جب جنرل ضیا الحق کی مخالف سیاسی جماعتوں نے تحریک بحالی جمہوریت قائم کی تو ایم آر ڈی میں شامل جماعتوں نے جنرل ضیا الحق کی حکومت اور اس کے بنائے ہوئے قوانین کو مسترد کر دیا تھا۔ اس دوران ایران میں آیت اللہ خمینی نے شہنشاہ ایران کا تختہ الٹ دیا اور ایران میں ایک مذہبی حکومت قائم ہوئی۔ ایرانی انقلاب کے حامیوں کا خیال تھا کہ آیت اللہ خمینی کا یہ انقلاب تمام مسلمانوں کا انقلاب ہے اور جس کو تمام دنیا بھر کے مسلمان قبول کریں گے مگر ایسا نہ ہو سکا۔ اس دوران پاکستان میں فرقہ واریت کو ہوا ملی اور کئی تنظیمیں قائم ہوئیں۔

ایک تنظیم نے کراچی کے ایم اے جناح روڈ پر دھرنا دیا تھا اور پھر اسلام آباد پر دھاوا بول دیا گیا تھا۔ جنرل ضیا الحق نے کچھ مطالبات مان لیے مگر اب فضا میں فرقہ وارانہ تضاد ابھر کر سامنے آنے لگا۔ یوں اب معاملہ انسانی حقوق

کے تحفظ اور سیاسی جدوجہد کے بجائے فرقہ وارانہ شکل اختیار کر گیا۔ یوں جنرل ضیا الحق کی حکومت کی مخالف جماعتوں نے جو سیاسی حکمت عملی اختیار کی تھی وہ پسِ پشت چلی گئی جس سے مستقبل میں نقصانات ظاہر ہوئے۔

پاکستان ایران اور عراق کی پراکسی جنگ کا شکار ہوا اور ساتھ ہی افغانستان کی جنگ کے اثرات بھی پاکستان کی سیاست اور معاشرت پر پڑے۔ اس جنگ میں زیادہ نقصان کراچی کا ہوا۔ 82، 83، 84 اور 85 تک کراچی شہر کے بہت سے علاقے مہینوں کرفیو کی زد میں رہے۔ پاراچنار میں جو ہوا اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہوگی۔

تمام سیاسی جماعتوں نے پاراچنار کے واقعے کی مذمت کی، سول سوسائٹی کی تنظیموں نے پاراچنار کی عوام سے یک جہتی کے لیے مظاہرے کیے، ذرائع ابلاغ پر پاراچنار کے المیے کی خوب تشہیر ہوئی، یوں ایک انسانی المیہ ابھر کر سامنے آیا مگر اچانک ایک مخصوص جماعت کے بعض افراد نے مختلف شہروں میں دھرنے شروع کیے جس کی بنا پر یہ مسئلہ محدود ہو گیا، اگر صرف سیاسی جماعتیں اور سول سوسائٹی اس مسئلے پر احتجاج کرتی رہتیں تو اس کے نتائج زیادہ سودمند ثابت ہوتے۔

سیاسی جماعتیں خیبر پختون خوا سمیت پورے ملک میں احتجاج کرتیں اور یہ ایک تحریک کی شکل اختیار کرتیں تو کرم کا مسئلہ زیادہ وسیع پیمانے پر عوامی توجہ کا مرکز بنتا اور عوام متحد ہو کر سیاسی تحریک چلاتے ہیں تو اس طرح کی تحریک کے دوررس نتائج برآمد ہوتے ہیں اور اس مسئلے کا مستقل حل نکل آتا ہے، خیبر پختونخوا کی حکومت پر بھی دباؤ بڑھتا خیبر پختونخوا کی سیاسی قیادت پر بھی دباؤ پڑتا تو وفاقی حکومت بھی دباؤ میں آتی اور مین اسٹریم سیاسی جماعتوں کی قیادت بھی دباؤ میں آتیں مگر ایسا نہ ہوا۔

اگر برصغیر میں آزادی کے لیے چلنے والی تحریکوں کا جائزہ لیا جائے تو یہ فرق واضح نظر آتا ہے کہ فرقہ وارانہ بنا پر چلائی جانے والی تحریکوں کے نقصانات زیادہ ہوئے اور عوام میں جو تقسیم ہوئی اس کا شدید نقصان ہوا۔ جب سیاسی جماعتوں نے آزادی کی تحریک شروع کی اور اس میں تمام مکتبہ فکر اور مذاہب کے لوگ شامل ہوئے تو انگریز سرکار کو ہندوستان چھوڑنے کا فیصلہ کرنا پڑا۔

بلوچستان کے حالات

بلوچستان میں 25 اور 26 اگست کی درمیانی شب میں جو ہوا، اس پر آج کل بہت بحث ہو رہی ہے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ بلوچستان کی صورتحال اس بات کا تقاضا کر رہی ہے کہ ہم بلوچستان پر اپنی پالیسی کی سمت درست کریں۔ میرے نزدیک پہلی بات یہ ہے کہ ہم طے کریں کہ بلوچستان میں ہتھیار بند عناصر ناراض بلوچ ہیں یا وہ دہشت گرد ہیں۔ جب تک ہم یہ طے نہیں کریں گے تب تک پالیسی کی سمت درست نہیں ہو سکتی۔

ہمارے کچھ دوستوں کا اصرار ہے کہ ان کو ناراض بلوچ کے سیاسی نام سے لکھا اور پکارا جائے۔ ان کے بقول یہ باغی لوگ ریاست سے ناراض ہیں ان کو منانے کے لیے ریاست کو کوئی پالیسی اور حکمت عملی بنانی چاہیے۔ لیکن دوسری طرف یہ استدلال اور نقطہ نظر ہے کہ ماضی میں ان ہتھیار بند باغیوں کو منانے کی جتنی بھی پالیسیاں بنائی گئی ہیں ان کے کوئی مثبت نتائج سامنے نہیں آئے۔

بلکہ ریاست کو اپنی نرم پالیسیوں کا سخت نقصان ہوا ہے۔ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ جب جب ریاست نے آئین و قانون کو نظر انداز کر کے عسکریت پسندوں سے بات کی ہے ریاست کی رٹ کمزور ہوئی ہے اور عسکریت پسند مضبوط ہوئے ہیں۔ وہ اس بات چیت کی آڑ میں خود کو مضبوط اور منظم کرتے ہیں اور پھر دہشتگردانہ حملے کرتے ہیں۔

سب سے پہلے سمجھیں کہ بلوچ عسکری تنظیمیں کیا مانگ رہی ہیں؟ یہ بلوچ عوام کے حقوق نہیں مانگ رہیں۔ ان کا چارٹر آف ڈیمانڈ علیحدگی ہے۔ یہ ایک الگ آزاد اور خود مختار مملکت مانگ رہی ہیں اور اس کے لیے کام کر رہی ہیں۔ اب کیا ریاست پاکستان کسی علیحدگی پسند گروپ یا فرد سے اس مطالبے پر بات کر سکتی ہے کیا کسی ایسی تنظیم یا فرد سے بات ہو سکتی ہے جو خدانخواستہ ملک کو توڑنے کی سازش میں شریک ہے۔

ایسی کسی تنظیم سے کیسے بات ہو سکتی ہے، جس نے خود ساختہ ایک الگ ملک کا نقشہ ترانہ اور جھنڈا بنایا ہو۔ جو آئین پاکستان کو نہ مانتا ہو۔ اس لیے پہلی بات تو یہ سمجھنے کی ہے کہ نہ تو ایسے باغی عناصر نہ ناراض بلوچ ہیں نہ ان کے مطالبات آئین پاکستان کے دائرہ کار کے اندر ہیں اور نہ یہ بلوچ عوام کے بنیادی حقوق مثلاً مفت تعلیم انفرا اسٹرکچر

کی تعمیر سرکاری نوکریاں وغیرہ مانگ رہے ہیں۔ یہ پاکستان کو توڑنے کے لیے کام کر رہے ہیں لہٰذا ہم جب بھی ان سے مذاکرات کرتے ہیں، دراصل ان کی مدد کرتے ہیں، ان کو زندگی دیتے ہیں۔

بھارت نے مشرقی پاکستان میں یہی کھیل کھیلا تھا۔ وہاں

تحریر: عمران چنگیزی

مکتی باہنی کے نام سے عسکری تنظیم بنائی گئی، ان کو ٹریننگ دی گئی اور پھر ان کو پاک فوج کے ساتھ لڑایا گیا۔ اس تمام تر ٹریننگ اور مدد کے باوجود پاک فوج نے مکتی باہنی کو شکست دے دی تھی۔ جس کے بعد بھارت کی فوجیں مشرقی پاکستان میں داخل ہوئیں اور انھوں نے مشرقی پاکستان کو الگ کیا۔ بلوچستان میں عسکری تنظیموں کو بھی مکتی باہنی کے ڈیزائن پر ہی کھڑا کیا گیا ہے۔ مکتی باہنی بھی پاکستان توڑنے کے لیے بنائی گئی تھی، آج یہ عسکری تنظیمیں بھی اسی مشن پر ہیں۔ میری رائے میں انھیں ملک دشمن تنظیموں کے طور پر ہی دیکھنا ہوگا۔

میں سمجھتا ہوں ہمیں سانحہ مشرقی پاکستان سے سبق سیکھنا چاہیے۔ ہمیں یہ طے کرنا چاہیے کہ دوبارہ کوئی سانحہ مشرقی پاکستان نہیں ہونے دیں گے۔ اس لیے ملک میں کسی نئی مکتی باہنی کی کوئی گنجائش نہیں۔ ملک میں کسی نئے مجیب الرحمان کی بھی کوئی گنجائش نہیں۔ ریاست کو ہر حال میں اپنی رٹ قائم رکھنی ہے۔ اس ضمن میں نرمی پاکستان کی وحدت کے لیے تباہ کن ہو سکتی ہے۔

میری رائے میں پرامن بلوچستان کے نام سے عسکریت پسندوں کو سرنڈر کروانے کا جو پروگرام شروع کیا گیا تھا اس کے بھی کوئی مثبت نتائج سامنے نہیں آئے ہیں۔ یہ لوگ جب ہارنے لگتے ہیں تو ان میں سے چند لوگ سرنڈر کرتے ہیں، واپس گھر آتے ہیں۔ اور پھر دوبارہ پرانا کام شروع کر دیتے ہیں، اس لیے جو بھی پکڑا جائے اسے قانون کے مطابق سزا دی جائے۔ یہی پاکستان کے آئین و قانون کا تقاضا ہے۔

پاکستان میں جمہوریت قائم ہے، لیکن اس جمہوریت میں ملک توڑنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ ان دہشت گردوں کا سیاسی مقدمہ لڑنے والے بھی اتنے ہی بڑے

مجرم ہیں جتنے بڑے دہشت گرد ہیں۔ ان دہشت گردوں کے لیے ہمدردی پیدا کرنے والے بھی ان کے ساتھی ہی سمجھے جانے چاہئیں کیونکہ یہ قوم اور ریاست کو کنفیوز کر رہے ہیں۔ یہ بعض نام نہاد سیاستدان ایسے بھی ہیں جن کا ایک بھائی فراری کیمپ چلا رہا ہے اور دوسرا بھائی ان کی سیاسی مدد کر رہا ہے لیکن ایجنڈا ایک ہی ہے۔ عسکریت پسند ریاست کو باہر سے اور ان کے ہمدرد سیاستدان اور اہل قلم ریاست کو اندر سے کمزور کر رہے ہیں۔ دونوں ایک ہی کام کر رہے ہیں اور ہم ان کے ٹریپ میں آ جاتے ہیں۔ میری رائے میں جیسے دہشت گردی کرنے والے مجرم ہیں، ان کی حمایت کرنے والے بھی اسی کیٹیگری میں شامل ہیں۔ آپ مکتی باہنی اور شیخ مجیب الرحمان کے اتحاد کو سمجھیں۔ شیخ مجیب ان کا سیاسی مقدمہ لڑتا تھا اور وہ عسکری لڑائی لڑتے تھے، دونوں ایک تھے۔ اس لیے ہمیں ان کے سیاسی ساتھیوں کو بھی پہچاننا ہے۔ ان کو بار بار موقع دیا گیا ہے لیکن انھوں نے ہر بار پاکستان سے دھوکا کیا ہے۔

دہشت گرد اتنے مضبوط نہیں ہیں کہ ریاست سے لڑ سکیں۔ لیکن اگر ہم نے 1971 کی طرز پر کوتاہی کی تو پھر یہ مضبوط سے مضبوط تر ہوتے جائیں گے۔ ان کے خلاف ایک مؤثر پالیسی بنانا ہوگی۔ ابھی ان کی تعداد کم ہے لیکن یہ بڑھ رہے ہیں۔ ان کو مزید وقت دیا گیا تو پھر یہ ریاست سے مضبوط ہو جائیں گے۔ جو آئین پاکستان کو نہیں مانتا اس کی کوئی گنجائش نہیں۔ جو ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھاتا ہے اس کی بھی کوئی گنجائش نہیں۔

اب تو مسنگ پرسنز کا ایشو بھی خاصا ایکسپوز ہو گیا ہے۔ اب تو قوم کے سامنے آ گیا ہے کہ جو لوگ دہشت گرد تنظیموں میں شامل ہو جاتے ہیں، ان کی بھی مسنگ پرسن کی ایف آئی آر کٹوا دی جاتی ہے۔ ان کو مسنگ قرار دے کر ریاست پر مقدمہ کر دیا جاتا ہے۔ 25 اگست کی رات جو دہشت گرد مارے گئے ہیں، ان کے نام بھی مسنگ پرسن کی لسٹ میں شامل تھے۔ ان کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ وہ ریاست نے غائب کیے ہوئے ہیں۔ حالانکہ وہ فراری کیمپوں میں ٹریننگ کر رہے تھے۔ اسی طرح جب پاکستان نے ایرانی جارحیت کے جواب میں ایران میں دہشت گرد کیمپوں پر میزائیل مارا تو وہاں جو عسکریت پسند مارے گئے تھے۔ ان کے لواحقین بھی اسلام آباد میں مسنگ پرسن کے طور پر بیٹھے ہوئے تھے۔

امانت آخر لوٹانی ہے

یہ ان دنوں کی بات ہے جب میں موت اور مرنے سے پیچھا چھڑانے کیلئے دوڑتا رہتا تھا میں اپنی مرضی سے نہیں دوڑتا تھا، میرے کارڈیالوجسٹ نے مجھے تنبیہ کی تھی کہ میاں مٹھو، تم لگاتار دوڑتے رہو۔ جب تک دوڑتے رہو گے تب تک زندہ رہو گے۔ دوڑنا چھوڑ دو گے تو مر جاؤ گے۔ یہ دلفریب دنیا مجھے اچھی لگتی ہے۔ میں یہاں سے جانا نہیں چاہتا۔ یہاں رہنے کیلئے میں دوڑتا رہتا تھا۔ میں جس دور کی بات آپ کو سنا رہا ہوں وہ دور بڑا ہی پراسرار دور تھا۔ تب اسلام آباد کی آبادی ایک لاکھ سے کم لوگوں پر مشتمل تھی۔ مشورے دینے والے دریا دل ہمیں سورج غروب ہونے کے بعد گھر سے باہر نکلنے سے منع کرتے تھے۔ خونخوار جانوروں کا ذکر کرنے کے بعد شد و مد سے سور کا ذکر کرتے تھے۔ کہتے تھے۔ سورج غروب ہو جانے کے بعد سوروں کے ریوڑ گرین بیلٹ سے نکل آتے ہیں اور اسلام آباد پر راج کرتے ہیں۔ ہماری نفسیات بڑی نرالی، عجیب و غریب ہوتی ہے۔ ہم روزہ نماز کے پابند نہ سہی، دوست احباب کیساتھ ملکر ٹن ہونے کو معیوب نہیں سمجھتے۔ رشوت دینے رشوت لینے کو ہم برا نہیں سمجھتے۔ مختلف سرکاری پروجیکٹس کا صفایا کرنے میں ہم سے بڑا ہنرمند آپ کو کائنات میں کہیں نہیں ملے گا۔ عیش و عشرت کو اپنا حق سمجھتے ہیں۔ مگر عقیدے کے حوالہ سے کچھ چیزیں ایسی ہیں جو ہم ایک لمحہ کیلئے قبول نہیں کرتے۔ خطاکار کو ہم خود پکڑتے ہیں، خود عدالت بن کر قصوروار کو سزا سناتے ہیں اور سزا پر عمل درآمد کرنے کیلئے پھانسی گھاٹ کا لیور خود چلاتے ہیں۔ بدبخت مجرم کو سرعام کوڑے مارتے ہوئے حتمی انجام تک پہنچاتے ہیں۔ اس سے ہمارے عقیدے میں ہماری روحانی کیفیت کا آپ بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں۔ ایسی بیہودہ باتیں ہم ایک لمحہ کیلئے برداشت نہیں کر سکتے۔ یاد کرنے کی کوشش کیجئے پچھلے دنوں ایک گستاخ فیکٹری منیجر کی وہ گت بنائی تھی کہ دنیا بھر کے لوگوں کو ہم نے ہلا کر رکھ دیا تھا۔ ناقابل برداشت چیزوں میں ایک بدبخت سور کا نام بھی آتا ہے۔ ہم ویتنام، کمبوڈیا، کوریا، چین میں کتے بلیوں اور چھچھوندر کا قورمہ تناول کر سکتے ہیں مگر سور کے گوشت کی ایک بوٹی ہم اپنی پلیٹ میں برداشت نہیں کر سکتے۔ ہم بھوکے مر جائیں، مگر سور کے گوشت کو آخری سانسوں تک ہاتھ نہیں لگا سکتے۔

ہم جانتے ہیں کہ سور باولے کتے کی طرح ہمیں کاٹ نہیں سکتا۔ شیر اور چیتوں کی طرح سور ہمیں چیر پھاڑ کر کھا نہیں سکتا۔ خونخوار جانوروں کی طرح سور گوشت خور جانور نہیں ہے۔ مگر ہم سور سے بے پناہ نفرت کرتے ہیں۔ ہم شیر اور چیتے سے نفرت نہیں کرتے ہم شیر اور چیتوں سے ڈرتے نہیں۔ ہم خونخوار جانور سے ڈرتے نہیں۔ بھیڑ، بکریوں، خرگوش، گائے، بیل اور گینڈے سے نہیں ڈرتے، ہاتھی سے نہیں ڈرتے۔ مگر جب عالموں اور دانشوروں نے ہمیں متنبہ کیا کہ سورج غروب ہونے کے

بعد آپ اسلام آباد میں کسی قسم کی دوڑ دھوپ سے اجتناب کریں۔ سورج غروب ہونے کے بعد سور اسلام آباد کے راستوں اور سڑکوں پر نکل آتے ہیں۔ اور آپ کا جینا دوبھر کر دیتے ہیں۔ تب سے ہم اسلام آباد میں سورج غروب ہو جانے کے بعد خود بھی غروب ہو جاتے تھے۔ ڈر کے مارے، ہم نے سورج غروب ہونے کے بعد اسلام آباد کی سڑکوں کی طرف جھانک کر بھی نہیں دیکھا تھا۔ سورج غروب ہونے تک، میں مارگلہ روڈ پر دوڑتا رہتا تھا۔ میں اپنی مرضی سے نہیں دوڑتا تھا۔ مجھے کارڈیالوجسٹ نے کہا تھا کہ بچو! جب تک دوڑتے رہو گے تب تک زندہ رہو گے۔ دوڑنا چھوڑ دو گے، مر جاؤ گے۔ یہ فریبی دنیا مجھے اچھی لگتی ہے۔ دیکھی ہوئی دنیا چھوڑ کر میں کہیں نہیں جانا چاہتا۔ مگر اب میں دوڑ نہیں سکتا۔ میرے کارڈیالوجسٹ کو بتا دیجئے۔ لگتا ہے یہ دلفریب دنیا چھوڑ جانے کی گھڑی آن پہنچی ہے۔ کبھی کبھار ایسا بھی ہوتا تھا کہ مارگلہ روڈ پر دوڑتے ہوئے مارگلہ کی سرسبز پہاڑیوں پر چڑھ جاتا تھا۔ ایک مرتبہ مارگلہ کی پہاڑیوں میں دوڑتے ہوئے مجھے ایک گیدڑ دکھائی دیا۔ وہ تھکا ہارا اور بے بس دکھائی دے رہا تھا۔ ہانپتا کانپتا گیدڑ جب میرے قریب سے گزرا میں نے اس سے پوچھا۔ مجھے تو تمہارے تعاقب میں کوئی بھیڑیا، ریچھ، چیتا دکھائی نہیں دیتا۔ تم کس سے اپنی قیمتی جان بچانے کیلئے دوڑ رہے ہو؟۔

اس نے جواب نہیں دیا۔ دوڑتا رہا۔ میں نے نرم اور گرم لہجہ میں کہا گیدڑ بھائی، میں آپ سے پوچھ رہا ہوں۔ آپ کے تعاقب میں آتے ہوئے مجھے بھیڑیے دکھائی نہیں دیتے۔ تم کس سے جان بچانے کیلئے دوڑ رہے ہو۔ اس نے ہانپتی کانپتی آواز میں کہا۔ جان بچانے کیلئے بھاگنے والے گیدڑ نہیں ہوتے، جیسے تم۔ مجھے سمجھنے میں دیر نہ لگی۔ میں نے ہمدردی جتاتے ہوئے کہا۔ ان سی آئی ڈی والوں نے ہم عام آدمیوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ گیدڑ نے کہا میں سی آئی ڈی والوں سے جان بچانے کیلئے نہیں بھاگ رہا۔ میں نے تعجب سے پوچھا تو کیا بھتہ خوروں سے بھاگ رہے ہو۔ میں ایک مرتبہ بہت بھوکا تھا۔ بھوتار سائیں نے ایک ووٹ کے عوض مجھے بریانی کھلائی تھی۔ گیدڑ نے کہا۔ جب تک بڑا بھوتار سائیں زندہ تھا، میں مفت بریانی کے عوض اسے ووٹ دیتا رہا۔ بڑے بھوتار سائیں جا بسے ہیں جنت میں، اب چھوٹا بھوتار سائیں پچاس برس پہلے کھائی ہوئی مفت کی ایک بریانی کی پلیٹ کے عوض مجھ سے ووٹ مانگ رہا ہے۔ اس نے اپنے غنڈے میرے پیچھے لگا دیئے ہیں۔ ان بدمعاشوں سے بچنے کیلئے میں بھاگتا رہتا ہوں۔ اس سے پہلے کہ میں کچھ کہتا، گیدڑ نے پوچھا تم کیوں بھاگ رہے ہو؟ میں نے کہا میرے پاس امانت ہے۔ وہ مجھے ہر حال میں لوٹانی ہے۔ مگر میں امانت لوٹانا نہیں چاہتا۔ اس لئے دوڑ رہا ہوں۔

غزہ پر پولیو کا حملہ

سات اکتوبر سے پہلے تک دنیا میں صرف دو خطے تھے جہاں پولیو کے وائرس نے پناہ لے رکھی ہے) پاکستان اور افغانستان (۔ مگر اب غزہ بھی اس فہرست میں شامل ہو گیا ہے۔ وہاں جولائی میں پولیو کا پہلا کیس دریافت ہوا۔ اب تک متاثرین کی تعداد تین ہو چکی ہے۔ دنیا نے عالمی ادارہ صحت کی قیادت میں عشرے لگا کے اربوں ڈالر کے صرفے سے پولیو کے خلاف جو جنگ ننانوے فیصد تک جیت لی تھی۔ لگتا ہے غزہ میں انسانیت کے ساتھ ساتھ پولیو کے خلاف کامیابی کو بھی اب پسپائی کا سامنا ہے۔ مقبوضہ فلسطین کو پچیس برس پہلے پولیو فری خطہ قرار دیا گیا تھا۔ وہاں ویکسینیشن کا تناسب اٹھانوے فیصد بتایا گیا تھا مگر اب پولیو کو غزہ کے تباہ حال سیوریج نظام میں ایک نیا گھر مل گیا ہے۔

عالمی ادارہ صحت کئی ہفتے جنگ بندی کے لیے گڑگڑاتا رہا تاکہ غزہ میں پانچ برس کی عمر تک کے لگ بھگ ساڑھے چھ لاکھ بچوں کی ہنگامی ویکسینیشن شروع ہو سکے۔ عالمی ادارہ صحت نے خبردار کیا کہ تساہل کی صورت میں معاملہ صرف غزہ تک نہیں رکے گا۔ اگر وائرس کو کھلی چھوٹ مل گئی تو پھر اسرائیل سمیت اردگرد کے ممالک بھی یقیناً اس کی زد میں آئیں گے۔

عالمی ادارہ صحت نے اب تک تین لاکھ خوراکیں کسی نہ کسی طور غزہ میں پہنچا دیں۔ غزہ کی تقریباً نصف آبادی) دس لاکھ (کو ویکسینیشن کی ضرورت ہے۔ ان میں وہ پچاس ہزار نوزائیدہ بچے بھی شامل ہیں جو سات اکتوبر کے بعد پیدا ہوئے ہیں اور ان کی ایک بار بھی ویکسینیشن نہیں ہو پائی۔

پولیو کے وائرس کو پھلنے پھولنے کے لیے اس وقت غزہ سے بہتر جگہ ملنا ناممکن ہے۔ وہاں سیوریج اور واٹر سپلائی کا نوے فیصد نظام ختم ہو چکا ہے۔ عمارتی ملبے اور گندگی کے پہاڑ بن چکے ہیں۔ ملبے تلے جانے کتنے عرصے سے کتنی لاشیں دبی پڑی ہیں۔ ہر دوسرے تیسرے روز غزہ کے کسی

نہ کسی علاقے کی آبادی کو ایک بار پھر اسرائیلی فوج کی جانب سے انخلا کا حکم مل جاتا ہے۔

صرف اگست کے مہینے میں غزہ کے لاکھوں شہریوں کو چودہ بار اپنی جگہ چھوڑنے کا حکم دیا گیا۔ اسرائیلی فوج کی جانب

تحریر: وسعت اللہ خان

سے غزہ کا نوے فیصد علاقہ فوجی کارروائی کے لیے کھلا ہدف قرار پایا ہے۔ ساحل کے ساتھ المواسی نامی دس مربع کیلو میٹر کا چوکور علاقہ واحد محفوظ جگہ ہے جہاں اس وقت فی مربع کیلو میٹر تیس سے چالیس ہزار انسان رہنے پر مجبور ہیں۔ ان کے پاس نہ خوراک ہے، نہ پانی اور نہ ہی گندگی کی نکاسی کا نظام۔ اس چھوٹے سے علاقے پر بھی حملے ہوتے رہتے ہیں۔

یوں سمجھئے کہ سات اکتوبر سے پہلے غزہ ناکہ بندی کے سبب ایک بڑا پنجرہ تھا۔ اب اس پنجرے کے اندر ہی دس گنا چھوٹا ایک اور پنجرہ بنا دیا گیا ہے۔ اس میں تمام آبادی ٹھونس کے مارنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

ایسے ماحول میں جب پوری آبادی سر پر گٹھڑی اٹھائے مسلسل گیارہ ماہ سے پناہ کی تلاش میں ماری ماری پھر رہی ہو۔ پولیو کے وائرس سے تحفظ ناممکن ہے۔ نہ ہی یہ حساب رکھا جا سکتا ہے کہ کس بچے کو سات اکتوبر سے پہلے کتنی بار ویکسین لگی یا بالکل نہیں لگی۔ عالمی ادارہ صحت کا اندازہ ہے کہ اب تک سیکڑوں بچے پولیو وائرس کی زد میں آ چکے ہیں مگر ان کے کیسز آنے والے مہینوں میں سامنے آئیں گے۔

عبدالرحمان نامی جس دس ماہ کے بچے کو جولائی میں پولیو کا پہلا اپاہج قرار دیا گیا ہے۔ اسے سات اکتوبر سے ذرا پہلے ہی پیدا ہونے کے چند دن بعد پہلی ڈوز دی جا چکی تھی۔ مگر جنگ کے نتیجے میں باقی دو ڈوز نہیں مل سکیں۔ چنانچہ اب اس کی ایک ٹانگ مفلوج ہو چکی ہے۔ عبدالرحمان کا خاندان اس عرصے میں جس جس جگہ

پناہ کی تلاش میں رکا وہاں پہلے سے انسانوں کا اژدھام موجود تھا اور آس پاس مسلسل گندہ پانی۔

فلسطینیوں کی مجموعی دیکھ بھال کی ذمے داری اقوام متحدہ کے ادارے انرا کی ہے۔ مگر انرا کی سرگرمیوں کو اسرائیل نے کالعدم قرار دے دیا ہے۔ اس کے باوجود انرا سے جڑے مقامی رضاکار اپنی جانیں خطرے میں ڈال کر جتنے بچوں تک پولیو ویکسین کی رسائی ممکن ہو سکتی تھی ممکن بناتے رہے۔ مگر یہ کوششیں آٹے میں نمک کے برابر تھیں۔ کیونکہ کسی بھی جگہ پولیو ویکسینیشن کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ پانچ برس کی عمر تک کے کم ازکم نوے فیصد بچوں کی کم ازکم دو بار ویکسینیشن ہو سکے۔

گزشتہ ہفتے عالمی ادارہ صحت نے غزہ میں پولیو ویکسینیشن کا ہفتے بھر کا شیڈول جاری کیا۔ مگر اسرائیل نے اس میں تعاون کرنے یا اس عرصے کے لیے جنگ روکنے سے صاف انکار کر دیا۔ چنانچہ علاقے میں ویکسین کے ذخائر پہنچائے جانے کے باوجود ویکسینیشن مہم کو ملتوی کرنا پڑا۔ خطرہ تھا کہ اگر اسرائیل جنگ جاری رکھنے پر بضد رہتا تو لاکھوں ویکسینز کا ذخیرہ گوداموں میں پڑے پڑے ضایع ہو سکتا تھا۔ تاہم اسرائیل نے غزہ میں لڑنے والے اپنے فوجیوں کی ویکسینیشن شروع کر دی۔

اب کہیں جا کے اسرائیل تین روز کی جنگ بندی پر آمادہ ہوا ہے۔ اس دوران عالمی ادارہ صحت، یونیسیف اور انرا سے جڑے رضاکاروں کو ساڑھے چھ لاکھ بچوں میں سے کم ازکم نوے فیصد تک پہنچنا ہے۔ ان رضاکاروں کی جنگ نہ صرف پولیو بلکہ وقت کے ساتھ بھی جاری ہے۔

غزہ کے لاکھوں بچوں کو ویکسینیشن کے لیے صرف بہتر گھنٹے کی جنگی مہلت اور اپنے فوجیوں کی ویکسینیشن کو ترجیح۔) حالانکہ بالغوں کو اس ویکسین کی ہنگامی ضرورت نہیں ہوتی (۔ صرف اس سوچ سے ہی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ پوری ریاست تہذیبی پستی کی کتنی گہری کھائی میں گر سکتی ہے۔ پستی میں گرنے کا یہ پہلا واقعہ نہیں۔ دو ہزار اکیس میں جب پوری دنیا کووڈ سے جوج رہی تھی۔ کئی ماہ کے انتظار کے بعد ویکسین آئی تو اسرائیل نے سب سے پہلے اپنے شہریوں کی ویکسینیشن کی۔

اسرائیل دوسرے ہدف کی طرف؟

ایک وقت آئے گا جب ہم پوری دنیا پر قابض ہو جائیں گے۔ یہ تھوڑے عرصے میں نہیں ہوگا اس کیلئے شاید ایک دو صدیاں درکار ہوں۔ ہم بے رحمی سے اپنے خلاف ہتھیار اٹھانے والوں اور ہمارے اقتدار کی راہ میں رکاوٹ ڈالنے والوں کو قتل کریں گے۔ کسی بھی شے سے متعلق تمام اداروں بشمول خفیہ تنظیموں کو بھی موت کی نیند سلا دیا جائے گا۔ موجودہ خفیہ تنظیمیں جنہوں نے ہماری بڑی خدمت کی ہے اور کر رہی ہیں، ہم ان کو بھی ختم کر دیں گے اور انہیں یورپ کے دور دراز علاقوں میں جلاوطن کر دیں گے۔ فری میسن کے غیر یہودی ممبران کے ساتھ بھی ہمارا یہی رویہ ہوگا کیونکہ یہ لوگ ہمارے بارے میں کافی معلومات رکھتے ہیں لیکن اگر مصلحتاً ہمیں ان سے صرف نظر کرنا پڑا تو بھی انہیں جلاوطنی کے خوف تلے رکھا جائے گا۔

یہ اقتباس جس کتاب سے لیا گیا ہے اس کا مشہور نام پروٹوکولز ہے۔ Protocols دیکھنے میں تو وہ محض ایک عام سی کتاب لگتی ہے مگر یہ کئی اعتبار سے انوکھی ہے۔ ایک تو

اس وجہ سے عام طور پر کسی کتاب کو ایک یا دو فرد لکھتے ہیں مگر اس کتاب کو یہودی داناؤں کی ایسی جماعت نے لکھا جو دنیا بھر سے منتخب کی گئی تھی۔ اس کتاب کو اس اعتبار سے بھی منفرد قرار دیا جائے گا کہ اس میں دنیا کیلئے خیر کی کوئی بات نہیں۔ اس میں جو کچھ تھا وہ بنی نوع انسان کیلئے شر ہی

تحریر: وسیم کھوڑو

شر تھا۔ اس کے مصنفین نے اپنے لیے تو سب کچھ سوچ سمجھ کر ترتیب دیا لیکن غیر یہود کیلئے ان کم ظرفوں کے پاس سوائے بدخواہی کے کچھ نہ تھا۔ عام طور پر لکھی جانے والی کتابیں چھپنے کیلئے ہوتی ہیں لیکن صہیونیوں کی پہلی اور آخری کوشش تھی کہ یہ کتاب کسی بھی طرح منظر عام پر نہ آنے پائے۔ پھر سوال ہے یہ کتاب غیر یہود کے ہاتھ کیسے لگی؟ یہ 1897 کی بات ہے روسی خفیہ ادارے کی Glinka نامی ایک ایجنٹ فرانس میں کام کر رہی تھی۔ اسے پتا چلا پروٹوکولز کی کاپی فرانس کے مزرایم لاج

میں موجود ہے۔ اس وقت یہ لاج فرانس میں فری میسن کا ہیڈ کوارٹر تھا۔ جلینکا کا ہاتھ دھو کر ان خفیہ دستاویزات کے پیچھے پڑ گئی۔ اس نے لاج کے ایک ملازم کو 5,000 فرانک کی بھاری رقم دیکر کتاب کی کاپی حاصل کی۔ جلینکا نے کاپی ہاتھ میں آتے ہی اس وقت کے روسی دارالحکومت سینٹ پیٹرز برگ پہنچا دی۔ یہودیوں کے چوٹی کے دانشور احتیاطی تدبیریں کرتے رہ گئے اور انکے دشمن یہ دستاویزات لے اڑے۔ جلینکا نے ایک کاپی اپنے پاس بھی رکھی۔ جب وہ اپنے آبائی ملک روس لوٹی تو اس نے Alexis Sukhotin نامی ایک سرکاری عہدیدار کو ان دستاویزات کی ایک کاپی دی۔ اس نے اپنے دوست Sergius A. Nilus کو دے ڈالی۔ نائلس نے 1901 میں اسے پہلی بار کتابی شکل میں چھاپا جس کا عنوان تھا: The Great Within the Small۔ اس زمانے میں یہ کتاب خفیہ چیزوں میں مقبول ترین تھی۔ یہودی پروٹوکولز ان تجاویز، منصوبوں، مستقبل کی پیش بندیوں کا اور پیش گوئیوں کا مجموعہ ہے جنہیں ایک مخصوص ہدف کیلئے دنیا کے چوٹی کے دماغوں نے سالہا سال کی عرق ریزی کے بعد ترتیب دیا تھا

عزم استحکام کا انتظار

پاکستان کے سب سے بڑے صوبے بلوچستان میں پاکستانیوں کی لاشیں مل رہی ہیں۔ بولان کی پہاڑیوں سے مردہ جسم مل رہے ہیں، سیاسی عدم استحکام، معاشی ابتری، اور قدرتی آزمائشوں نے وطن عزیز کو گھیر رکھا ہے، ایران جانے اور وہاں سے واپس آنیوالے زائرین اور اندرون ملک سفر کرنے والوں کی گاڑیوں کے اندوہناک حادثوں نے ملک کے طول و عرض میں صف ماتم بچھا دی ہے۔ یہ ارض پاک ان دنوں بے گناہ ہم وطنوں کے خون سے لہولہان ہے اور پوچھ رہی ہے کہ عزم استحکام کے جو اعلانات کیے گئے تھے وہ کہاں ہیں؟ خارجیوں نے غیر علانیہ طور پر پورا ملک یرغمال بنا رکھا ہے، ریاستی رٹ کا یہ عالم ہے کہ کچے کے ڈاکوؤں کے ہاتھوں پولیس کچھ انوں کی شہادتیں ہو رہی ہیں، قانون نافذ کرنیوالے اداروں کا مورال کس نہج پر ہوگا اس کا اندازہ لگانا مشکل نہیں۔ خصوصی طور پر بلوچستان کے حالات زیادہ دگرگوں ہیں۔ جہاں کچھ روز قبل خارجیوں نے رات کے وقت کئی مقامات پر حملے کر کے سیکورٹی فورسز کیلئے چیلنجز بڑھا

دیئے۔ موسی خیل، قلات، مستونگ اور بولان کے علاقوں میں تخریبی کارروائیوں کے ذریعے تین درجن سے زائد انسان لقمہ اجل بن چکے ہیں۔ موسی خیل کے علاقے راڑہ شم میں قومی شاہراہ کی ناکہ بندی کر کے خارجیوں نے پنجاب سے آنیوالی بسوں کو روکا مسافروں کے شناختی کارڈ

تحریر: وقاص گورایا

چیک کیے اور ان میں سے 23 بے گناہ افراد کو گولی مار کر موت کے گھاٹ اتار دیا ان تمام افراد کا تعلق پنجاب کے مختلف علاقوں سے تھا۔ کیا یہ صورتحال اب تقاضا نہیں کرتی کہ ایک ہمہ گیر آپریشن استحکام فوری شروع کیا جائے؟ انہی تخریبی عناصر نے 10 بسیں چھ ٹرک اور سات دوسری گاڑیاں بھی نذر آتش کر دیں۔ کول پور کے قریب ایک رابطہ پل کو دھماکے سے اڑا دیا گیا جس سے بلوچستان پنجاب اور خیبر پختونخوا کے درمیان ریلوے ٹریفک معطل

ہو کر رہ گئی۔ بلوچستان میں ہی کھڈ کوچہ کے علاقے میں لیویز تھانے پر حملہ کر کے اسکا ریکارڈ اور املاک جلا دی گئیں۔ قلات میں بھی ایک معزز شخصیت کے گھر پر حملہ کیا گیا یہ وطن عزیز کے ایک حصے کی چند دن کی تصاویر ہیں جو میڈیا کے ذریعے منظر عام پر آئی ہیں۔ کچے کے ڈاکوؤں کیخلاف آپریشن کئی سال سے جاری ہے یہ سوال تو پیدا ہوتا ہے کہ یہ ڈاکو ریاست سے زیادہ طاقتور ہیں؟ ایک ایسی ریاست جو لوگوں کے واٹس ایپ اور ان کی نقل و حمل تک کا مکمل ریکارڈ رکھتی ہے لیکن کئی دہائیوں سے کچے کے ڈاکو صوبہ پنجاب اور صوبہ سندھ کی حکومتوں کیلئے دردِ سر بنے ہوئے ہیں۔ پولیس کے جوان قربانیاں دے رہے ہیں اور انہیں اغوا کر کے اپنی مرضی کے مطالبات منوائے جا رہے ہیں۔ ان ڈاکوؤں کی دیدہ دلیری کا یہ عالم ہے کہ وہ وزارت داخلہ میں ویڈیو کال کر کے اپنی وضاحت دے رہے ہیں یا وضاحت طلب کر رہے ہیں۔ سیکورٹی فورسز

بھی ان دہشت گردوں کے خلاف بھرپور جوابی کارروائی کرنے میں مصروف ہیں اب تک کی اطلاعات کے مطابق 12 خارجی دہشت گرد واصل جہنم کیے جا چکے ہیں۔ دہشت گردوں کے قبضے سے نائٹ ویژن کیمرے اور غیر ملکی جدید اسلحہ برآمد ہوا ہے جس سے یہ صاف پتہ چلتا ہے کہ انہیں بھارت اور افغانستان کی معاونت حاصل ہے جسکا مقصد پاکستان کو غیر مستحکم کرنا اور پاک چین اقتصادی راہداری کی منصوبے کو سبوتاژ کرنا ہے۔ دہشت گردوں کی جانب سے مسافر بسوں، تھانوں، ہوٹل، پل، ٹول پلازہ اور اسپتال پر حملوں سے انکے عزائم کی شدت اور ٹارگٹ کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ کئی دہائیوں سے دہشت گردی میں ملوث عناصر کے اصل ٹھکانے افغانستان میں ہیں اور انہیں بھارت کی مکمل پشت پناہی حاصل ہے۔ پاکستان کے پرامن شہری بجا طور پر یہ سوال کرتے ہیں کہ آپریشن عزم استحکام جس کی نوید سنائی گئی تھی وہ کہاں ہے؟۔ ریاست پاکستان اس وقت جن ہمہ جہت مشکلات سے دوچار ہے

کیسے وکیل کریں، کس سے منصفی چاہیں

ہمارے ملک کا سب سے بڑا المیہ یہ رہا ہے کہ یہاں اداروں کو نہیں بلکہ شخصیات کو اہمیت حاصل رہی ہے۔ شخصیات جو فانی ہوتی ہیں، ادارے جو باقی رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہمارا ایک اور مسئلہ بھی ہے، اور وہ یہ ہے کہ کھوٹے سکے کھرے سکوں کو چلنے نہیں دیتے۔ ہم اپنے ماضی سے لاتعلق اور اپنے مستقبل سے بے نیاز ہیں، ہمارے نزدیک ہمارا آج ہی سب کچھ ہے۔ گزرے ہوئے کل اور آنے والے کل کی ہمیں قطعاً کوئی فکر نہیں۔ گستاخی معاف ہم ایسی زندگی گزار رہے ہیں، جس پر کسی شاعر کا یہ شعر صادق آتا ہے۔

زندگی ایسی کہ جس کا کوئی حاصل بھی نہیں
چل رہے ہیں رات دن اور کوئی منزل بھی نہیں

ہم نعرے بازی اور شور تو بہت کرتے ہیں لیکن زندگی کے حقائق کے تقاضوں کو جاننے اور سمجھنے اور اصلاح احوال سے ہمیں کوئی غرض نہیں۔ ہم صفائی نصف ایمان ہے جیسے سلوگن تو بہت بلند کرتے ہیں اور ہفتہ صفائی بھی بڑی شد و مد سے مناتے ہیں لیکن ہمارے گلی کوچے ہی نہیں بلکہ

اسپتال اور شفاخانے بھی گندگی کی غلیظ ترین تصویر پیش کرتے ہیں۔ اس میں چھوٹے موٹے اسپتال ہی نہیں بلکہ بڑے بڑے سرکاری اسپتال بھی شامل ہیں۔ کراچی کے مرکزی علاقہ میں واقع سوبھراج اسپتال جائیں تو آپ کو اس کے اطراف میں غلاظت کے انبار نظر آئیں

تحریر: خزیمہ انصاری البانده

گے اور قریب سے گزرتے ہوئے آپ کو تعفن سے بچنے کے لیے اپنی ناک پر رومال بھی رکھنا پڑے گا۔

یہ تو ہے کراچی کے ایک پرانے زنانہ اسپتال کا حال۔ دیگر اسپتالوں کا حال بھی کچھ ایسا نہیں ہے کہ جسے تسلی بخش کہا جا سکے۔ بعض اسپتال کی حالت زار تو انتہائی دگرگوں ہے۔ نہ تو یہاں صفائی ستھرائی کا کوئی معقول بندوبست ہے اور نہ ہی مریضوں کی دیکھ بھال کا کوئی معقول انتظام۔ اسپتال کے اردگرد کی گلیوں میں آپ کو تجاوزات نظر آئیں گے۔

حفظانِ صحت کے اصولوں کی کھلم کھلا خلاف ورزی کرتے ہوئے خوانچہ فروشوں کی یہ آماج گاہ ہے۔

دھواں اور کاربن مونو آکسائیڈ جیسا زہر اگلتی ہوئی گاڑیاں نہ صرف اسپتالوں کے آگے پیچھے دن رات گزرتی رہتی ہیں بلکہ اپنے بے ہنگم شور سے اسپتالوں کی فضاں میں آلودگی پھیلاتی رہتی ہیں۔ اس سے بھی بڑھ کر یہ کہ جا بجا رکشوں، ٹیکسوں اور ٹھیلوں کے کھڑے ہونے کے باعث مریضوں کو اسپتال تک پہنچنے میں بھی بلاوجہ رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس کے علاوہ اسپتال کے بیرونی حصے میں آپ کو منشیات کے عادی افراد بھی آزادانہ گھومتے پھرتے ہوئے بلکہ بسا اوقات استراحت فرماتے ہوئے بھی نظر آئیں گے، کوئی بعید نہیں کہ یہاں آپ کا جرائم پیشہ افراد سے بھی ٹکرا ہو جائے۔

اسپتال کے اندر کی تصویر بھی کچھ کم بھیانک نہیں۔ صفائی کا فقدان آپ کو یہاں بھی نمایاں طور پر نظر آئے گا۔ در و

دیوار بوسیدہ اور غلیظ پان کی پیک کی پچکاریوں سے آلودہ جا بجا سگریٹ کے ٹوٹے پڑے ہوئے نظر آئیں گے۔

ایک جانب تو ہمارے اربابِ اختیار شاہانہ ٹھاٹ باٹ والی زندگیاں گزار رہے ہیں اور دوسری جانب ملک کے بے وسیلہ لوگ علاج معالجے اور حفظانِ صحت کی سہولیات سے بھی محروم ہیں۔ افسوس عدلِ جہانگیر کی یاد تازہ کرنے والی انصاف کی زنجیر بھی ہٹا دی گئی۔ اب آپ ہی بتائیے کہ:

کسے وکیل کریں کس سے منصفی چاہیں

وکلا اور منصفوں کا تذکرہ چھڑ گیا ہے تو عرض یہ ہے کہ بات نکلے گی تو پھر دور تلک جائے گی

شعبہ انصاف کا حال احوال سب کے سامنے ہے، جس ملک میں انصاف کرنے والے انصاف کی دہائی دے رہے ہوں، وہاں عام آدمی کو انصاف کیسے میسر آ سکتا ہے۔ اس وقت ہمیں یاد آ رہا ہے کہ جب دوسری عالمگیر جنگ کے دوران برطانیہ کے وزیراعظم سر ونسٹن چرچل نے استفسار کیا تھا کہ کیا اس ملک میں انصاف ہو رہا ہے

گندم پر سپورٹ پرائس ختم ہونے پر کسانوں کو 900 ارب روپے نقصان ہوا، خالد حسین باٹھ

ہم گندم 2 ہزار روپے میں بیچنے پر مجبور ہیں، جو کہ 2200 روپے کا نقصان ہے،

لاہور (جی این ایم) کسان اتحاد کے سربراہ خالد حسین باٹھ نے دعویٰ کیا ہے کہ گندم کی خریداری میں سپورٹ پرائس ختم ہونے پر کسانوں کا 900 ارب روپے نقصان ہوا ہے جبکہ کسانوں نے حکومت پنجاب کے 15 ارب روپے کا ریلیف پیکیج بھی مسترد کر دیا ہے. خالد حسین باٹھ نے نجی ٹی وی سے گفتگو میں سپورٹ پرائس ختم ہونے پر گندم کی قیمت میں 1700 روپے اضافے پر کہا کہ 2022 میں یوریا کھاد 1600 روپے کی مل رہی تھی اور ڈی اے پی کھاد 8000 روپے کی تھی انہوں نے کہا کہ حکومت نے یوریا سیدھا 4500 روپے کی کردی جبکہ ڈی اے پی 12000 روپے کردی اسی طرح بجلی 15 روپے سے 60 روپے فی یونٹ چلی گئی ڈیزل کا ریٹ بھی 30 سے 40 فیصد بڑھ گیا انہوں نے کہا کہ حکومت کہتی ہے آئی ایم ایف کا دباہے لیکن یہ اپنے لوگوں کو بچالیتے ہیں شوگر مالکان ہم سے گنا 35 کے ریٹ پر خریدتے رہے پھر 38 کا لیا اور آخر میں حکومت کو دکھانے کیلئے دس دس ٹرالیاں 450 سے 500 کے ریٹ میں خرید لیں انہوں نے دعویٰ کیا کہ شوگر مالکان نے چینی بیچی 165 روپے فی کلو اور انہیں سہولت دینے کیلئے حکومت فوراً ایکشن میں آئی اور نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے شوگر مل مالکان سے ملاقات کی اور ہمیں بلایا تک نہیں حکومت نے چینی کا ریٹ 165 روپے کر دیا جو 115 روپے میں بھی مل سکتی تھی . کالد حسین باٹھ نے کہا

ماوند میں فری ویٹرنری میڈیکل کیمپ، 18 ہزار سے زائد جانوروں کی ویکسینیشن

مویشیوں کی صحت کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی ہے، ڈپٹی ڈائریکٹر لائیواسٹاک

کوہلو (یو این اے) ماوند کے مختلف علاقوں میں فری ویٹرنری میڈیکل کیمپ کا انعقاد اٹھارہ ہزار سے زائد جانوروں کو مختلف بیماریوں سے بچاو کے لئے مفت ادویات اور ویکسینیشن کرائی گئی ڈپٹی ڈائریکٹر لائیواسٹاک کوہلو تفصیلات کے مطابق ممبر صوبائی اسمبلی نواب جنگیز مری، ایف سی میوند بریگیڈ، ڈپٹی کمشنر کوہلو، یوتھ آف کوہلو کی خصوصی تعاون سے ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر بہادر شاہ کی نگرانی میں کوہلو کے مختلف علاقوں اولڈ ماوند، ماوند سٹی، کھجر اکے علاقوں میں فری ویٹرنری میڈیکل کیمپ لگائے گئے ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک ڈاکٹر بہادر شاہ زرکون نے مقامی صحافی احمد مری کو بتایا کہ مجموعی طور پر 18 سے زائد جانوروں جس میں 15 ہزار سے زائد بھیڑ بکریوں، 2 ہزار سے زائد گائے بھینس اور 1 ہزار کے قریب اونٹوں کو مختلف بیماریوں سے بچاو کے لئے مفت ادویات فراہم اور ویکسینیشن کرائی گئی انہوں نے بتایا صوبائی وزیر امور حیوانات، سیکرٹری لائیو اسٹاک اور ڈائریکٹر جنرل لائیواسٹاک کی ہدایت پر فری ویٹرنری کیمپوں کے انعقاد کا سلسلہ دیگر علاقوں میں بھی جاری رہیگا کیمپ میں مالکان کو آگاہی اور مفت سہولیات فراہم کی گئیں کیمپ میں مویشیوں کے مالکان کو جانوروں کی خوراک دیکھ بھال، اور بیماریوں سے بچا کے لیے خصوصی تربیت دی گئی۔

لاہور، وزیراعلیٰ مریم نواز کے ویژن "ستھرا پنجاب" کے حوالے سے ریلی نکالی جارہی ہے

زیارت، صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ اپنے حلقے میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

پنجاب میں سٹامپ ڈیوٹی ایکٹ میں ترمیم کا فیصلہ

غیر منقولہ جائیداد کا تخمینہ کم لگنے پر شہری کو اپیل کرنے کا حق ہوگا

لاہور (جی این ایم) پنجاب میں سٹامپ ڈیوٹی ایکٹ میں ترمیم کا فیصلہ کرلیا گیا جس کے تحت غیر منقولہ جائیداد کا تخمینہ کم لگنے پر شہری کو اپیل کرنے کا حق ہوگا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پنجاب حکومت نے غیر منقولہ جائیداد کے کم تخمینے کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سٹامپ ڈیوٹی ایکٹ 1899 میں ترمیم کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اس حوالے سے دی سٹامپ ڈیوٹی ترمیمی ایکٹ 2025 کے نام سے بل پنجاب اسمبلی میں پیش کیا گیا جو اب متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا ہے، کمیٹی دو ماہ میں اس پر رپورٹ پیش کرے گی۔ ترمیمی بل میں تجویز دی گئی ہے کہ اگر کسی غیر منقولہ جائیداد کا تخمینہ کم لگے تو شہری کمشنر کے پاس اپیل کر سکیں گے، کمشنر کو اپیل موصول ہونے کے 15 دن کے اندر فیصلہ دینا ہوگا، ڈسٹرکٹ کلیکٹر کی غلطی سے متاثرہ شہریوں کو انصاف کے حصول کا نیا موقع ملے گا، کیوں کہ اس سے پہلے صرف زیادہ تخمینہ لگنے پر ہی اپیل کی جاسکتی تھی جب کہ کم تخمینہ ہونے کی صورت میں کوئی قانونی راستہ موجود نہیں تھا۔ بتایا گیا ہے کہ بل میں غیر استعمال شدہ سٹامپ پیپرز کی ری فنڈ کا نظام بھی تجویز کیا گیا ہے، اگر شہری دو سال تک سٹامپ پیپر استعمال نہ کریں یا ملک سے باہر ہوں، جیل میں ہوں یا سٹامپ ڈیوٹی ان کے قبضے میں نہ ہو تو وہ ریفنڈ حاصل کرسکیں گے، حکومت کی جانب سے یہ مجوزہ ترامیم شہریوں کو ریلیف دینے، کرپشن کے امکانات کم کرنے اور سٹامپ ڈیوٹی نظام میں شفافیت لانے کی کوششوں کا حصہ قرار دی گئی

طاہر خان روڈ کوئٹہ پر قرآن فہمی سینٹر کا افتتاح، عبدالمجید بادینی کا عوامی مسائل حل کرنے کا عزم

جماعت اسلامی عوامی خدمت کے مشن پر گامزن ہے، غلط کو غلط اور درست کو درست کہیں گے، عبدالمجید بادینی

کوئٹہ (یو این اے) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے و پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی نے کہا کہ جماعت اسلامی قوم کی رہنمائی و خدمت کر رہی ہے خدمت سے ہم نے عوام کی دل جیت لیے عدلیہ انتظامیہ کیساتھ حکومتی سطح پر بھی حالات ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے۔ قرآن سے تعلق بڑھا کر ہم دشمن کو نا کام اور اپنی دنیا و آخرت بنا سکتی استقامت مذاہمت خدمت اور مفاہمت کے ذریعے عوام کی خدمت و مدد کریں گے حکومتی سطح پر ہر صحیح بات صحیح کام کی بھرپور حمایت اور غلط بات غلط کام کی ہر سطح پر مذمت کرتے رہیں گے حکومت کیساتھ اس لیے ہیں کہ عوام کی خدمت ہوجائے اور اگر حکومت غلط کر رہی ہے تو ہم بھی حکومت کا مخالفت کرتے رہیں گے۔ قرآن سینٹرز کا کھلنا خوش آئند ہے قرآن فہمی وقت کی ضرورت ہے نوجوان قرآن سے روزانہ کی بنیاد پر تعلق رکھیں ترجمہ و تفسیر سے قرآن کا مطالعہ کریں قرآن کو امام بنا کر ہم آج بھی دنیا کی قیادت کر سکتے ہیں۔ میرا جماعت اسلامی سے تعلق ہے اور صرف جماعت اسلامی میں جمہوریت ہے بدعنوانی، موروشیت سے پاک حقیقی خدمت والی پارٹی صرف جماعت اسلامی ہے جس پر ہمیں فخر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے طاہر خان روڈ کوئٹہ پر جماعت اسلامی کے قرآن فہمی سینٹر کے افتتاح کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امیر ڈاکٹر عطاء الرحمان، الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے جنرل سیکرٹری عبدالمجید سربازی، تیمورشاہ پوپلزئی، داؤدشاہ پوپلزئی محمد اکبر افغان آصف علی شاہ و دیگر بھی موجود تھے۔ اس سینٹر میں آئندہ ہر ہفتے کو دن ساڑھے بارہ بجے درس قرآن ہوا کریگا عبدالمجید بادینی نے کہا کہ عوامی مسائل حل کریں گے تو عوام ساتھ دیں عوامی مسائل کے حل کیلئے ہماری جدوجہد جاری ہے بلوچستان مسائل کا شکار ہے دشمن ہمارے حالات سے فائدہ اٹھا رہے ہیں ہماری تحریک لٹیروں عوام دشمنوں کے خلاف عوامی تحریک ہے میں نے مذاہمت اور خدمت کی اس وجہ سے عوام نے مجھے ووٹ دیا انشاء اللہ عوام کی خدمات دیانت سے کرتا رہوں گے نوجوان جنگ وجدل اختلافات نفرت تعصب اور لوٹ مار کے بجائے دیانت داری سے خدمت کو شعار بنائیں تعلیم پر توجہ دیں ظالم مسلط شدہ وڈیروں بدعنوان سرمایہ داروں ظالم سرداروں کا راستہ روک کر خدمت اور جمہوری جدوجہد سے عوام کی خدمت اور اپنا جمہوری عوامی انقلابی راستہ اپنانا ہوگا

جمعیت طلبا اسلام پاکستان کی صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس

جے ٹی آئی کی صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس، اضلاع کے نظموں کو مختلف ذمہ داریوں کی ہدایت

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت طلبا اسلام پاکستان کے صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس صوبائی صدر حافظ محمد ہمایوں چشتی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں جمعیت کے سرپرست اعلیٰ حاجی امین اللہ امین کی ہدایات کی روشنی میں تنظیم کی فعالیت کو مزید مستحکم کرنے کے لیے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس کے اہم فیصلے: حافظ عبدالوارث لانگو کو جنرل سیکریٹری کے طور پر مقرر کیا گیا، ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ تمام اضلاع کے نظموں سے مسلسل رابطہ رکھ کر تنظیم کی فعالیت کو بڑھائیں۔ مالیات کے شعبے کو فعال بنانے کے لیے حافظ سمیع اللہ کو اہم ذمہ داری سونپی گئی، وہ اضلاع کے نظما مالیات کے ساتھ مشاورت کریں گے، اور ایمل خان ان کے معاون ہوں گے۔ اطلاعات کے شعبے کو فعال بنانے کے لیے سید ندا محمد شاہ اور عبدالمالک نورزئی کو معاون مقرر کیا گیا۔ سوشل میڈیا کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے حافظ منیب الرحمان کو سوشل میڈیا کورآڈینیٹر اور حمداللہ قرار کوان کا معاون مقرر کیا گیا،

اسلام آباد ہائیکورٹ کا الیکشن دھاندلی کیس کا تفصیلی فیصلہ جاری

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد ہائیکورٹ نے این اے 18 ہری پور الیکشن دھاندلی کیس کے خلاف عمر ایوب کی درخواست پر تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا ہے قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کی جانب سے 6 صفحات پر مشتمل یہ فیصلہ جاری کیا گیا عدالت نے قرار دیا ہے کہ عمر ایوب کی درخواست اس عدالت کے سامنے قابل سماعت نہیں عدالت نے واضح کیا کہ وہ کیس کے میرٹ پر کوئی فائنڈنگ نہیں دے رہی اسلام آباد ہائیکورٹ نے الیکشن کمیشن کو حکم دیا ہے کہ وہ عمر ایوب کے خلاف درخواست پر قانون کے مطابق فیصلہ کرے اور فریقین کو سن کر کارروائی کو آگے بڑھائے عدالت نے جولائی 2024 سے جاری حکم امتناع کو ختم کر دیا ہے جو عمر ایوب کی درخواست پر الیکشن کمیشن کی کارروائی روکنے کے لیے جاری کیا گیا تھا فیصلے میں کہا گیا ہے کہ عدالت کی رائے میں یہ فیصلہ الیکشن کمیشن کو کرنا ہے اور اگر درخواست گزار اس فیصلے سے متاثر ہوں

خواتین ہی اپنے بچوں کی تربیت سے انہیں باکردار بنا کر ایک بہتر معاشرے کی بنیاد رکھ سکتی ہیں، مصطفیٰ کمال

وفاقی وزیر برائے صحت کا جناح یونیورسٹی فار ویمن میں منعقدہ یونٹی تھرڈ ڈے کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی خطاب

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما و وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ خواتین ہی اپنے بچوں کی تربیت سے انہیں باکردار بنا کر ایک بہتر معاشرے کی بنیاد رکھ سکتی ہیں۔ پاکستان میں مسائل کی بنیادی وجہ کردار کا نہ ہونا ہے، ہم کسی سے رشتہ جوڑتے وقت تو اس کا کردار دیکھتے ہیں لیکن جب 25 کروڑ عوام کی زندگیوں کا فیصلہ کرنے کیلئے کسی کا انتخاب کرتے ہیں تو اس وقت کردار کو اس کا ذاتی مسئلہ کہہ کر بے بنیاد چیزوں اور اوصاف پر اسے اپنا سربراہ بنا بیٹھتے ہیں، آج اس شہر قائد میں میئر، کونسلر، چیئرمین وزیراعلیٰ سمیت ہر عہدے پر کوئی نہ کوئی فائز ہے لیکن کراچی دنیا کے تیزی سے ترقی کرنے والے 12 شہروں میں سے رہنے کے لائق 4 بدترین شہروں میں شمار ہو چکا ہے۔ یہ سب صرف کردار کا مسئلہ ہے۔

لورالائی میں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماوں کا عظیم الشان جلسہ کا انعقاد

پشتون افغان ملت کو سیاسی، معاشی اور ثقافتی غلامی سے نجات دلانا ہوگی، نصراللہ زیرے

لورالائی (یو این اے) ملت پال سیاسی پارٹیوں کے زیر اہتمام لورالائی میں پشتونستان چوک پر عظیم الشان جلسہ عام پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے کے زیر صدارت میں منعقد ہوا۔ جلسہ عام سے پشتونخوا نیپ کے صوبائی نصراللہ خان زیرے، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان ولی داد میانی، این ڈی ایم کے صوبائی جنرل سیکریٹری انجینئر ایمل خان ناصر، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکریٹری سردار گل مرجان کبزئی، پی ٹی ایم کے روزی خان ایثار، باری کاکڑ، منظور احمد ایڈوکیٹ، کامریڈ ظریف خان، عمر افغان، آزاد پینل کے شاہ محمد کمانڈر، مرکزی انجمن تاجران کے صابر کدیزئی، اسفند یار کاکڑ، مصطفیٰ کمال نے خطاب کیا جبکہ سٹیج سیکریٹری کے فرائض پی ٹی ایم کے عمر ساغر اور قرارداد یں جہانزیب نے پیش کیئے جبکہ تلاوت کلام کی سعادت مولوی فضل کریم نے حاصل کی، اس سے پہلے سرکاری جار سے پارٹیوں کا مشترکہ جلوس پارٹیوں کے رہنماوں کی قیادت میں شہر کے مختلف شاہراہوں پر گشت کرنے کے بعد پشتونستان چوک پر جلسہ عام میں تبدیل ہوا۔ مقررین نے کہا کہ پشتونخوا وطن پر جعلی دہشتگردی، لاقانونیت اور بدامنی مسلط کرکے پشتون افغان ملت کو زندگی کے ہر شعبے میں بدترین مشکلات سے دوچار کیا گیا ہے سالانہ کھربوں ڈالر پیداوار کے معدنی وسائل کے مالک وطن کے باسی پشتون افغان ملت دو وقت کی روٹی کیلئے محتاج ہے پشتونوں کی قومی غلامی، پشتونخوا وطن کی جبری اور ناروا انتظامی تقسیم اور سیاسی، معاشی، ثقافتی واک واختیار سے محرومی نے پشتون افغان ملت کو مزدور اور مجبور قوم میں تبدیل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغان کڈوال عوام کے خلاف جاری کریک ڈاؤن ملکی، بین الاقوامی اور اقوام متحدہ کے اصولوں کے خلاف ہے چالیس سال سے زائد عرصے تک افغانستان پر بدترین جنگ اور جارحیت و مداخلت مسلط کی گئی اور اس خونریز جنگ کے نتیجے میں افغان کڈوال عوام کو یہاں لایا گیا اور ان کی مہاجر بننے والی نسل وفات پا چکی ہے اور اب جو افغان کڈوال رہ گئے ہیں ان سب کی پیدائش یہاں ہوئی ہیں جو یہاں کے شہریت کے حقدار ہے جبکہ ہمارے ملکی حکمران اور امر قوتیں ان افغان کڈوال کے باعث اقوام

مسلم لیگ ن کا وفد مزار قائد پر حاضری دے رہا ہے

مسلم ممالک غزہ میں غیر مشروط جنگ بندی کو یقینی بنائیں، اشرف آصف جلالی

لاہور (این این آئی) تحریک لبیک یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم و تحریک صراط مستقیم کے زیر اہتمام مرکزی جامع مسجد رضائے مجتبیٰ میں "صدائے غزہ کانفرنس" کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سربراہ تحریک لبیک یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم و بانی تحریک صراط مستقیم ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی نے کہا

اورماڑہ، بلڑہ ہور میں تمر کی کاشت کاری کا منصوبہ، محکمہ جنگلات کی ٹیم کا معائنہ

اورماڑہ (یو این اے) اورماڑہ محکمہ جنگلات و جنگلی حیات بلوچستان نے اورماڑہ کے نواحی علاقے بلڑہ ہور میں تمر کی کاشت کاری کا منصوبہ تیار کر لیا۔ اس سلسلے میں جمعہ کے روز ڈپٹی رینجر وائلڈ لائف ثنا اللہ بلوچ اور فارسٹ گارڈز کی ٹیم نے بلڑہ ندی کے ساحلی علاقے کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ڈپٹی کنزرویٹر یار محمد دشتی کی ہدایت پر کیے گئے اس دورے میں فارسٹ گارڈ رفیق، شاہنواز، خیر جان، اور گیم واچرز حمید و اعظم خان بھی شامل تھے۔ ٹیم نے تمر کی کاشت کے لیے موزوں مقامات کا جائزہ لیا اور اسے علاقے کی ماحول دوست ترقی کی جانب اہم قدم قرار دیا۔ ڈپٹی رینجر ثنا اللہ بلوچ کے مطابق تمر ایک خاص نوعیت کا پودا ہے جو کھارے پانی کے قریب نشوونما پاتا ہے اور ساحلی علاقوں میں ماحولیاتی تحفظ کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تمر کے درخت ساحلی کٹاؤ کو روکنے، سمندری طوفانوں کے اثرات کم کرنے اور سمندری حیات کو محفوظ مسکن فراہم کرنے میں مددگار رہتے ہیں۔ مزید برآں، تمر کے جنگلات کاربن ڈائی آکسائیڈ جذب کر کے ماحولیاتی آلودگی کو کم کرتے ہیں اور مقامی ماہی گیری کی صنعت کو فروغ دیتے ہیں۔

بلوچستان پبلک سروس کمیشن کی پشتون دشمن پالیسی کا نوٹس لیا جائے، جوڈیشل انکوائری کا مطالبہ

قلعہ عبداللہ (یو این اے) حکومت اور دیگر ذمہ دار ادارے بلوچستان پبلک سروس کمیشن کی جانب سے مبینہ پشتون دشمن پالیسی کا نوٹس لے اور حالیہ نتائج کو منسوخ کر کے جوڈیشل کمیشن تشکیل دیا جائے صورتحال کا نوٹس نہ لیا گیا تو احتجاج کیا جائیگا پشتون خواہ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع قلعہ عبداللہ کے آفس سیکرٹری محمد رسول خان ضلع ایگزیکٹو محمد جاوید خان شفیع اللہ اور سیف الدین اچکزئی نے پشتون خواہ میپ کے مقامی دفتر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان پبلک سروس کمیشن میں ہونے والے حالیہ اسسٹنٹ کمشنر اور سیکشن آفیسرز کی تعیناتیوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا

بی جے پی رہنما اور وزیر نے بھارتی فوج کی مسلم فوجی کرنل کو دہشت گردوں کی بہن قرار دیدیا

نئی دہلی (جی این ایم) بھارت کی ہندوانتہا پسند جماعت بی جے پی کے سینئر رہنما اور ریاست مدھیہ پردیش کے وزیر وجے شاہ نے بھارتی فوج کی جانب سے پاکستان کے خلاف شروع کیے گئے آپریشن سندور کی تفصیلات سے میڈیا کو آگاہ کرنے والی مسلم فوجی کرنل صوفیہ قریشی کو ہی دہشت گردوں کی صف میں لاکھڑا کیا

فلسطینیوں کی حمایت جرم قرار، امریکا نے غیر ملکی طلبہ کے ویزے منسوخ کر دیے

واشنگٹن (یو این اے) امریکا کی حکومت نے گزشتہ چند ہفتوں کے دوران ملک میں زیر تعلیم بیرون ممالک سے تعلق رکھنے والے ایک ہزار سے زائد طلبہ کے ویزے منسوخ کر دیے۔ میڈیا کے مطابق امریکی حکومت نے ایک ماہ سے کم دورانیے میں لگ بھگ 160 کالجز اور یونیورسٹیز کے کم از کم 1024 طلبہ کے ویزوں کی قانونی حیثیت ختم کر دی ہے۔

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد نے انسداد پولیو مہم کے ایریا ڈسٹری بیوشن پلان کی منظوری دے دی

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد نے انسداد پولیو مہم کے ایریا ڈسٹری بیوشن پلان کی منظوری دے دی۔ وفاقی دارالحکومت میں ڈینگی کے خاتمے کیلئے ڈی سی اسلام آباد کی زیر صدارت اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں گزشتہ سال شہر میں ڈینگی کیسز کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ گزشتہ سال اسلام آباد میں 3970 اور راولپنڈی میں 6620 کیسز رپورٹ ہوئے،

دوسری شادی کرنے کے باوجود ماں ہی بچے کی کسٹڈی کی حق دار ہے' لاہور ہائیکورٹ

غیر معمولی حالات میں عدالت ماں کی دوسری شادی کے باوجود بچے کی بہتری کیلئے اسے ماں کے حوالے کرسکتی ہے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بچوں کی حوالگی کے حوالے سے قرار دیا ہے کہ دوسری شادی کرنے کے باوجود ماں ہی بچے کی کسٹڈی کی حق دار ہے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس احسن رضا کاظمی نے نازیہ بی بی کی درخواست پر 4 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ بچوں کے حوالگی کے کیسز میں سب سے اہم نقطہ بچوں کی فلاح و بہبود ہونا چاہیے، عام طور پر ماں کو ہی بچوں کی کسٹڈی کا حق ہے، اگر ماں دوسری شادی کرلے تو یہ حق ضبط کر لیا جاتا ہے لیکن یہ کوئی حتمی اصول نہیں ہے کہ ماں دوسری شادی کرنے پر بچوں سے محروم ہو جائے گی۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ غیر معمولی حالات میں عدالت ماں کی دوسری شادی کے باوجود بچے کی بہتری کیلئے اسے ماں کے حوالے کرسکتی ہے، موجودہ کیس میں یہ حقیقت ہے کہ بچہ شروع دن سے ماں کے پاس ہے، صرف دوسری شادی کرنے پر ماں سے بچے کی کسٹڈی واپس لینا درست فیصلہ نہیں، ایسے سخت فیصلے سے بچے کی شخصیت پر بہت برا اثر پڑسکتا ہے۔ تحریری فیصلے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ موجودہ کیس میں میاں بیوی کی علیحدگی 2016 میں ہوئی جبکہ والد نے 2022 میں بچے کی حوالگی کے حوالے سے فیصلہ دائر کیا، والد اپنے دعوے میں یہ بتانے سے قاصر رہا کہ اس نے چھ سال تک کیوں دعویٰ دائر نہیں کیا، والد نے بچے کے خرچے کے دعوے میں ممکنہ شکست کے باعث حوالگی کا دعویٰ دائر کیا۔

مستونگ میں سات روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح، ڈپٹی کمشنر نے بچوں کو قطرے پلا کر مہم کا آغاز کیا

کوئی بچہ پولیو قطرے سے محروم نہ رہے، والدین ٹیموں سے مکمل تعاون کریں، اطہر عباس

دشت (یو این اے) ڈپٹی کمشنر مستونگ اطہر عباس نے بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے پلا کر باقاعدہ سات روزہ مہم کا افتتاح کر دیا اس موقع پر ڈی ایچ او مستونگ ڈاکٹر محمد انور گولہ ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر سلیم اکبر رہیسانی، چیف ایگزیکٹو آفیسر شہید نواب غوث بخش رئیسانی ہسپتال مستونگ ڈاکٹر عامر اقبال رہیسانی این اسٹاپ آفیسر ڈاکٹر شہزاد عمرانی کمیونٹی کمیونیکیشن آفیسر سید افتخار شاہ مشوانی، اور دیگر بھی موجود تھے افتتاحی تقریب کے دوران ڈپٹی کمشنر مستونگ کو ضلع مستونگ میں جاری سات روزہ پولیو مہم کے سلسلے میں ٹیموں کے کام کے حوالے سے تفصیلی استفسار کیا معلومات حاصل کی اور مہم کے حوالے سے مسائل ومشکلات سے آگاہی حاصل کی اور مہم میں ٹیموں کی کارکردگی بہتر کرنے کا ٹاسک دیا گیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر مستونگ اطہر عباس نے کہا کہ پولیو کی قومی مہم میں آنے والی نسلوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھنے کیلئے معاشرے کی ہر فرد کو کردار ادا کرنا ہوگا تاہم اس میں پولیو ورکرز کا کردار اہم ہے جس کیلئے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ ادارے محکمہ صحت کے شانہ بہ شانہ ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے اب چونکہ موسم گرما کا آغاز ہو چکا ہے جس کی وجہ سے گرم علاقوں سے نقل مکانی کر کے کافی تعداد میں لوگ مستونگ آرہے ہیں ضلع بھر میں انٹری پوائنٹس پر نظر رکھی جائے تا کہ کوئی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے انہوں نے کہا کہ صحت مند معاشرہ کی تشکیل کے لیئے عوام سے گزارش اور اپیل ہے کہ اپنے بچوں کی صحت کا خیال رکھتے ہوئے انہیں پولیو کے قطرے لازمی پلائیں

پنجگور میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس، حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کو مزید فعال بنانے پر زور

اپنے بچوں کو 12 مہلک بیماریوں سے بچانے کیلئے ہر دروازے تک جائیں گے، ڈاکٹر انور عزیز بلوچ

پنجگور (یو این اے) ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی پنجگور کا اجلاس زیر صدارت کمیٹی کے چیئرمین اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر پنجگور ڈاکٹر انور عزیز بلوچ کمیٹی ہال ڈی ایچ او آفیس میں منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر سراج احمد بلوچ پی پی ایچ آئی کے ڈسٹرکٹ سپورٹ افیسر اکرام بلوچ یونیسف کے سی سی او عزیز الرحمٰن سملانی نیشنل پروگرام کے کواڈینیٹر ڈاکٹر عبدالغفور بلوچ ڈی ایس وی آء پی آئی حاجی حبیب اللہ بلوچ ظہور احمد بلوچ سجاد ظہیر علما کرام نے شرکت کی اجلاس میں محکمہ صحت کی کارکردگی ای پی آئی کے حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام کو زیادہ سے فعال اور بہتر بنانے سمیت اپنے پھول جیسی بچوں کو 12 مہلک بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے حکمت عملی کو موثر اور محترک بنانے کیلئے لائحہ عمل ترتیب دیکر ہر شہر اور گاں میں حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام سمیت پولیو جیسی موذی اور مہلک مرض سے علاقے کو مکمل طور پر صاف رکھنے کا بھی کمیٹی نے عزم کا اظہار کیا آء پی آئی کے پروگرام کو مزید وسعت اور زیادہ سے زیادہ کامیاب بنانے کیلئے علما کرام اساتذہ بلدیاتی نمائندوں معتبرین سوشل ایکٹوسٹ کو شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر پنجگور ڈاکٹر انور عزیز بلوچ ڈویژنل ڈائریکٹر آئی پی آئی مکران

کامران ٹیسوری کیساتھ عراقی سفیر حامد عباس ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد میں بارش کے ساتھ ژالہ باری، گاڑیوں کو نقصانات کا خدشہ

اسلام آباد (یو این اے) اسلام آباد میں ایک بار پھر بارش کے ساتھ ژالہ باری شروع ہوگئی۔ محکمہ موسمیات نے مزید ژالہ باری کی پیشگوئی کر دی، گاڑیوں کو نقصانات کا خدشہ ہے، شہریوں کو احتیاط کی ہدایت کر دی گئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں بارش کے ساتھ ژالہ باری شروع ہوگئی، درجہ حرارت میں کمی سے موسم خوشگوار ہوگیا۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ اسلام آباد، اٹک، چکوال، مری اور گلیات میں بھی مزید ژالہ باری کا امکان ہے،

وفاق پہلے نہروں کا منصوبہ ختم کرے پھر مذاکرات کریں گے، مرتضیٰ وہاب

کراچی (یو این اے) ترجمان بلاول بھٹو مرتضیٰ وہاب کا کہنا ہے کہ وفاق پہلے نہروں کا منصوبہ ختم کرنے کا اعلان کرے، پھر مذاکرات کریں گے۔ بلاول بھٹو کے ترجمان اور میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کا کہنا ہے کہ پنجاب کے وزراء کے بیانات کی وجہ سے نہروں کا معاملہ خراب ہوا۔ وزیراعظم سے فیصلہ چاہتے ہیں۔

ناسا اور روس کے خلا باز خلا میں 220 دن گزارنے کے بعد زمین کی طرف واپس روانہ

قازقستان (یو این اے) ناسا کے ڈان پٹ اور روس کے الیکسی اوچینین اور ایوان ویگنر خلا میں 220 دن گزارنے کے بعد بین الاقوامی خلائی اسٹیشن (آئی ایس ایس) سے زمین کی طرف واپس روانہ ہوگئے ہیں۔ تینوں خلاباز آئی ایس ایس سے 5 بج کر 57 منٹ پر روانہ ہوگئے اور انہیں زمین تک پہنچنے میں 27 گھنٹے لگیں گے۔ ناسا کے مطابق خلاباز قازقستان میں لینڈنگ کریں گے۔ تینوں خلابازوں نے خلا میں اپنے وقت کے دوران زمین کا 3 ہزار 520 بار چکر لگایا

اسٹیٹ لائف
انشورنس کارپوریشن آف پاکستان

پاکستان کا سب سے بڑا لائف اور ہیلتھ انشورنس کا ادارہ

ٹینڈر نوٹس نمبر: PO/CPD/MKTG/35/2026

اسٹیٹ لائف پرنسپل آفس کراچی کے مارکیٹنگ ڈویژن کے لیے برانڈڈ اشیاء کی خریداری

اسٹیٹ لائف پرنسپل آفس کراچی کے مارکیٹنگ ڈویژن کے لیے PPRA کے رولز کے مطابق (بذریعہ EPADS) سنگل اسٹیج۔ ون انویلپ طریقہ کار کے تحت فنانشل بولیاں مطلوب ہیں۔ ایسی معروف کمپنیوں سے جو عمومی آرڈر سپلائرز ہیں اور برانڈڈ اشیا فراہم کر سکیں (تفصیل ٹینڈر دستاویزات میں دستیاب ہیں)۔ ٹینڈر نوٹس کے ساتھ ٹینڈر دستاویزات کو PPRA/SLIC ویب سائٹ یعنی www.statelife.com.pk، www.ppra.gov.pk سے دیکھا/ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے اس کے علاوہ ٹینڈر نوٹس کے ساتھ ٹینڈر دستاویز EPADS سسٹم پر بھی اپ لوڈ کر دی گئی ہیں۔ بولیاں صرف ان فرموں سے وصول کی جائیں گی جو EPADS سسٹم پر ای پروکیورمنٹ کے لیے PPRA کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں، SLIC میں ٹینڈرنگ کے لیے ان کے ای میل ایڈریس کے ذریعے جو ان کی طرف سے PPRA کو رجسٹریشن کے وقت فراہم کیے گئے تھے۔ بھرے ہوئے ٹینڈر اپنے ای میل ایڈریس کے ذریعے 04-08-2026 کو صبح 11.00 بجے سے قبل جمع کرائے جائیں جبکہ اسی دن صبح 11:30 بجے بولیاں کھولی جائیں گی۔

سیکرٹری سی پی سی
سینٹرل پروکیورمنٹ ڈویژن، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان،
اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 09، پانچویں منزل، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ کراچی۔ فون نمبر 021-99204521

PID(K)217/26

FOR RENTING OF OFFICE SPACE IN STATE LIFE BUILDINGS, PLEASE CONTACT THE GIVEN TELEPHONE NUMBERS (021-99202865 - 021-99204525)

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Building, CWPP&H Department District Lasbela invites sealed tender based on composite schedule of rates, 2026 GOB from interested contractors/firms for the work listed below. **Under (BSDI) Balochistan Special Development Initiative Program (PHASE-III) Tender Fee 2000 PKR and Earnest Money 3% and Time limit 06 Months**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1.	Women's Sport Area and Swimming pool at LUWAMS Uthal District Lasbela **TSE-2627071130323**	64,677,3451

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List, The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. Turnover of at least 45,274,141 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 and above (Upto 65 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE11(i) (General engineering Works only). ISO 45001:18 **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 06 August, 2026 till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System **Address:** Office of The Executive Engineer (Building) CWPP&H Department District Lasbela at Uthal Phone no: 0300705842
Email: eeiuthal@gmail.com.

DPRQ/PRQ No.249/20-7-2026

EXECUTIVE ENGINEER-BUILDINGS CW PP&H DEPARTMENT DISTRICT LASBELA AT UTHAL

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The Chief Officer District Council Kachhi invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates

Tender Fee PKR and Bid Security 2% for each work

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-2627071131723	REPAIR AND RENOVATION AND SOLARIZATION OF DISTRICT COUNCIL OFFICE KACHHI	06 August, 2026 09:00 AM	10:00 AM	10,000,000
2	TSE-2627071131693	INSTALLATION OF STREET LIGHTS AT VARIOUS VILLAGES OF BHAG	06 August, 2026 09:00 AM	10:00 AM	7,000,000
3	TSE-2627071131633	LAND LEVELING AT UC CHAKAR MARRI TEHSIL SANNI	06 August, 2026 09:00 AM	10:00 AM	10,000,000
4	TSE-2627071131613	PCC STREET UC ABE GUM	06 August, 2026 09:00 AM	10:00 AM	7,500,000
5	TSE-2627071131543	PCC AT VARIOUS STREETS UC CHALGARRI	06 August, 2026 09:00 AM	10:00 AM	5,000,000
6	TSE-2627071129333	PROTECTION BUND AT GOTH HAJI AYOUB ABRO	06 August, 2026 09:00 AM	10:00 AM	5,000,000
7	TSE-2627071129323	PROTECTION BUND AT GOTH MEHSAR SHAHWANI	06 August, 2026 09:00 AM	10:00 AM	20,000,000
8	TSE-2627071129313	PROTECTION BUND AT GOTH ARIFABAD	06 August, 2026 09:00 AM	10:00 AM	20,000,000
9	TSE-2627071129303	PROTECTION BUND AT GOTH JATT SORAN TEHSIL SANI	06 August, 2026 09:00 AM	10:00 AM	15,000,000
10	TSE-2627071129273	PROTECTION BUND AT SEYAPAD SANNI	06 August, 2026 09:00 AM	10:00 AM	5,000,000
11	TSE-2627071128883	PROTECTION BUND AT ZARINA KHATTAN	06 August, 2026 09:00 AM	10:00 AM	7,500,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure (TSE-2627071131723, TSE-2627071131693, TSE-2627071131633, TSE-2627071131613, TSE-2627071131543, TSE-2627071129333, TSE-2627071129323, TSE-2627071129313, TSE-2627071129303, TSE-2627071129273, TSE-2627071128883) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** District Council Office, Rind Ali, Dhadar
Phone no: 3337959293 Fax no: Email: qaziabdulzahir84@gmail.com

DAB/AB No.69/20-07-2026

Chief Officer District Council Kachhi

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2627071128653 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer (Roads) Communication Works, PP&H Department District Hub invites Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF BLACK TOPPED ROAD 2.50 KM IN ABDULLAH BINEZJO AREA SAKRAN HUB. BSDI PHAS-III (PSDP NO. 2026-2027).	34,826,283

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules — 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 24,378,398 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the fine Valid PEC Registration Certificate **Procedure Of Procurement:** Two Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **05 August, 2026** till **11:00 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **12:00 PM on EPPS** System **Address:** Behind Allied Bank MAIN RCD ROAD TEHSIL HUB DISTRICT HUB **Phone no:** 0853363462 **Fax no:** 0853363122
Email: xenroadhub@gmail.com

DPRQ/PRQ No.270/20-7-2026

Executive Engineer (Roads) Communication Works, PP&H Department District Hub

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2627071129853 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER BUILDINGS CWPP&H DEPARTMENT KACHHI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of 2X Add: Rooms for Boys inter college at GBHS Mithri District Kachhi (UNDER BSDI PHASE-III)	9,106,408

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 6,374,485 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) . The bidder shall submit a Rs, 100/-stamp affidavit (Attested by first class Magistrate) with TSE Number and title of work certifying that all documents provided are true and correct. Any misleading information shall liable to disqualification. Pursuant to sub clause 43.1 of the general condition of the contract the work shall be completed on or before the date stated in case of representative the bidder provides an authority letter on Judicial stamp paper of Rs, 100/-stamp paper, mentioning TSE Number and title of work duly attested by Oath Commissioner **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 04 August, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 04 August, 2026till 10:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM Address: XEN CWPP&H Office Dhadhar
Phone no: 3337340773Fax no: 000000000
Email: xenbuildingkachi@gmail.com

DPRQ/PRQ No.266/20-7-2026

EXECUTIVE ENGINEER BUILDINGS CWPP&H DEPARTMENT KACHHI

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

SPORTS

سپورٹس

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

فیفا ورلڈکپ فائنل، اسپین دفاعی چیمپئن ارجنٹینا کو شکست دے کر دنیائے فٹبال کا نیا حکمران بن گیا

اسپین دنیائے فٹ بال کا واحد ملک بن گیا جس کے پاس بیک وقت مردوں اور خواتین کے ورلڈکپ ٹائٹلز ہیں



فیفا ورلڈکپ 2026 کے فائنل میں اسپین نے اضافی وقت میں ارجنٹائن کو 0-1 سے شکست دے کر دوسری مرتبہ دنیا کا فٹبال چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کرلیا۔ سنسنی خیز مقابلے کا فیصلہ 106ویں منٹ میں اس وقت ہوا جب فیران ٹوریس نے قریب سے طاقتور شاٹ لگا کر گیند جال میں پہنچائی اور اسپین کو تاریخی فتح دلا دی۔ ورلڈکپ فائنل سے شائقین کو ایک یادگار مقابلے کی امید تھی تاہم میدان میں سخت ٹکرا، مسلسل فاؤلز اور بار بار کھیل رکنے کے باعث میچ اپنی روانی برقرار نہ رکھ سکا۔ اس کے باوجود اسپین نے آغاز ہی سے بہتر کھیل پیش کیا اور گول کے کئی واضح مواقع بھی بنائے لیکن ارجنٹائن کے گول کیپر ایمیلیانو مارٹینیز ہر بار دیوار بن کر سامنے آئے۔ ارجنٹائن کو اس وقت بڑا دھچکا لگا جب مقررہ وقت کے اختتامی لمحات میں مڈفیلڈر اینزو فرنانڈیز خطرناک ٹیکل پر دوسرا پیلا کارڈ ملنے کے بعد میدان سے باہر بھیج دیے گئے جس کے باعث دفاعی چیمپئن اضافی وقت میں صرف دس کھلاڑیوں کے ساتھ کھیلنے پر مجبور ہو گئے۔ اضافی وقت میں بھی مارٹینیز نے کئی شاندار سیوز کر کے اسپین کو روکے رکھا یہاں تک کہ 106ویں منٹ میں نیکو ولیمز کے ہیڈر کے بعد گیند فیران ٹوریس تک پہنچی جنہوں نے زوردار شاٹ لگا کر اسپین کے لیے فیصلہ کن گول کر دیا۔ میچ کے دوران اسپین کے لامین یامال، میکل اویارزابال اور نیکو ولیمز مسلسل ارجنٹائن کے دفاع کے لیے خطرہ بنے رہے جبکہ ایک موقع پر ولیمز کا گول فاؤل کے باعث مسترد بھی کر دیا گیا۔ فائنل صرف میدان تک محدود نہیں رہا بلکہ اس کے اردگرد بھی غیر معمولی رونق دیکھنے میں آئی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ خصوصی طور پر میچ دیکھنے اسٹیڈیم پہنچے جبکہ ورلڈ کپ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہاف ٹائم شو کا اہتمام کیا گیا، جس میں شکیرا، میڈونا اور جسٹن بیبر کی پرفارمنس نے شائقین کو خوب محظوظ کیا۔ اس فتح کے ساتھ اسپین نے نہ صرف اپنی تاریخ کا دوسرا مردوں کا ورلڈکپ جیت لیا بلکہ ایک منفرد اعزاز بھی اپنے نام کیا۔ اسپین اب فٹبال کی تاریخ کا پہلا ملک بن گیا ہے جس کے پاس بیک وقت مردوں اور خواتین دونوں کے ورلڈ کپ ٹائٹلز موجود ہیں۔ فائنل میچ میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے خصوصی طور پر شرکت کی انہوں نے فاتح ٹیم کو ٹرافی اور میڈلز پہنائے، جبکہ فیفا کی جانب سے اسپین کی ٹیم کے ہر کھلاڑی کو ایک خصوصی انگوٹھی بھی دی گئی۔ ورلڈ کپ کا اختتام اسپین کی فتح ارجنٹائن کی مایوسی اور فٹبال کی تاریخ میں ایک نئے باب کے آغاز کے ساتھ ہوا جہاں لا روخا نے ایک بار پھر ثابت کر دیا کہ وہ دنیا کی بہترین ٹیموں میں کیوں شمار کی جاتی ہے۔ اسپین 2010 میں اپنی پہلی عالمی ٹرافی جیتنے کے بعد دوسری مرتبہ فائنل میں پہنچی اور فتح یاب ہوئی۔ دوسری جانب ارجنٹینا ساتویں بار ورلڈ کپ کے فائنل میں پہنچی۔ اس سے قبل یہ ٹیم 1978، 1986 اور 2022 میں عالمی چیمپئن بن چکی ہے اور اب مسلسل دوسری بار ٹائٹل اپنے نام کرنے کے لیے پرعزم تھی۔ یہ مقابلہ ارجنٹینا کے کپتان لیونل میسی کے ممکنہ آخری ورلڈکپ میچ کے طور پر بھی دیکھا جا رہا ہے جس کے باعث شائقین کی دلچسپی مزید بڑھ گئی تھی۔ مداح امید کر رہے تھے کہ میسی اپنی ٹیم کو ایک اور عالمی اعزاز دلانے میں کامیاب ہوں گے مگر ان کا جادو فائنل مقابلے میں نہ چل سکا۔

اسپین نے ٹائٹل کے علاوہ مہنگا ترین انعام بھی جیت لیا، ڈالروں کی برسات

اسپین کو اس تاریخی کامیابی پر 5 کروڑ امریکی ڈالر کی خطیر انعامی رقم دی گئی، رنراپ ٹیم کو 3 کروڑ 30 لاکھ ڈالر انعام میں دیے گئے

نیوجرسی (سپورٹس نیوز) فیفا ورلڈکپ 2026 کا ٹائٹل اپنے نام کرنے کے ساتھ ہی اسپین نے صرف عالمی اعزاز ہی نہیں جیتا بلکہ بھاری مالی انعام بھی اپنے نام کرلیا۔ ارجنٹائن کو فائنل میں شکست دینے والی اسپین کو اس تاریخی کامیابی پر 5 کروڑ امریکی ڈالر کی خطیر انعامی رقم دی گئی جو گزشتہ ورلڈکپ کے مقابلے میں نمایاں طور پر زیادہ ہے۔ نیو جرسی میں کھیلے گئے فائنل میں دونوں ٹیمیں مقررہ 90 منٹ تک ایک دوسرے کے خلاف گول نہ کرسکیں۔ اضافی وقت کے پہلے حصے میں بھی مقابلہ برابر رہا لیکن 106ویں منٹ میں فیران ٹوریس نے سنہری موقع ضائع نہ کرتے ہوئے فیصلہ کن گول اسکور کیا اور اسپین کو 16 برس بعد دوبارہ دنیا کا چیمپئن بنا دیا۔ ورلڈکپ میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والی ارجنٹائن کو بھی خالی ہاتھ نہیں لوٹنا پڑا۔ رنر اپ ٹیم کو 3 کروڑ 30 لاکھ ڈالر انعام میں دیے گئے جبکہ تیسری پوزیشن حاصل کرنے والی انگلینڈ کی ٹیم کو 2 کروڑ 90 لاکھ ڈالر اور چوتھے نمبر پر رہنے والی فرانس کی ٹیم کو 2 کروڑ 70 لاکھ ڈالر ملے۔ فیفا کے مطابق 2026 ورلڈ کپ میں مجموعی طور پر 65 کروڑ 50 لاکھ ڈالر کی انعامی رقم مختلف ٹیموں میں تقسیم کی گئی جو 2022 قطر ورلڈکپ کے 44 کروڑ ڈالر کے انعامی فنڈ کے مقابلے میں نمایاں اضافہ ہے۔ اس طرح 2026 کا ورلڈکپ نہ صرف کھیل کے معیار اور دلچسپ مقابلوں کے باعث یادگار ثابت ہوا بلکہ انعامی رقم کے لحاظ سے بھی یہ تاریخ کا سب سے بڑا اور مہنگا فیفا ورلڈکپ بن گیا۔

☆☆☆☆☆☆☆

ارجنٹائن نے ناپسندیدہ ترین ریکارڈ اپنے نام کرلیا،

ٹیم 90 منٹ میں گول پر ایک شاٹ بھی نہ مارسکی

نیویارک (سپورٹس نیوز) فیفا ورلڈکپ فائنل، ارجنٹائن نے ناپسندیدہ ترین ریکارڈ اپنے نام کرلیا، ٹیم 90 منٹ میں گول پر ایک شاٹ بھی نہ مارسکی۔ تفصیلات کے مطابق فیفا ورلڈکپ 2026 کے فائنل میں اسپین دفاعی چیمپئن ارجنٹائن کو 0-1 سے شکست دیکر چیمپئن بن گیا ہے، فائنل میچ میں ارجنٹائن نے فیفا ورلڈ کپ کا ناپسندیدہ ترین ریکارڈ اپنے نام کیا۔ اسپین کے خلاف فائنل میچ میں ارجنٹائن کی ٹیم 90 منٹ میں گول پر ایک شاٹ بھی نہ مارسکی۔ اسپین نے 90 منٹس میں ٹارگیٹ پر 9 شاٹس سمیت مجموعی طور پر 15 شاٹس گول کی جانب لگائی جبکہ ارجنٹینا کی ٹیم کوئی شاٹ نہ مار سکی۔ ورلڈکپ فائنل کے 90 منٹ میں ایک شاٹ بھی گول پر نہ لگانے والی ارجنٹائن پہلی ٹیم بن گئی ہے۔

میسی اپنا ممکنہ آخری ورلڈکپ کا اختتام شکست کیساتھ کرنے پر آبدیدہ

ارجنٹینا نے مقررہ وقت میں ایک بھی شاٹ ہدف کی جانب نہ لگایا، اسپین نے مسلسل دباؤ برقرار رکھا

نیویارک (سپورٹس نیوز) ارجنٹینا کے کپتان لیونل میسی اپنی ممکنہ آخری ورلڈکپ مہم کا اختتام شکست کے ساتھ کرنے پر آبدیدہ ہو گئے۔ 39 سالہ میسی پورے ٹورنامنٹ میں ارجنٹینا کے سب سے نمایاں کھلاڑی رہے تاہم فائنل میں اسپین کی مضبوط دفاعی اور جارحانہ حکمتِ عملی کے سامنے مؤثر کردار ادا نہ کرسکے۔ ارجنٹینا نے مقررہ وقت میں ایک بھی شاٹ ہدف کی جانب نہ لگایا جبکہ اسپین نے مسلسل دباؤ برقرار رکھا اور گیند کا 65 فیصد کنٹرول اپنے پاس رکھا۔ میسی نے فائنل میں 54 مرتبہ گیند کو چھوا اور صرف ایک شاٹ لیا، آخری لمحات میں ان کے کارنر پر جیولیانو سیمیو نے کو موقع ملا لیکن وہ گیند جال میں پہنچانے میں ناکام رہے۔ میسی نے پورے ٹورنامنٹ میں 8 گول کیے اور 4 میں مدد فراہم کی جن میں انگلینڈ کے خلاف 2 فیصلہ کن گول کی معاونت بھی شامل تھی۔ ارجنٹینا کے کئی کھلاڑیوں نے کہا کہ وہ میسی کے لیے ورلڈکپ جیتنا چاہتے ہیں مگر فائنل میں ان کی ٹیم اسپین کے سامنے بے بس دکھائی دی۔ میچ کے بعد رنرزاپ کا تمغہ وصول کرتے وقت میسی اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکے اور ان کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے۔ واضح رہے کہ اگلا ورلڈکپ ہونے تک ان کی عمر 43 سال ہوگی جس کے باعث ان کی آئندہ عالمی کپ میں شرکت پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔



کراچی میں گراس روٹ لیول پر کرکٹ کھیلنا شروع کی، فخر زمان

بچپن میں ایڈم گلکرسٹ کی بیٹنگ پسند تھی، بعد میں اے بی ڈی ویلیئرز کو فالو کیا، قومی ٹیم کے بیٹر کی بات چیت



اسلام آباد (این این آئی) قومی ٹیم کے بیٹر فخر زمان نے کہا ہے کہ کیریئر کا آغاز پاکستان نیوی کی کرکٹ ٹیم سے ہوا۔ فخر زمان نے سلمان بٹ کے شو سٹریٹ ڈرائیو میں گفتگو کرتے ہوئے اپنے کرکٹ کیریئر، انٹرنیشنل کرکٹ کے تجربات اور مستقبل کے اہداف کے حوالے سے اظہار خیال کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے کیریئر کا آغاز پاکستان نیوی کی کرکٹ ٹیم سے ہوا، جس کے بعد انہوں نے کراچی میں گراس روٹ لیول پر کرکٹ کھیلنا شروع کی۔ انہوں نے کہا کہ بچپن میں انہیں ایڈم گلکرسٹ کی بیٹنگ پسند تھی جبکہ بعد میں انہوں نے اے بی ڈی ویلیئرز کو فالو کیا۔ فخر زمان کے مطابق بطور اوپنر نئی گیند کا سامنا کرنا ایک بڑا چیلنج ہوتا ہے کیونکہ ابتدائی اوورز میں بیٹسمین کو مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ فخر زمان 2017 سے اب تک پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے تین ٹیسٹ، 92 ون ڈے اور 120 ٹی 20 انٹرنیشنل میچز کھیل چکے ہیں۔ انہوں نے ون ڈے کرکٹ میں 11 سنچریوں اور 19 نصف سنچریوں کی مدد سے 3861 رنز بنائے ہیں۔ فخر زمان پاکستان کی جانب سے ون ڈے کرکٹ میں ڈبل سنچری بنانے والے پہلے بیٹر بھی ہیں، جبکہ انہیں ون ڈے کرکٹ کی تاریخ میں تیز ترین 1000 کیریئر رنز مکمل کرنے والے کھلاڑیوں میں شامل ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ قومی ٹیم کے اوپنر نے کہا کہ ان کا موجودہ بڑا ہدف 2027 کا ون ڈے ورلڈکپ ہے، جس کے لیے وہ اپنی کارکردگی بہتر بنانے اور ٹیم کی کامیابی میں کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

تین سال سے بھارت نہیں گئے، بھارت میں حسن علی پر تشدد کی افواہوں پر بیگم بول پڑی

میڈیا کو کسی بھی خبر کی اشاعت سے قبل تصدیق ضرور کرنی چاہیے، سخت ردعمل دیدیا

نئی دہلی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر حسن علی پھر خبروں کی زینت بن گئے تاہم اس بار اپنی شاندار بولنگ، جارحانہ انداز اور میدان میں پرجوش شخصیت کے باعث نہیں بلکہ ایک وائرل ویڈیو کے سبب جو مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر گردش کر رہی ہے۔ حال ہی میں بھارتی سوشل میڈیا کے مختلف پیجز پر ایک ویڈیو گردش کر رہی ہے جس میں دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ حسن علی کو بھارت میں ٹرین میں جیب تراشی کرتے ہوئے پکڑے جانے پر تشدد کا نشانہ بنایا گیا تاہم ویڈیو میں نظر آنے والا شخص ایک مختلف نوجوان ہے جس کی شکل حسن علی سے بامشکل ہی مشابہت رکھتی ہے۔ وائرل ویڈیو پر ردِعمل دیتے ہوئے حسن علی کی اہلیہ سامیہ خان نے کہا کہ ہم گزشتہ 3 برس سے بھارت نہیں گئے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ دونوں ممالک کے الیکٹرانک، سوشل اور ڈیجیٹل میڈیا کو کسی بھی خبر کی اشاعت سے قبل اس کی تصدیق ضرور کرنی چاہیے۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اسٹوری شیئر کرتے ہوئے سامیہ خان نے لکھا کہ بس دکھ صرف اس بات کا ہے کہ دونوں ملکوں کے عوام کتنے معصوم ہیں جو کسی بھی جھوٹی خبر پر یقین کر کے اسے آگے پھیلا دیتے ہیں۔ بھارت گئے ہوئے 3 سال ہو گئے، لگتا ہے لوگ ہمیں وہاں بہت یاد کر رہے ہیں، بس بلانے کے بہانے ڈھونڈ رہے ہیں۔ دوسری جانب سوشل میڈیا پر متعدد پاکستانی صارفین نے بھارتی میڈیا اور بعض سوشل میڈیا صفحات کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ صارفین کا کہنا ہے کہ ویڈیو میں موجود شخص کی حسن علی سے کوئی واضح مشابہت نہیں، جبکہ بعض نے دعویٰ کیا ہے کہ بغیر تصدیق کے ایسی گمراہ کن معلومات پھیلانا غیر ذمے دارانہ طرزِ عمل ہے۔



SHOWBIZ

شوبز

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

جان سے مارنے کی دھمکیاں، عامر خان نے اپنی تیسری اہلیہ کا مذہب بتادیا

میری پہلی بیوی رینا اور دوسری بیوی کرن نے بھی شادی کے بعد اپنا مذہب تبدیل نہیں کیا تھا، عامر خان

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکار عامر خان نے جان سے مارنے کی دھمکیوں کے بعد اپنی تیسری بیوی کے مذہب سے متعلق انکشاف کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ریاست مہاراشٹرا کے ایک وزیر نتیش رانے کی جانب سے عامر خان کی شادیوں کے تناظر میں انہیں لو جہاد کا برانڈ ایمبیسیڈر قرار دیا گیا تھا۔ ایودھیا سے تعلق رکھنے والے ایک ہندو انتہا پسند رہنما جگد گرو پرمہنس آچاریہ نے عوامی سطح پر وزیر نتیش رانے کے بیان کی حمایت کی اور دعویٰ کیا کہ عامر خان کی ہندو خواتین سے شادیوں کا مقصد لو جہاد کو فروغ دینا تھا، یہ بات محض الزام نہیں بلکہ حقیقت کی عکاسی کرتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی ہندو انتہا پسند رہنما نے عامر خان کو قتل کرنے والے شخص کے لیے 5 کروڑ روپے کے انعام کا اعلان اور قتل کرنے والے شخص کو قانونی اخراجات برداشت کرنے کی بھی یقین دہانی کرائی۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا کہ جان سے مارنے کی دھمکیوں کے بعد عامر خان نے حال ہی میں دیئے گئے انٹرویو میں اپنی تیسری بیوی کے مذہب سے متعلق بات کی اور بتایا کہ ان کی تیسری بیوی گوری اسپرٹ ہندو نہیں بلکہ وہ ایک عیسائی خاتون ہیں۔ اداکار نے مزید کہا کہ میری پہلی بیوی رینا اور دوسری بیوی کرن نے بھی شادی کے بعد اپنا مذہب تبدیل نہیں کیا تھا، اب نہ ہی گوری نے ایسا کیا کیوں کے ہم نے 'سول میرج' (civil marriages) کی تھیں۔ عامر خان نے کہا کہ سچ تو یہ ہے کہ ہمارا خاندان سب کو ساتھ لے کر چلنے والا خاندان ہے، میری دونوں بہنوں کی شادی ہندو سے ہوئی جب کہ میرے کزن منصور نے ایک عیسائی خاتون سے شادی کی اور میری بیٹی نے بھی ایک ہندو شخص سے شادی کی ہے۔ واضح رہے کہ عامر خان نے اپنی سابقہ اہلیہ رینا دتہ سے 1986 میں شادی کی جو 2002 میں ختم ہوگئی جب کہ دوسری بیوی کرن راؤ سے 2005 میں شادی ہوئی جو 2021 میں ختم ہوئی۔ اداکار نے تیسری شادی گوری اسپرٹ سے کی ہے۔

شہناز گل نے راگھو جویال کے ساتھ تعلق بارے سوال گول مول کرگئیں

بطور ہیرو اور مرکزی کردار میں راگھو پہلی بار آ رہے ہیں، تو لوگوں کا ان کو سپورٹ کرنا بہت ضروری ہے

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ اداکارہ شہناز گل نے بالآخر راگھو جویال کے ساتھ تعلق کے بارے میں سوال کو گول مول کرگئیں۔ چند روز قبل ایک سالگرہ کی تقریب میں دونوں کی ایک ساتھ آمد نے لوگوں کی توجہ حاصل کی تھی۔ یہ قیاس آرائیاں اس وقت شروع ہوئیں جب ایک وائرل ویڈیو میں راگھو کو شہناز کو ہجوم سے بچاتے ہوئے دیکھا گیا جب وہ تقریب سے باہر نکل رہی تھیں، جبکہ مداحوں نے شہناز کو ان کے کندھے کا سہارا لیتے ہوئے بھی دیکھا۔ ایک انٹرویو میں چندی گڑھ (پنجاب) سے تعلق رکھنے والی 32 سالہ اداکارہ نے اپنی ذاتی زندگی پر بات نہ کرنے کا فیصلہ کیا اور اپنی توجہ راگھو کی آنے والی نئی فلم پر مرکوز کر دی۔ انہوں نے کہا کہ براہِ کرم ذاتی سوالات نہ کریں۔ میرے دوست کی فلم آ رہی ہے، بھائی تیرا اسٹار ہے، پلیز اس کو سپورٹ کرو۔ وہ میرا بہت اچھا دوست ہے، اس کی فلم چلنی بہت ضروری ہے۔ شہناز گل نے اپنی دوستی سے ہٹ کر انڈسٹری میں راگھو جویال کے سفر کی تعریف کی اور کہا کہ انہوں نے اپنی محنت اور لگن سے یہ مقام حاصل کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بطور ہیرو اور مرکزی کردار وہ پہلی بار آ رہے ہیں، تو لوگوں کا ان کو سپورٹ کرنا بہت ضروری ہے کیونکہ وہ انڈسٹری کے بندے نہیں ہیں، انہوں نے خود اپنے آپ کو منوایا ہے۔

فنکاروں، گلوکاروں پر مشتمل ٹیم آئندہ ماہ جنوبی افریقہ روانہ ہوگی

جنوبی افریقہ کے تمام بڑے شہروں میں میوزیکل کامیڈی شوز ہونگے' میگھا

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی فنکاروں اور گلوکاروں پر مشتمل ٹیم آئندہ ماہ جنوبی افریقہ کے مختلف شہروں میں میوزیکل کامیڈی شوز پیش کرنے کے لیے روانہ ہوگی۔ نامور اداکارہ وگلوکارہ میگھا نے بتایا کہ جنوبی افریقہ روانہ ہونے والی ٹیم میں ان کے علاوہ معروف فوک گلوکار عباس جٹ، نسیم وکی، جوگی بابا، ندیم چٹا، شاہد خان، رضی خان، ذیشان علی جانو اور دیگر فنکار شامل ہوں گے اور پاکستانی فنکاروں اور گلوکاروں پر مشتمل ٹیم جنوبی افریقہ کے تمام بڑے شہروں میں اپنے فن کا مظاہرہ کرے گی۔ میگھا نے مزید بتایا کہ اس کے رائٹر اور ڈائریکٹر نسیم وکی ہیں جنہوں نے انتہائی محنت سے اسکرپٹ تیار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سفری دستاویزات کی تیاری آخری مراحل میں داخل ہو چکی ہے اور جلد ہی روانگی اور شوز کی حتمی تاریخوں کا اعلان کردیا جائے گا۔ میگھا نے کہا کہ جنوبی افریقہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی اپنے ملک سے آنے والے فنکاروں کی آمد کا بے چینی سے انتظار کر رہی ہے اور شائقین کی جانب سے انہیں مسلسل پیغامات موصول ہو رہے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ میوزیکل کامیڈی شوز بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے یادگار ثابت ہوں گے۔

ایمان رجب نے خود کو سالار سکندر کا فی میل ورژن قرار دیدیا

سوشل میڈیا صارفین اس پورے معاملے کو محض توجہ حاصل کرنے کی کوشش قرار دے رہے ہیں

پاکستانی یوٹیوبر رجب بٹ کی اہلیہ ایمان رجب نے خود کو عمیرہ احمد کے مشہور ناول پیرِ کامل کے مقبول کردار سالار سکندر سے تشبیہ دے کر سوشل میڈیا پر نئی بحث چھیڑ دی۔ ایمان رجب نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر ایک پوسٹ میں لکھا، مجھے سالار سکندر کا فی میل ورژن کہہ سکتے ہیں، کیونکہ میں نے اسے وہ محبت دی ہے جو میں خود اس سے پانا چاہتی ہوں۔ یہ پوسٹ ایسے وقت سامنے آئی ہے جب ایمان رجب اور ان کے شوہر و معروف وی لاگر رجب بٹ، گزشتہ چند ماہ سے علیحدگی کی افواہوں، طلاق کے نوٹس اور صلح کی خبروں کے باعث مسلسل خبروں میں ہیں۔ ایمان کی اس پوسٹ پر سوشل میڈیا صارفین نے سخت ردعمل دیا۔ متعدد صارفین کا کہنا تھا کہ سالار سکندر جیسے یادگار ادبی کردار کا اس انداز میں حوالہ دینا مناسب نہیں۔ ایک صارف نے ان پر تنقید کرتے ہوئے کہا، سالار سکندر نے کبھی ایسی بات نہیں کی۔ جبکہ دوسرے نے اس پورے معاملے کو محض توجہ حاصل کرنے کی کوشش قرار دیا۔

☆☆☆☆☆☆☆

''مکھو'' میں معمر رانا کا انتہائی کم معاوضے کا سن کر فلم کرنے سے انکار کیا' ذیشان روکھڑی

میں نے ایک کروڑ روپے معاوضہ مانگا، بتایا گیا معمر رانا سے 5 لاکھ روپے معاوضہ طے پایا ہے' انٹرویو

لاہور (شوبز نیوز) نامور گلوکار ذیشان روکھڑی نے کہا ہے کہ سینئر ہدایتکارہ سنگیتا کے قائل کرنے پر فلم ''مکھو'' میں بطور ہیرو کام کرنے کی حامی بھری لیکن جب معمر رانا کو دیئے جانے والے انتہائی کم معاوضے کا سنا تو فلم کرنے سے انکار کردیا، مجھے یہ سن کر حیرت ہوئی کہ معمر رانا جو فلم انڈسٹری کا اتنا بڑا نام ہیں انہیں صرف 5 لاکھ روپے دیئے جا رہے ہیں جبکہ میں نے ایک کروڑ روپے معاوضہ طلب کیا تھا۔ ایک انٹرویو میں گلوکار ذیشان روکھڑی نے کہا کہ میں سمجھتا ہوں کہ میں اداکاری کے لئے بنا ہی نہیں تاہم سینئر ہدایتکارہ اور اداکارہ سنگیتا کی خدمات کو دیکھتے ہوئے ان کی دعوت پر ان سے لاہور میں ملاقات کی اور انہیں اداکاری بارے اپنی عدم دلچسپی سے آگاہ کیا۔ ان کی جانب سے قائل کرنے پر فلم میں کام کرنے پر راضی ہوا اور میں واپس آ گیا ہے، اس دوران فلم کی شوٹنگ بھی چل رہی تھی اور اس کے کچھ کلپس میری نظر سے گزرے تو مجھے وہی روایتی فلم لگی جس پر میں نے فلم میں کام نہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ اسی دوران معاوضے کی بات چل رہی تھی، میں نے ایک کروڑ روپے معاوضہ طلب کیا لیکن مجھے بتایا گیا ہم تو معمر رانا کو 5 لاکھ روپے معاوضہ دے رہے ہیں جس کی وجہ سے میرا دل بہت برا ہوا اور میں نے باضابطہ طور پر فلم میں کام کرنے سے معذرت کرلی۔ انہوں نے کہا کہ فنکاروں کو اتنا کم معاوضہ دے کر ہم کیسے بھارت کا مقابلہ کر سکتے ہیں، اگر فنکاروں کو عزت اور مناسب معاوضہ دیا جائے تو انڈسٹری ترقی کرسکتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انہوں نے فلم کے لئے بغیر معاوضہ اپنا ایک گانا دیا ہے اب اسے فلم میں شامل کرنا یا نہ کرنا ان کی اپنی مرضی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

ڈراموں کے اسکرپٹس اے آئی کی مدد سے تیار کیے جارہے ہیں، مہر بانو کا انکشاف

می ٹو تحریک کے بعد بھی خواتین کے لیے کام کی جگہ مکمل طور پر محفوظ نہیں ہوسکی، اداکارہ

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ، ڈیجیٹل کری ایٹر اور ڈانسر مہر بانو نے انکشاف کیا ہے کہ اس وقت ٹی وی پر نشر ہونے والے متعدد ڈراموں کے اسکرپٹس مصنوعی ذہانت (AI) کی مدد سے تیار کیے جا رہے ہیں، جس سے پیشہ ور مصنفین کی محنت اور صلاحیتوں کی بے توقیری ہو رہی ہے۔ مہر بانو نے حالیہ گفتگو میں کہا کہ لوگوں کو اندازہ ہی نہیں کہ اس وقت ٹی وی پر نشر ہونے والے کتنے ہی ڈراموں کے اسکرپٹس مصنوعی ذہانت سے تیار کیے جا رہے ہیں، میں خود بھی ایسے ایک پروجیکٹ پر کام کر چکی ہوں، یہ ان پروفیشنل رائٹرز کی سخت توہین ہے جنہوں نے برسوں اس انڈسٹری کے لیے محنت کی ہے۔ اداکارہ نے بتایا کہ اسی رویے سے دل برداشتہ ہو کر میں نے کام کرنا کم کر دیا ہے کیونکہ میں اس صورتِ حال سے شدید مایوس ہوں۔ مہر بانو نے ڈرامہ انڈسٹری میں خواتین کو درپیش مسائل پر بھی کھل کر بات کی۔ ان کا کہنا ہے کہ می ٹو تحریک کے بعد بھی خواتین کے لیے کام کی جگہ مکمل طور پر محفوظ نہیں ہوسکی۔ اداکارہ نے کہا کہ آپ اندازہ بھی نہیں لگا سکتے کہ کام کی جگہ پر خواتین کس قدر غیر محفوظ ہیں، میں نے برسوں ایسے لوگوں کے ساتھ کام کیا ہے جن کا رویہ انتہائی نامناسب تھا اور سیٹ پر نوجوان لڑکیوں کے ساتھ جو کچھ ہوتا دیکھا، وہ ناقابلِ برداشت ہے، میری دعا ہے کہ کسی بھی لڑکی کو کبھی ایسے حالات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ نمبر 1

وران کی پراکسی کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ان تنظیموں کو بھارتی خفیہ ایجنسی را کی پشت پناہی حاصل ہے، افغانستان نے متعدد تنبیہات اور دوحہ معاہدے کے باوجود دہشت گرد عناصر کے خلاف موثر کارروائی نہیں کی، عمران خان کی غلط پالیسیوں کے تحت بلوچستان میں گرفتار دہشت گردوں کو عام معافی دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ قائم رہنے کیلئے بنا ہے جبکہ قومی اتحاد، یکجہتی، باہمی اعتماد اور نوجوانوں کی مثبت سوچ ہی مضبوط اور پرامن ملک کی ضمانت ہے۔ خصوصی نشست کے دوران طلبا نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے دہشت گردی، سرمایہ کاری، سمگلنگ، سوشل میڈیا اور دیگر امور پر سوالات کئے، طلبہ نے خصوصی نشست پر کہا کہ ہمیں بلوچستان سے متعلق مختلف سوالات کے حقائق پر مبنی مدلل جوابات ملے۔ آئی ایس پی آر سمر کیمپ کے شرکا نے ایسے مکالموں کو قومی ہم آہنگی کے فروغ کیلئے ضروری قرار دیا، سمر کیمپ نوجوانوں میں قومی شعور، مثبت اقدار اور صلاحیتوں کو نکھارنے کیلئے ایک اہم ترین پیشرفت ہے۔

بقیہ نمبر 2

وفد نے گورنر ہاؤس پشاور کا دورہ کیا، جہاں وفد نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ملاقات کی اور خصوصی انٹریکٹو سیشن میں شرکت کی۔ نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء پر مشتمل وفد کی قیادت بریگیڈیئر بلال غفور کر رہے تھے۔ وفد میں چاروں صوبوں، آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والے جامعات کے طلبہ، نوجوان، صحافی اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ شرکاء شامل تھے۔ انٹریکٹو سیشن کے دوران شرکاء نے گورنر فیصل کریم کنڈی سے خیبر پختونخوا کی سیکیورٹی صورتحال، دہشت گردی، معاشی چیلنجز، بین الصوبائی تعلقات، آئینی امور اور ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال سے متعلق مختلف سوالات کیے، جن کے گورنر نے تفصیلی اور مدلل جوابات دیے۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے وفد کو گورنر ہاؤس پشاور اور خیبر پختونخوا آمد پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا صدیوں سے وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ تجارت کا اہم مرکز رہا ہے، تاہم افغانستان سے ملحقہ سرحد کے باعث صوبہ سیکیورٹی کے سنگین چیلنجز سے بھی دوچار ہے۔ گورنر نے کہا کہ بلوچستان میں بی ایل اے جبکہ خیبر پختونخوا میں ٹی ٹی پی دہشت گردی کے بڑے چیلنجز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سویلین حکومت دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، جبکہ خیبر پختونخوا کی سویلین حکومت بھی امن کی خواہاں ہے، تاہم دہشت گردی کے مؤثر خاتمے کے لیے صوبائی اپیکس کمیٹی کے اجلاس باقاعدگی سے منعقد نہیں ہو رہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان میں نیٹو فورسز کے چھوڑے گئے نائٹ وژن اور تھرمل ہتھیار دہشت گرد پاکستان کی سیکیورٹی فورسز کے خلاف استعمال کر رہے ہیں۔ گورنر نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کے لیے وفاق کی جانب سے 900 ارب روپے فراہم کیے گئے، تاہم یہ رقم کہاں خرچ ہوئی، اس کا جواب آج تک نہیں مل سکا۔ انہوں نے کہا کہ برسوں سے بے مثال قربانیاں دینے والی خیبر پختونخوا پولیس آج بھی جدید آلات اور بلٹ پروف گاڑیوں جیسی بنیادی سہولیات سے محروم ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انہوں نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو سفارش کی ہے کہ پولیس کی تنخواہیں دیگر صوبوں کے برابر لائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ سابق فاٹا کے انضمام کے وقت سالانہ 100 ارب روپے فراہم کرنے کا وعدہ کیا گیا تھا، مگر نو برس گزرنے کے باوجود اس رقم کا نصف بھی ادا نہیں کیا گیا۔ انہوں نے سابق فاٹا اور پاٹا پر سیلز ٹیکس کے نفاذ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جب تک ان علاقوں کو ملک کے دیگر ترقی یافتہ شہروں جیسی سہولیات فراہم نہیں کی جاتیں، وہاں ٹیکس کا نفاذ مناسب نہیں۔ انہوں نے اس حوالے سے صوبائی حکومت کی جانب سے منعقدہ آل پارٹیز کانفرنس اور سیلز ٹیکس کے خاتمے کے مطالبے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ صوبے کے حقوق اور عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے وہ ہر مثبت اقدام میں صوبائی حکومت کے ساتھ کھڑے ہیں۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ اٹھارہویں آئینی ترمیم کے بعد صوبوں کو وسیع اختیارات حاصل ہوئے، 7 واں این ایف سی ایوارڈ 2010 میں طے پایا تھا، تاہم 2010 کے بعد نیا این ایف سی ایوارڈ تاحال تشکیل نہیں دیا جا سکا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مشترکہ مفادات کونسل کے اجلاس آئین کے مطابق ہر 90 روز بعد باقاعدگی سے منعقد کیے جائیں تاکہ بین الصوبائی نوعیت کے مسائل مؤثر انداز میں حل کیے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا گیس، بجلی، پانی، تیل، معدنیات اور سیاحت سمیت قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، مگر اس کے باوجود صوبہ گیس لوڈشیڈنگ، گندم کی قلت اور صنعتی پسماندگی کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوئی کے بعد سب سے زیادہ گیس خیبر پختونخوا پیدا کرتا ہے، لیکن یہاں ایک بھی بڑی فرٹیلائزر فیکٹری موجود نہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ صوبے میں فرٹیلائزر پلانٹس قائم کیے جائیں تاکہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں۔ گورنر نے کہا کہ چشمہ رائٹ بینک کینال (سی آر بی سی) لفٹ کم گریویٹی کینال منصوبے میں وفاق کو اپنا مالی حصہ ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی جانب سے خیبر پختونخوا کو گندم کی ترسیل نہ ہونا باعث تشویش ہے، اگر گندم فراہم نہیں کی جا سکتی تو کم از کم خیبر پختونخوا کو اس کے حصے کا پانی ضرور دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ترقی اور خوشحالی کے لیے تمام وسائل موجود ہیں، ضرورت صرف پائیدار امن کی ہے۔ امن کے قیام سے سرمایہ کاری میں اضافہ، روزگار کے مواقع اور معاشی سرگرمیاں خود بخود فروغ پائیں گی۔ گورنر نے کہا کہ صوبے کی 36 سرکاری جامعات کے لیے سالانہ صرف چار ارب روپے مختص کیے جاتے ہیں، جو ان اداروں کی تنخواہوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے بھی ناکافی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں اور قومی کرکٹ ٹیم سمیت پاکستان سپر لیگ کے متعدد نمایاں کھلاڑی اسی صوبے سے تعلق رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گورنر ہاؤس کے دروازے نوجوانوں، کھلاڑیوں، سرمایہ کاروں اور طلبہ کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پاکستان نے گزشتہ سال فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں بھارت کو مؤثر جواب دے کر شکست دی جبکہ ایران اور امریکہ کے درمیان کشیدگی کے دوران پاکستان نے ذمہ دارانہ سفارتی کردار ادا کیا، جسے عالمی برادری نے سراہا۔ اس موقع پر ورکشاپ کے شرکاء نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کو یادگاری شیلڈ بھی پیش کی۔

بقیہ نمبر 3

نے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند کے اعزاز میں ظہرانہ دیا۔ پیر کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ظہرانے میں وفاقی وزراء اور پاکستان وکینیڈا کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات اور باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ ظہرانہ کینیڈین وزیر خارجہ کے پاکستان کے سرکاری دورے کے سلسلے میں دیا گیا۔

بقیہ نمبر 4

انتخابات کا محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے تحریک لبیک کو انتخابی نشان کیلئے نااہل قرار دیدیا۔ الیکشن کمیشن نے 7 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ سنایا۔ فیصلے میں الیکشن کمیشن نے تحریک لبیک کو انتخابی نشان کیلئے نااہل قرار دیدیا الیکشن کمیشن نے تحریک لبیک پاکستان سے انتخابی نشان کرین واپس لے لیا۔ ٹی ایل پی انٹرا پارٹی انتخابات سے متعلق دستاویزات کمیشن نے مسترد کر دیں۔ فیصلہ میں کہا گیا کہ کمیشن کے مطابق ٹی ایل پی الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 209 کے تقاضے پورے نہ کرسکی۔ فیصلہ میں کہا گیا کہ ٹی ایل پی کے انٹراپارٹی انتخابات جماعتی آئین کے مطابق نہیں تھے۔ فیصلہ کے مطابق الیکشن ایکٹ کی دفعہ 215(5) کے تحت ٹی ایل پی کا انتخابی نشان واپس لینے کا حکم دیا گیا۔ الیکشن کمیشن نے متعلقہ حکام کو فیصلے پر عمل درآمد کی ہدایت کر دی۔ فیصلہ میں کہا گیا کہ کمیشن کے مطابق انتخابی نشان کا اجراء قانونی تقاضے پورے کرنے سے مشروط ہے۔

بقیہ نمبر 5

ہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی مسلسل کوششوں اور قربانیوں کو سراہا۔ انیتا آنند نے امن واستحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کی تعریف کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران فریقین نے دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور دفاع وسلامتی کے شعبوں میں تعاون اور روابط کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 6

یراعظم شہباز شریف نے ہدایت کی کہ قومی اہمیت کے تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح و بہبود، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور پائیدار معاشی ترقی کے حصول کے لیے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے اس بات پر زور دیا کہ تمام متعلقہ وزارتیں اور ادارے باہمی تعاون اور مؤثر رابطے کے ذریعے منصوبوں پر عمل درآمد کی رفتار مزید تیز کریں تاکہ عوام کو جلد از جلد ان کے ثمرات پہنچ سکیں۔ ملاقات میں قومی ترقی کے مختلف پہلوؤں اور آئندہ کے ترقیاتی اہداف پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ نمبر 7

اہتمام منعقدہ ورلڈ پیس فورم سے اپنے کلیدی خطاب میں کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ گلوبل ساؤتھ کی قیادت میں ایک نیا عالمی نظام ابھرے کیونکہ دوسری جنگ عظیم کے بعد مغرب کی قیادت میں قائم قواعد پر مبنی عالمی نظام دوہرے معیار کی وجہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو رہا ہے کیوں کہ یہ نہ تو عالمی نظم وضبط کو فروغ دے سکا اور نہ ہی حقیقی معنوں میں کسی اصول وضوابط پر مبنی تھا۔ ورلڈ پیس فورم سے چین کے نائب صدر ہان ژینگ نے بھی خطاب کیا۔ افتتاحی اجلاس میں ان کی تقریر کے بعد سینیٹر مشاہد حسین سید نے تقریباً 30 ممالک سے آئے ہوئے 100 بین الاقوامی مہمانوں کے اجتماع سے اپنا کلیدی خطاب کیا۔ ورلڈ پیس فورم کے مقررین جن میں انڈونیشیا اور سربیا کے سابق وزرائے خارجہ کے علاوہ چینی میزبان بھی شامل تھے نے پاکستان کی فعال سفارت کاری کو سراہتے ہوئے اسے وسیع تر مشرق وسطیٰ اور جنوبی ایشیا میں امن، سلامتی اور استحکام کے لیے طاقت کا ایک اہم ذریعہ قرار دیا۔ سینیٹر مشاہد حسین سید نے پاکستان اور چین کے تعلقات کے حوالے سے سال 2026 کی اہمیت کا بھی ذکر کیا، کیونکہ اس سال دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کو 75 سال مکمل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے اس تعلق کو دو ہمسایہ ممالک کے درمیان ایک منفرد شراکت داری قرار دیا، جو آئرن برادرز کے رشتے میں تبدیل ہو چکی ہے اور جس کی ہمہ جہت اور وسیع البنیاد نوعیت کی حالیہ بین الاقوامی تعلقات میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے 2026 سے 2030 کے لیے پاک چین تعلقات کے اسٹریٹجک ورک پلان کا بھی حوالہ دیا جسے انہوں نے دونوں ممالک کے دوطرفہ تعلقات کو مزید وسعت دینے، فروغ دینے اور مضبوط بنانے کے لیے ایک جامع لائحہ عمل قرار دیا۔ چین کے کردار پر اظہار خیال کرتے ہوئے سینیٹر مشاہد حسین سید نے چینی دانش وبصیرت کو سراہا جو پانچ ہزار سالہ تہذیب کے تجربے کی عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین نے کسی جارحیت، حملے، قبضے یا نوآبادیاتی تسلط کے بغیر پرامن انداز میں ترقی کی ہے اور آج وہ دنیا کی ایک نمایاں عالمی طاقت کے طور پر ریاستہائے متحدہ امریکہ کے ہم پلہ کھڑا ہے

بقیہ نمبر 8

تباہی مچادی ہے، جہاں مختلف واقعات میں 6 افراد جاں بحق جبکہ کئی افراد زخمی ہوگئے جبکہ شدید بارش کے باعث لنڈی کوتل اور گردونواح میں متعدد رابطہ سڑکیں متاثر ہوئیں اور کچے مکانات اور 10 سے زائد گھروں کی چار دیواریاں بھی منہدم ہو گئیں۔ خیبر میں تیز بارش کے باعث مختلف مقامات پر سیلابی ریلوں میں دو گاڑیاں بہہ گئیں، سوار خواتین اور بچوں کو بچالیا گیا جبکہ پولیس کے مطابق تین افراد لاپتہ ہیں۔ پولیس کے مطابق علاقہ خوگہ خیل زکریا مسجد کے قریب بھی کار سیلابی ریلے کی نذر ہوئی، موٹر کار میں موجود تمام افراد کو بحفاظت نکال دیا گیا ہے۔ کشمیر کی وادی نیلم کے نواحی گاؤں میں کلاؤڈ برسٹ کے بعد ندی نالوں میں طغیانی آ گئی جس سے مکانات سمیت متعدد دکانیں سیلاب کی زد میں آ گئیں۔ مینگل نالے کے قریب متعدد گاڑیاں اور موٹر سائیکل بہہ گئیں، نالے میں آنے والے سیلاب سے لوگوں کے مال مویشی بھی نالے میں بہہ گئے، مرکزی شاہراہ نیلم پر ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہوئی۔ مانسہرہ کے علاقے جبوڑی میں کلاؤڈ برسٹ کے نتیجے میں متعدد ہوٹلوں اور رہائشی مکانات کو شدید نقصان پہنچا، جبکہ اچانک آنے والے سیلابی ریلوں نے معمولات زندگی متاثر کر دیے۔ وادی کاغان، وادی سرن اور دیگر حساس علاقوں میں ندی نالوں اور دریاؤں میں سیلاب کے خدشے کے پیش نظر سیاحوں کو دریائے کنہار اور دیگر آبی گزرگاہوں سے دور رہنے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق نگر میں چھلت کے علاقے بڈہ لس میں لینڈ سلائیڈنگ کی وجہ سے 4 مزدور جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق مزدور کام کر کے شام کو گھروں کو واپس جا رہے تھے کہ لینڈ سلائیڈنگ ہوگئی اور ملبے تلے آ گئے جس کے نتیجے میں 3 مزدور زخمی جبکہ 4 جاں بحق ہوئے ہیں۔ مزدوروں میں ایک لیہ پنجاب کا تھا جس کی شناخت شفقت اور ایک چھلت رابٹ سے تھا جس کی فدا حسین کے نام سے ہوئی، جبکہ 2 مزدوروں کا تعلق کوہستان سے بتایا جا رہا ہے، میتوں کو کوہستان وپنجاب منتقل کیا گیا ہے۔ لاہور میں موسلا دھار بارش کے دوران دو مختلف حادثات میں ایک شخص جاں بحق جبکہ سات زخمی ہو گئے، ایک خاتون کی حالت تشویشناک ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق موسلا دھار بارش کے دوران لاہور میں دو حادثات رپورٹ ہوئے۔ شاد باغ کھوکھر روڈ پر کرنٹ لگنے سے بائیس سال کا عدنان جاں بحق ہو گیا۔ دوسرا واقعہ نین سکھ کے علاقے میں پیش آیا جہاں گھر کی دیوار گرنے سے سات افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو کی امدادی ٹیموں نے کارروائی کرتے ہوئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا۔ زخمیوں میں شامل ایک خاتون کے سر پر گہری چوٹ آئی جس کی حالت تشویشناک ہے۔ دوسری جانب پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے کہا ہے کہ صوبے کے بیشتر دریاؤں میں پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے تاہم دریائے چناب کے خانکی اور قادر آباد کے مقامات پر نچلے درجے کی سیلابی صورتحال برقرار ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق خانکی کے مقام پر پانی کی آمد ایک لاکھ 25 ہزار کیوسک جبکہ اخراج ایک لاکھ 17 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا ہے۔ قادر آباد میں پانی کی آمد ایک لاکھ 46 ہزار کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 27 ہزار کیوسک ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق دریائے چناب کے مرالہ، تریموں اور پنجند، دریائے راوی کے جسڑ، شاہدرہ، ہیڈ سدھنائی اور بلوکی، دریائے ستلج کے گنڈا سنگھ والا، سلیمانکی اور ہیڈ اسلام، جبکہ دریائے سندھ کے تربیلا، کالا باغ، چشمہ اور تونسہ کے مقامات پر پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے۔ اسی طرح ڈیرہ غازی خان کے رودکوہیوں میں بھی پانی کی صورتحال نارمل ہے۔ ترجمان نے خبردار کیا ہے کہ 24 جولائی تک بارشوں کے باعث پنجاب کے دریاؤں میں پانی کی سطح میں اضافے کا خدشہ ہے۔ بسنتر، ڈیگ، ایک، پلکھو، بھمبر، بلسی اور ڈورا میں بھی سیلابی صورتحال پیدا ہونے کی وارننگ جاری کی گئی ہے، جبکہ ڈیرہ غازی خان کے رودکوہیوں میں فلیش فلڈنگ کا خطرہ ظاہر کیا گیا ہے۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے کے مطابق لاہور، گوجرانوالہ، بہاولنگر اور راولپنڈی ڈویژن میں اربن فلڈنگ کا بھی خدشہ ہے۔ انہوں نے دریاؤں کے پاٹ میں موجود شہریوں کو فوری طور پر محفوظ مقامات پر منتقل ہونے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ممکنہ متاثرہ علاقوں میں فلڈ ریلیف کیمپس قائم کر دیئے گئے ہیں۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ موسم اور سیلابی صورتحال کے پیش نظر احتیاطی تدابیر اختیار کریں، جبکہ دریاؤں، نہروں اور ندی نالوں کے اطراف غیر ضروری آمد ورفت اور سیر وتفریح سے گریز کریں۔ لیہ کے موضع سمرا نشیب میں دریائے سندھ کی بے رحم موجیں بے قابو ہوگئیں، پانی کے تیز بہاؤ میں دو بڑے سرکاری سکول دریا برد ہوگئے، دریائے سندھ کے کٹاؤ سے اب تک سینکڑوں ایکڑ فصلوں اور 300 مکانات کو نقصان پہنچا ہے۔ دریائی پانی سے پانچ سے زائد بستیاں، 3 مساجد، بجلی کے کھمبے اور دوسری سرکاری املاک بھی متاثر ہوئیں۔ حسن ابدال کے نواحی علاقے کو ہلیہ سمیت درجنوں دیہاتوں کی جانب سے اپنی مدد آپ کے تحت تعمیر کیا گیا کو ہلیہ پل ایک بار پھر تیز سیلابی ریلے کی نذر ہو گیا جس کے بعد پنجاب اور خیبر پختونخواہ کے سرحدی دیہات کا شہر سے رابطہ منقطع اور شہری شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور خیبر پختونخواہ کے پہاڑی علاقوں کے لیے فلیش فلڈ کا الرٹ جاری کیا ہے۔ این ڈی ایم اے کے مطابق گلگت بلتستان اور خیبر پختونخواہ میں 25 جولائی تک گلیشیئرز پگھلنے کا شدید خدشہ ہے۔ جس کے باعث ندیاں اور نالوں میں پانی کے بہاؤ میں بڑا اضافہ ہو سکتا ہے۔ این ڈی ایم اے نے ہنزہ، نگر، سکردو، شگر، استور اور دیامر میں سیلاب اور مٹی کے تودے گرنے کے خدشات ظاہر کیے ہیں جبکہ اپر اور لوئر چترال اور ان کے ملحقہ علاقوں کو انتہائی حساس قرار دیا گیا ہے۔ شانگلہ کے مقام پر بھی دریائے سندھ میں پانی کا بہاؤ کافی تیز ہوگیا ہے۔ ایبٹ آباد اور ہری پور سمیت مختلف اضلاع میں بھی بارش کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری رہا، بارش کے باعث ندی نالوں میں طغیانی سے شاہراہ ریشم پر پانی جمع ہونے سے سڑک تالاب کا منظر پیش کرنے لگی، جس کے باعث ٹریفک بلاک ہوگئی

بقیہ نمبر 9

مزید فروغ دیا جائے، اقتصادی وسرمایہ کاری کے روابط کو مزید وسعت دی جائے اور متحدہ عرب امارات میں مقیم بڑی پاکستانی برادری کی فلاح وبہبود کے لیے باہمی تعاون کو مزید موثر بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 10

کیلئے 4 کروڑ 70 لاکھ کینیڈین ڈالر سے زائد کی معاونت کا اعلان کیا ہے۔ پیر نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند نے ملاقات کی جس میں فریقین نے پاکستان اور کینیڈا کے دوطرفہ تعلقات میں حالیہ پیش رفت کا جائزہ لیا اور علاقائی وبین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا

بقیہ نمبر 11

ردیا۔ انہوں نے کہا کہ چین ایک اصول پسند طاقت ہے جو خلیج میں کشیدگی کے دوران تمام فریقین کا اعتماد حاصل کیے ہوئے ہے۔ مشاہد حسین سید نے کہا کہ پاکستان اور چین کے تعلقات آئرن برادر ہڈ میں تبدیل ہو چکے، دونوں ممالک کی دوستی کی حالیہ بین الاقوامی تعلقات میں کوئی مثال نہیں ملتی۔

بقیہ نمبر 12

ئی کو مقرر کردی۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ جسٹس سرفراز ڈوگر درخواست پر سماعت کریں گے۔ عدالت اس سے قبل اسٹیبلشمنٹ ڈویژن اور وزارت داخلہ کو نوٹس جاری کرتے ہوئے ان سے رپورٹ طلب کر چکی ہے۔ عدالت نے حکم دیا کہ درخواست گزار کے خلاف کیس کے حتمی فیصلے تک کسی بھی قسم کی تادیبی کارروائی نہ کی جائے، جبکہ عدالت نے لا افسر کو بھی اس معاملے میں عدالتی معاونت کی ہدایت کر رکھی ہے۔ یاد رہے کہ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے 3 جون 2026 کو سابق ڈی جی این سی سی آئی اے وقار الدین سید کے خلاف چارج شیٹ اور الزامات کی تفصیلات جاری کی تھیں، جنہیں انہوں نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج کر رکھا ہے

بقیہ نمبر 13

کا حق حاصل ہے اور تمام سیاسی قوتوں کی ذمہ داری ہے کہ انتخابی عمل کو پرامن، شفاف اور غیر جانبدار بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان نے الزام عائد کیا کہ راولاکوٹ میں دھرنے کی آڑ میں سرگرم بعض غیر سیاسی عناصر کشمیری عوام کو ان کے جمہوری حق اور حق خودارادیت کی منزل سے دور دھکیل رہے ہیں، جبکہ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی جانب سے ایسے عناصر کی حمایت عام کشمیری ووٹرز کے مفادات کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ضرور ہے، تاہم ایسے اقدامات جن سے انتخابی عمل میں رکاوٹ یا بدامنی پیدا ہو، ان سے گریز کیا جانا چاہیے اور تمام فریقین کو مذاکرات اور جمہوری ذرائع سے مسائل کا حل تلاش کرنا چاہیے۔ ملکی سیاسی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے مسلم لیگ (ن) کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ مہنگائی سے پریشان عوام کو ریلیف دینے کے بجائے انہیں مزید معاشی مشکلات کا سامنا ہے، جس کے باعث حکمران جماعت عوامی توقعات پر پورا اترنے میں ناکام دکھائی دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کی ترجیحات عوامی مسائل کے حل کے بجائے دیگر معاملات پر مرکوز نظر آتی ہیں، جبکہ مہنگائی، بے روزگاری اور بنیادی سہولیات کے مسائل بدستور موجود ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بعض قومی معاملات پر حکمران جماعت کی طویل خاموشی اور واضح مؤقف اختیار نہ کرنا بھی کئی سوالات کو جنم دیتا ہے۔ انہوں نے مولانا فضل الرحمان اور جمعیت علمائے اسلام (ف) کے حالیہ بیانات پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ قومی سلامتی، ریاستی اداروں اور شہدا کی قربانیوں کے بارے میں غیر ذمہ دارانہ طرز گفتگو قومی مفاد کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے وطن کے دفاع کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں، جنہیں پوری قوم قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، اس لیے شہدا اور قومی سلامتی کے اداروں کو تنقید کا نشانہ بنانے سے گریز کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دفاع وطن کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے قوم کے ہیروز ہیں اور ان کی حرمت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلاف اپنی جگہ، مگر قومی سلامتی، ریاستی اداروں اور شہدا کے احترام کو سیاست سے بالاتر رکھا جانا چاہیے۔ ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان نے بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کے خاندان کی جانب سے بھارت اور بھارتی قیادت سے متعلق سامنے آنے والے بیانات پر بھی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ایسے بیانات قومی جذبات سے مطابقت نہیں رکھتے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے ہر مشکل وقت میں ملک کا دفاع کیا ہے اور عالمی سطح پر بھی ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا اعتراف کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج نے قومی دفاع کو مزید مضبوط بنایا ہے اور پاکستان کی عسکری قیادت کو بین الاقوامی سطح پر بھی پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ قومی مفاد کے معاملات پر تمام سیاسی قوتوں کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے اور ایسے بیانات سے اجتناب کرنا چاہیے جن سے ملک دشمن عناصر کو فائدہ پہنچنے کا تاثر پیدا ہو۔

بقیہ نمبر 14

کہ 30 جون کو ختم ہونے والے مالی سال 2025-26 کے دوران فری لانسر نے ملک کے لیے 1.76 ارب ڈالر کا زرمبادلہ کمایا جو مالی سال 2024-25 میں 984 ملین ڈالر تھا اس طرح صرف ایک سال میں فری لانسرز نے اپنی کاوشوں سے زرمبادلہ آمدن میں 78 فیصد اضافہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ فری لانسرز کے کمائے ہوئے زرمبادلہ نے ملکی میکرو اکنامک اشاریوں کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے، فری لانسرز قیمتی زرمبادلہ کمانے کے ساتھ ساتھ ٹیکسوں کی ادائیگی کے ذریعے پاکستان کی معیشت میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں، پاکستان کی فری لانسنگ کمیونٹی اقتصادی ترقی کے ایک اہم محرک بن گئی ہے، جس کی برآمدی آمدنی کئی روایتی شعبوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔

بقیہ نمبر 15

کی اوسط عالمی قیمت کے مطابق ہوں گی، پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کا تعین عالمی مارکیٹ کے حساب سے کیا جائے گا۔ قیمتوں کے اعلان کے لیے وزیراعظم یا وفاقی حکومت کی پیشگی منظوری درکار نہیں ہوگی جبکہ اوگرا بغیر وزیراعظم یا حکومت کی منظوری کے قیمتوں کا اعلان کرے گا۔ اوگرا کے مطابق ہفتہ اور اتوار کو گزشتہ اعلان کردہ قیمتیں برقرار رہیں گی جبکہ یکم جولائی 2026 سے روزانہ پلاٹس ریفرنس قیمتیں بھی ویب سائٹ پر جاری کرے گا۔ پیٹرولیم لیوی کابینہ کی مقررہ حد سے زیادہ عائد نہیں کی جاسکے گی جبکہ پیٹرولیم لیوی کی شرح فنانس ڈویژن کی منظوری سے ہی تبدیل ہوگی۔ مالی سال 2027 میں ہائی اسپیڈ ڈیزل کی درآمد صرف پی ایس او کے ذریعے ہوگی جبکہ آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو مارکیٹ شیئر کے مطابق پیٹرول درآمد کی اجازت ہوگی، درآمدی بایا اپ لفٹمنٹ میں ڈیفالٹ پر 9 ماہ تک نئی درآمدی اجازت نہیں ملے گی۔ اسی طرح مٹی کا تیل اور لائٹ ڈیزل آئل کی قیمتیں بھی روزانہ مقرر کی جائیں گی۔ وفاقی کابینہ نے اوگرا کو ہدایات جاری کی ہیں کہ نئے پرائسنگ میکانزم پر فوری عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 16

نیازی نے فیصلہ کیا ہے کہ این سی سی آئی اے سے تعاون کریں گی، بتایا جائے کس شق کے تحت نوٹس جاری ہوا اور انہیں کس قانون کے تحت طلب کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں (آج) منگل کو آنے کا کہا گیا ہے تاہم ہم نے چار ہفتوں کی مہلت مانگی ہے، نورین نیازی باہر ہیں، ان کا ابھی یہاں پیش ہونا مشکل ہے، بیٹا اور بھائی جیل میں ہیں۔ خیال رہے کہ گزشتہ دنوں عمران خان کی بہن نورین نیازی کا معرکہ حق اور پاک فوج سے متعلق متنازع بیان سامنے آیا تھا اور انہوں نے ایک انٹرویو میں معرکہ حق کے معاملے پر افواج پاکستان کو تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔ نورین نیازی نے کہا تھا کہ معرکہ حق افواج پاکستان اور مودی کا گٹھ جوڑ تھا، بھارت نے اسرائیل کے کہنے پر پاکستان پر حملہ کرنے سے گریز کیا کیونکہ پاکستان اسرائیل کو تسلیم کرنے جارہا تھا۔ این سی سی آئی اے نے نورین نیازی کو پیر کو طلب کیا تھا۔

بقیہ نمبر 17

رلیمنٹیرینز شازیہ مری نے آزاد وجموں کشمیر معاملے پر مسلم لیگ (ن) کو جواب دیا ہے کہ پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے آزاد جموں وکشمیر کے عوام کے حقوق، وقار اور امنگوں کی آواز بلند کی ہے، مسلم لیگ (ن) جائز سوالات سے راہ فرار اختیار کر رہی ہے، بلاول بھٹو زرداری کا پیغام آزاد جموں وکشمیر کے عوام کے آئینی حقوق کے بارے میں ہے، سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے بارے میں نہیں۔ اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ جنہوں نے کشمیری عوام کی توہین پر خاموشی اختیار کی، وہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو قومی یکجہتی کا درس نہیں دے سکتے۔ شازیہ مری نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری نے ہمیشہ آزاد جموں وکشمیر کے عوام کے لیے روزگار، ترقی اور آئینی حقوق کی بات کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کو بلاول بھٹو زرداری کے اٹھائے گئے عوامی مسائل کا جواب دینا چاہیے، ذاتی حملوں کا سہارا نہیں لینا چاہیے۔ شازیہ مری نے کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا مؤقف ہے کہ احتساب جمہوریت کو مضبوط بناتا ہے اور مشکل سوالات اٹھانا جمہوری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری نے آزاد جموں وکشمیر کے عوام کے حقیقی مسائل کی بات کی، جبکہ مسلم لیگ (ن) نے جواب دینے کے بجائے سیاسی بیان بازی کا راستہ اختیار کیا۔ شازیہ مری نے کہا کہ آزاد جموں وکشمیر کے عوام کے احترام پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا، اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری ان کے وقار پر کبھی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے آزاد جموں وکشمیر کے عوام کے لیے امید، ترقی اور عوامی اختیار کا واضح وژن پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے اٹھائے گئے عوامی مسائل کا جواب دینے کے بجائے مسلم لیگ (ن) سیاسی حملوں کے ذریعے توجہ ہٹانے کی کوشش کر رہی ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری سیاسی تنقید کی پروا کیے بغیر آزاد جموں وکشمیر کے عوام کی آواز بلند کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد جموں وکشمیر کے عوام سیاسی جماعتوں کا فیصلہ ان کی کارکردگی اور عوامی خدمت کی بنیاد پر کریں گے، بلاول بھٹو زرداری پر ذاتی حملوں کی بنیاد پر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری نے واضح کر دیا ہے کہ آزاد جموں وکشمیر کے عوام کا وقار، آئینی حقوق اور جمہوری امنگیں پیپلز پارٹی کی اولین ترجیح ہیں۔ شازیہ مری نے کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی سیاست عوامی خدمت، آئینی حقوق اور آزاد جموں وکشمیر کے ہر شہری کے احترام پر مبنی ہے۔

بقیہ نمبر 18

کستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کے وفد نے ملاقات کی اور قیمتوں میں اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا۔ ایسوسی ایشن کے چیف ایڈوائزر ملک خدا بخش نے کہا کہ آبنائے ہرمز بحران کے دوران پیٹرولیم مصنوعات کی بلاتعطل فراہمی پر حکومت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا کہ یومیہ پیٹرولیم قیمتوں کا نیا نظام سات روزہ رولنگ ایوریج پر مبنی ہوگا، ہفتہ وار قیمتوں کا سابق نظام بھی 7 روزہ اوسط قیمت پر مبنی تھا جبکہ یومیہ قیمتوں سے شفافیت بڑھے گی، مارکیٹ میں بگاڑ اور ذخیرہ اندوزی کی حوصلہ شکنی ہوگی۔ پی پی ڈی اے کے وفد نے پیٹرولیم ڈیلرز اور او ایم سیز کے مابین ضوابط کی تیاری میں پیٹرولیم ڈیلرز کو شامل کرنے کا مطالبہ کیا۔ اس پر وفاقی وزیر نے کہا کہ ڈیلرز کی آرا کو قواعد وضوابط کی تیاری میں شامل کیا جائے گا۔ پیٹرولیم ڈیلرز کی جانب سے ڈیلرز مارجن 8 فیصد کرنے کے مطالبہ پر وفاقی وزیر نے غور کرنے کی یقین دہانی کروائی گئی۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ ڈیلرز کے مارجن اور دیگر امور پر پی پی ڈی اے اور اوگرا کی میٹنگ کل ارینج کروائی ہ۔ وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کی حمایت پر پی پی ڈی اے کی قیادت کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ حکومت شفاف، مسابقتی اور صارف دوست پیٹرولیم مارکیٹ کے قیام کیلئے پرعزم ہے۔ پی پی ڈی اے کے وفد میں چیف ایڈوائزر ملک خدا بخش، راجہ وسیم کیانی، چوہدری ظفر الہٰی، بابر علی چوہدری اور چوہدری فیصل عارف شامل تھے

بقیہ نمبر 19

وفاقی کابینہ نے کفایت شعاری اقدامات میں توسیع کی منظوری دے دی ہے جس کے بعد کابینہ ڈویژن نے فیصلے پر عمل درآمد کے لیے وزارت خزانہ کو مراسلہ ارسال کر دیا ہے۔ فیصلے کے تحت گزشتہ تین سال سے خالی تمام آسامیوں کو ختم کر دیا جائے گا، جبکہ نئی آسامیوں کی تخلیق پر بھی پابندی برقرار رہے گی۔ اسی طرح رواں مالی سال کے دوران ہر قسم کی سرکاری گاڑیوں کی خریداری کی اجازت نہیں ہوگی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مشینری اور آلات کی خریداری پر عائد پابندی بھی برقرار رکھی گئی ہے۔ علاوہ ازیں سرکاری خرچ پر بیرون ملک علاج اور غیر ضروری غیر ملکی دوروں پر پابندی بھی بدستور نافذ رہے گی۔ ذرائع کے مطابق وزارت خزانہ کی جانب سے کفایت شعاری کے ان اقدامات سے متعلق باقاعدہ نوٹیفکیشن جلد جاری کیے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ نمبر 20

وفد نے گورنر ہاؤس پشاور کا دورہ کیا، جہاں وفد نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ملاقات کی اور خصوصی انٹریکٹو سیشن میں شرکت کی۔ نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء پر مشتمل وفد کی قیادت بریگیڈیئر بلال غفور کر رہے تھے۔ وفد میں چاروں صوبوں، آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والے جامعات کے طلبہ، نوجوان، صحافی اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ شرکاء شامل تھے۔ انٹریکٹو سیشن کے دوران شرکاء نے گورنر فیصل کریم کنڈی سے خیبر پختونخوا کی سیکیورٹی صورتحال، دہشت گردی، معاشی چیلنجز، بین الصوبائی تعلقات، آئینی امور اور ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال سے متعلق مختلف سوالات کیے، جن کے گورنر نے تفصیلی اور مدلل جوابات دیے۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے وفد کو گورنر ہاؤس پشاور اور خیبر پختونخوا آمد پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا صدیوں سے وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ تجارت کا اہم مرکز رہا ہے، تاہم افغانستان سے ملحقہ سرحد کے باعث صوبہ سیکیورٹی کے سنگین چیلنجز سے بھی دوچار ہے۔ گورنر نے کہا کہ بلوچستان میں بی ایل اے جبکہ خیبر پختونخوا میں ٹی ٹی پی دہشت گردی کے بڑے چیلنجز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سویلین حکومت دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، جبکہ خیبر پختونخوا کی سویلین حکومت بھی امن کی خواہاں ہے، تاہم دہشت گردی کے مؤثر خاتمے کے لیے صوبائی اپیکس کمیٹی کے اجلاس باقاعدگی سے منعقد نہیں ہو رہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان میں نیٹو فورسز کے چھوڑے گئے نائٹ وژن اور تھرمل ہتھیار دہشت گرد پاکستان کی سیکیورٹی فورسز کے خلاف استعمال کر رہے ہیں۔ گورنر نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کے لیے وفاق کی جانب سے 900 ارب روپے فراہم کیے گئے، تاہم یہ رقم کہاں خرچ ہوئی، اس کا جواب آج تک نہیں مل سکا۔ انہوں نے کہا کہ برسوں سے بے مثال قربانیاں دینے والی خیبر پختونخوا پولیس آج بھی جدید آلات اور بلٹ پروف گاڑیوں جیسی بنیادی سہولیات سے محروم ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انہوں نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو سفارش کی ہے کہ پولیس کی تنخواہیں دیگر صوبوں کے برابر لائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ سابق فاٹا کے انضمام کے وقت سالانہ 100 ارب روپے فراہم کرنے کا وعدہ کیا گیا تھا، مگر نو برس گزرنے کے باوجود اس رقم کا نصف بھی ادا نہیں کیا گیا۔ انہوں نے سابق فاٹا اور پاٹا پر سیلز ٹیکس کے نفاذ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جب تک ان علاقوں کو ملک کے دیگر ترقی یافتہ شہروں جیسی سہولیات فراہم نہیں کی جاتیں، وہاں ٹیکس کا نفاذ مناسب نہیں۔ انہوں نے اس حوالے سے صوبائی حکومت کی جانب سے منعقدہ آل پارٹیز کانفرنس اور سیلز ٹیکس کے خاتمے کے مطالبے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ صوبے کے حقوق اور عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے وہ ہر مثبت اقدام میں صوبائی حکومت کے ساتھ کھڑے ہیں۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ اٹھارہویں آئینی ترمیم کے بعد صوبوں کو وسیع اختیارات حاصل ہوئے، 7 واں این ایف سی ایوارڈ 2010 میں طے پایا تھا، تاہم 2010 کے بعد نیا این ایف سی ایوارڈ تاحال تشکیل نہیں دیا جا سکا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مشترکہ مفادات کونسل کے اجلاس آئین کے مطابق ہر 90 روز بعد باقاعدگی سے منعقد کیے جائیں تاکہ بین الصوبائی نوعیت کے مسائل مؤثر انداز میں حل کیے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا گیس، بجلی، پانی، تیل، معدنیات اور سیاحت سمیت قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، مگر اس کے باوجود صوبہ گیس لوڈشیڈنگ، گندم کی قلت اور صنعتی پسماندگی کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوئی کے بعد سب سے زیادہ گیس خیبر پختونخوا پیدا کرتا ہے، لیکن یہاں ایک بھی بڑی فرٹیلائزر فیکٹری موجود نہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ صوبے میں فرٹیلائزر پلانٹس قائم کیے جائیں تاکہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں۔ گورنر نے کہا کہ چشمہ رائٹ بینک کینال (سی آر بی سی) لفٹ کم گریویٹی کینال منصوبے میں وفاق کو اپنا مالی حصہ ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی جانب سے خیبر پختونخوا کو گندم کی ترسیل نہ ہونا باعث تشویش ہے، اگر گندم فراہم نہیں کی جا سکتی تو کم از کم خیبر پختونخوا کو اس کے حصے کا پانی ضرور دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ترقی اور خوشحالی کے لیے تمام وسائل موجود ہیں، ضرورت صرف پائیدار امن کی ہے۔ امن کے قیام سے سرمایہ کاری میں اضافہ، روزگار کے مواقع اور معاشی سرگرمیاں خود بخود فروغ پائیں گی۔ گورنر نے کہا کہ صوبے کی 36 سرکاری جامعات کے لیے سالانہ صرف چار ارب روپے مختص کیے جاتے ہیں، جو ان اداروں کی تنخواہوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے بھی ناکافی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں اور قومی کرکٹ ٹیم سمیت پاکستان سپر لیگ کے متعدد نمایاں کھلاڑی اسی صوبے سے تعلق رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گورنر ہاؤس کے دروازے نوجوانوں، کھلاڑیوں، سرمایہ کاروں اور طلبہ کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پاکستان نے گزشتہ سال فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں بھارت کو مؤثر جواب دے کر شکست دی جبکہ ایران اور امریکہ کے درمیان کشیدگی کے دوران پاکستان نے ذمہ دارانہ سفارتی کردار ادا کیا، جسے عالمی برادری نے سراہا۔ اس موقع پر ورکشاپ کے شرکاء نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کو یادگاری شیلڈ بھی پیش کی۔

بقیہ نمبر 21

ناپڑے گی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ جب بھی ایران کسی امریکی فوجی کو قتل کرے گا، اسے اس قتل کی کئی گنا قیمت ادا کرنا ہوگی۔ صدر ٹرمپ نے بتایا کہ اس حوالے سے واضح ہدایات پہلے ہی جاری کی جا چکی ہیں۔ ان کے مطابق یہ ہدایت وزیر دفاع پیٹ ہیگستھ، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف جنرل ڈینیل کین اور امریکی فوج کی پوری قیادت کو دی جا چکی ہے۔ ایک اور بیان میں اسرائیلی وزیراعظم کے حوالے سے ٹرمپ نے کہا کہ بنیامین نیتن یاہو کو امریکا آمد پر کسی بھی صورت میں گرفتار نہیں ہونے دیں گے۔ نیتن یاہو ایران کے خلاف جنگ لڑ رہے ہیں، جس نے حالیہ عرصے میں 52 ہزار بے گناہ مظاہرین کو قتل کیا اور گزشتہ 47 برسوں سے امریکی فوجیوں اور دیگر افراد کو قتل کرتا آرہا ہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ گرفتار تو ان لوگوں کو ہونا چاہیے جنہوں نے ایران کو موت اور تباہی کے اس بے مثال بھنور میں دھکیلا، اس مسئلے سے کئی سال پہلے ہی نمٹ لینا چاہیے تھا، لیکن سابق امریکی صدور ایسا نہیں کر سکے۔

بقیہ نمبر 22

کی۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت عوام کو بہتر تعلیمی اور طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے، اور ضلع حب میں پہلے نرسنگ کالج کی تعمیر اسی وژن کا حصہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نرسنگ کالج کی تعمیر مکمل ہونے سے صحت کے شعبے کو مضبوط بنانے، مقامی نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور علاقے کی مجموعی ترقی میں نمایاں مدد ملے گی۔ آخر میں میر علی حسن زہری نے متعلقہ اداروں پر زور دیا کہ تعمیراتی کام کو اعلیٰ معیار اور مقررہ مدت کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ ضلع حب کے عوام جلد از جلد اس اہم تعلیمی ادارے سے مستفید ہو سکیں۔

بقیہ نمبر 23

جواب میں سعودی عرب کے خلاف سمندری پابندیاں فوری طور پر نافذ کی جارہی ہے جو آنکھ کے بدلے آنکھ کی اصول پر مبنی ہے۔ حوثی فوج کے ترجمان نے خبردار کیا کہ صنعا ایئرپورٹ کی ناکہ بندی برداشت نہیں کریں گے۔ اب محاصرے کا جواب محاصرے سے اور جارحیت کا جواب مزید جارحیت سے دیا جائے گا۔ یحییٰ سریع نے کہا کہ صنعا ایئرپورٹ کی مسلسل بندش اور وہاں انسانی امداد، مریضوں اور مسافروں کی آمدورفت میں رکاوٹ ناقابل قبول ہے، اگر سعودی عرب نے اپنی کارروائیاں جاری رکھیں تو حوثی بھی ہر سطح پر جواب دیں گے۔ انہوں نے یمنی عوام سے عام نقل وحرکت، جنگی تیاری اور محاذوں پر مزید جنگجو بھیجنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ حوثی فورسز ہر ممکن آپشن کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔ خیال رہے کہ حوثیوں نے اپنے بیان میں کسی بھی مخصوص آبی گزرگاہ کا نام نہیں لیا تاہم فوجی اور بحری امور کے ماہرین نے کہا ہے کہ عملی طور پر یہ ناکہ بندی زیادہ تر باب المندب پر نافذ ہوسکتی ہے کیونکہ یہی وہ تنگ سمندری راستہ ہے جس پر حوثیوں کی عسکری رسائی موجود ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ ہفتے حوثیوں نے الزام عائد کیا تھا کہ سعودی عرب نے صنعا انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر فضائی حملے کیے تھے جن کا مقصد ہوائی اڈے کو انسانی پروازوں کے لیے بند کرنا تھا۔ جس کے جواب میں حوثیوں نے سعودی عرب کے ابھا انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز سے حملہ کیا تھا۔

بقیہ نمبر 24

مشرق وسطیٰ بھیجیں گے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اضافی ری فیولنگ طیارے بھی مشرق وسطیٰ بھیجے جائیں گے۔ امریکی میڈیا نے رپورٹ کیا کہ گزشتہ ہفتے سچویشن روم بریفنگ میں ایران جنگ میں تیزی لانے پر تبادلہ خیال ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 25

مستفید ہورہی ہے۔ شاہ تراب خان نے کہا کہ حالات اس حد تک آ گئے ہیں کہ بیوروکریسی حکومت کو سنجیدہ نہیں لے رہی، جب تک آپ سنجیدہ نہیں ہوں گے تو بیوروکریسی بھی آپ کو سنجیدہ نہیں لے گی، اسپتالوں میں نہ تو ڈاکٹر موجود ہیں اور نہ ہی ادویات دستیاب ہیں، صوبے میں میرٹ نام کی کوئی چیز نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی گزشتہ تین برس سے جیل میں ہیں، پارٹی قیادت مراعات سے مستفید ہو رہی ہے، اگر پارٹی نے ہار نہ مانی ہوتی تو بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو خود سامنے نہ آنا پڑتا، موجودہ قیادت میں بہت سے لوگ بانی پی ٹی آئی کی رہائی نہیں چاہتے، اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر بانی پی ٹی آئی رہا ہو گئے تو ان کی لوٹ مار کی دکانیں بند ہو جائیں گی، بانی پی ٹی آئی نے آپ لوگوں کو زمین سے اٹھا کر ایوانوں تک پہنچایا، تین ماہ سے کوئی احتجاج نہیں ہوا، اس لیے بہتر ہے کہ مذاکرات کیے جائیں اور اگر یہ ممکن نہیں تو ذمہ دار افراد مستعفی ہو کر دوسروں کو موقع دیں۔ شاہ تراب خان نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے لیے ایک جرگہ یا مذاکراتی پینل تشکیل دیا جائے اور اسٹیبلشمنٹ سے بات چیت کی جائے، اگر دیگر معاملات پر جرگے تشکیل دیے جاسکتے ہیں تو اس معاملے پر بھی مذاکرات کیے جاسکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 26

کرنے کا فیصلہ کیا گیا، جبکہ ایڈیشنل جج خالد شاہانی کی مدت میں 6 ماہ کی توسیع کا فیصلہ کیا گیا۔ سندھ ہائیکورٹ میں ججوں کی پانچ آسامیاں خالی تھیں، ذرائع کے مطابق سندھ ہائیکورٹ میں 40 امیدواروں میں سے 3 کو ایڈیشنل جج بنانے کی منظوری دی گئی

بقیہ نمبر 27

دورہ کرتے ہیں جب کہ دیگر چھوٹے برقی ساز وسامان خریدنے کے لیے شن زن شہر کی حواچیانگ بے مارکیٹ کا رخ کرتے ہیں، وغیرہ۔ گرمی سے بچا یقیناً ایک وجہ ہوسکتی ہے، تاہم چین کا دورہ کرنے کی لہر کے پیچھے کھلے پن اور لوگوں کے معاش کا گہرا پہلو پوشیدہ ہے

بقیہ نمبر 28

بردار گاڑیوں کے داخلے پر عارضی پابندی اور ٹریفک کا رخ موڑنے کا اعلان کیا ہے۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق موٹروے ایم-1 پر چارسدہ کے قریب کلومیٹر 504 پر شدید بارش کے باعث مسافر بردار گاڑیوں کا داخلہ عارضی طور پر بند کر دیا گیا ہے۔ پولیس حکام نے مسافروں سے اپیل کی ہے کہ وہ سفر سے قبل موسم اور ٹریفک کی صورتحال سے آگاہی حاصل کریں اور احتیاط سے ڈرائیونگ کریں۔ دوسری جانب ای 35-ہزارہ موٹروے پر ہائی وولٹیج بجلی کی لائن کی مرمت کے باعث مختلف مقامات پر ٹریفک کا رخ تبدیل کر دیا گیا ہے۔ موٹروے پولیس کا کہنا ہے کہ 96 کلومیٹر جنوبی سمت (مین)، 95 کلومیٹر جنوبی سمت بیوڑہ اور 84 کلومیٹر شمالی سمت قلندر آباد کے قریب ٹریفک کو متبادل راستوں پر منتقل کیا جا رہا ہے تاکہ مرمتی کام محفوظ انداز میں مکمل کیا جا سکے۔ موٹروے پولیس نے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں، جاری کردہ ٹریفک ایڈوائزری پر عمل کریں اور کسی بھی پریشانی سے بچنے کے لیے متبادل راستوں کا انتخاب کریں

بقیہ نمبر 29

دوبارہ شمولیت کے خواہشمند ہیں، اس سلسلے میں متعدد ارکان نے پارٹی اجلاسوں، اپوزیشن لیڈر اور سینئر قیادت کے سامنے بھی کمیٹیوں میں واپسی کی تجویز پیش کی ہے۔ ذرائع کے مطابق پارٹی کی سینئر قیادت نے ارکان کو آگاہ کیا ہے کہ قائمہ کمیٹیوں میں واپسی یا بائیکاٹ سے متعلق حتمی فیصلہ ان کے دائرہ اختیار میں نہیں، بلکہ اس بارے میں بانی پی ٹی آئی کی ہدایت کے بعد ہی کوئی باضابطہ فیصلہ کیا جائے گا

بقیہ نمبر 30

ئے ایف بی آر کی تمام سول پٹیشنز خارج کر دیں۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ ڈیویڈنڈ انکم پر صرف سیکشن 5 لاگو ہوگا، سیکشن 39 نہیں، 10 فیصد ٹیکس ہی قانونی اور حتمی ٹیکس ذمہ داری ہے، ایف بی آر کمپنیوں سے 35 فیصد کارپوریٹ ٹیکس وصول کرنا چاہتا تھا، کمپنیوں کا مقف تھا ڈیویڈنڈ انکم پر صرف 10 فیصد حتمی ٹیکس بنتا ہے۔ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 5، سیکشن 39 کی تشریح پر تنازع ہوا، ایف بی آر کا موقف قانونی طور پر ناقابل قبول ہے، ڈیویڈنڈ ایک الگ ٹیکس بلاک ہے، اسے عام آمدن قرار نہیں دیا جاسکتا، اس پر مخصوص ٹیکس نظام ہی نافذ العمل رہے گا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے پہلے ہی ٹیکس دہندگان کے حق میں فیصلہ دیا تھا، ایف بی آر نے ہائیکورٹ کا فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کیا تھا۔

بقیہ نمبر 31

فروغ میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ریلویز کے بنیادی ڈھانچے کی جدید کاری کا پاکستان کے علاقائی تجارت اور لاجسٹکس حب کے طور پر کردار میں کلیدی کردار ہوگا۔ وزیراعظم نے ریلوے کے ترقیاتی منصوبوں کو اعلیٰ معیار اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے مین ریلوے لائن ون کے روہڑی-ملتان سیکشن کی اپ گریڈیشن کے حوالے سے تجاویز پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس کو ایم ایل-1 اور ایم ایل-3 اپ گریڈیشن، تھر کول ریلوے کنیکٹیویٹی اور دیگر منصوبوں کی پیشرفت پر بریفنگ دی گئی۔ بتایا گیا کہ ایم ایل-1 کی کراچی-روہڑی سیکشن کے لیے تفصیلی انجینیئرنگ ڈیزائن مکمل کر لی گئی ہے، ایم ایل 3 روہڑی-نوکنڈی کی اپ گریڈیشن پی ایس ڈی پی اور برج فنانسنگ تحت کی جائے گی۔ بریفنگ بتایا گیا کہ تھر کول ریل کنیکٹیویٹی منصوبے کا 112 کلومیٹر طویل ریلوے ٹریک تھرکول تا چھور ریلوے اسٹیشن پر 60 فیصد کام ہو چکا اور یہ منصوبہ دسمبر 2026 تک مکمل کر لیا جائے گا۔ بتایا گیا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر ریلوے کی اصلاحات کے لئے بین الاقوامی کنسلٹنٹ کی خدمات حاصل کر لی گئی ہیں۔ بتایا گیا کہ ریلوے کے ماتحت اسکول اور ہسپتالوں کی سروسز کو آؤٹ سورس کیا جا چکا ہے، جبکہ چھ بڑے ریلوے اسٹیشنوں کی کمرشلائزیشن پر کام کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ اجلاس میں وفاقی منصوبہ بندی احسن اقبال، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی وٹیلی کام شزا فاطمہ، مشیر وزیر اعظم برائے نجکاری محمد علی، وزیر مملکت برائے خزانہ وریلوے بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 32

علی اصغر زہری سے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور ایم سی حب کے کونسلر میر اسماعیل رند اور میر فرحت اللہ بنگلزئی نے دیگر وفد کے ہمراہ کوئٹہ میں اہم ملاقات کی ملاقات کے دوران سیاسی صورتحال، تنظیمی امور اور باہمی دلچسپی کے مختلف معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں میر علی حسن زہری کے پرسنل سیکرٹری میر عبدالوہاب رند بھی موجود تھے، اس موقع پر میر علی حسن زہری کی قیادت میں پارٹی امور کو آگے بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 33

میاں خلاکو پورا اور مسائل حل کرنے کے لیے ہے اٹھارہ سال سے کم عمر بچوں بچیوں کے لوکل سرٹیفکیٹس خواتین کی انتظار گاہ سمیت دیگر مسائل کا حل ممکن بنانے کی بھرپور کوشش کریں گے ان خیالات کا اظہار اسسٹنٹ بیلا انصیب اللہ بزنجو نے پیر کے روز ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بیلا میں منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کیا کھلی کچہری میں عوام الناس نے چونگی بس اسٹاپ پر خواتین انتظار گاہ کی حالت زار . لوکل سرٹیفکیٹس کے اجرا میں تاخیر بازار میں آوارہ پالتو مویشیوں کی بھرمار راوانی روڈ پر خودرو جھاڑیوں کے باعث مشکلات . کے ای کی لوڈشیڈنگ کے اوقات کار سمیت دیگر اہم مسائل سے منتظمین کو آگاہ کیا اور مسائل کی بابت تحریری درخواستیں بھی دیں اس موقع پر ایڈیشنل ایس پی لسبیلہ محمد امین لاسی ایس ایچ او بیلا یار محمد کمانڈو ایم ایس سول اسپتال ڈاکٹر عبدالحکیم موندرہ ڈی ڈی او سید حسن شاہ قریشی ویٹری آفیسر ڈاکٹر عبدالصمد رونجھو سی این ڈبلیو کے انجینئر عباس علی بھٹو سوشل ویلفیر افیسر خالد پرویز محکمہ جنگلات کے آر ایف او سلیم اللہ رونجھو انجینئر فاروق عمر رونجھو محکمہ زراعت کے نمائندے میر محمد رونجھو کے الیکٹرک کے ذیشان جلیل کھوسہ پی ایچ ای کے کلارک میونسپل کمیٹی قاضی عصمت اللہ حنیف بھٹو تحصیلدار غلام سرور رونجھو محاسب اصغر علی کھوسہ کلرک اے سی آفس عبدالغنی بلوچ کلرک طفیل کھوسہ شکیل انور کھوسہ کلرک طفیل احمد رونجھو ودیگر موجود تھے جبکہ مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں سول سوسائٹی کے نمائندگان صحافیوں اور شہریوں نے بھی کھلی کچہری میں شرکت

بقیہ نمبر 34

کل پرنس محمد رؤف راجہ نے بیسٹ ویسٹرن پریمیئر ہوٹل اسلام آباد کے اشتراک سے کیا۔ تقریب میں محمد رؤف راجہ، جنرل مینیجر بیسٹ ویسٹرن پریمیئر ہوٹل راشد رؤف بندی، ایف پی سی سی آئی کے نائب صدر طارق جدون، راولپنڈی چیمبر آف سال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز کے وفد، سابق بین الاقوامی فٹبالر مبشر سنجرانی، فلسطین کے سفیر، مختلف ممالک کے سفارت کاروں، نوجوان رہنماؤں اور کاروباری شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی مثبت کردار سازی، قومی یکجہتی، نظم وضبط اور صحت مند معاشرے کے قیام میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں کے مالک ہیں اور ان کی استعداد کو اجاگر کرنے کے لیے جدید سہولیات، معیاری تربیت اور مساوی مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان میں فٹ بال کا گڑھ ہے جہاں قدرتی صلاحیتوں سے مالا مال کھلاڑی موجود ہیں۔ صوبے کے نوجوان محدود وسائل کے باوجود قومی اور بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا چکے ہیں۔ اگر بلوچستان میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے، فٹبال اکیڈمیوں، تربیتی مراکز اور گراس روٹ مقابلوں پر خصوصی توجہ دی جائے تو یہ خطہ پاکستان میں فٹبال کی ترقی کا سب سے بڑا مرکز بن سکتا ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرتے ہیں، انہیں منفی رجحانات سے دور رکھتے ہیں اور قومی ترقی میں موثر کردار ادا کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ انہوں نے تقریب کے منتظمین کو سراہتے ہوئے کہا کہ کھیل مختلف ممالک، ثقافتوں اور طبقات کے درمیان روابط اور باہمی ہم آہنگی کو فروغ دینے کا موثر ذریعہ ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پارلیمان نوجوانوں کو کھیل، تعلیم اور مثبت سماجی سرگرمیوں کے ذریعے بااختیار بنانے کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ تقریب کے اختتام پر ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے منتظمین کی کاوشوں کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ اس نوعیت کی سرگرمیاں ملک میں کھیلوں کے فروغ، نوجوان ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی اور قومی یکجہتی کو مزید مستحکم کریں گی۔

بقیہ نمبر 35

یک کم عمر لڑکا شامل ہیں، جبکہ ہلاک افراد کی شناخت کا عمل جاری ہے۔ گورنر نے بتایا کہ حملے میں زخمی ہونے والے 23 افراد کو شیبیکینو ضلعی اسپتال منتقل کیا گیا، جن میں 17 سالہ نوجوان بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ تین زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے اور طبیعت سنبھلتے ہی انہیں مزید علاج کے لیے بیلگورود کے بڑے اسپتالوں میں منتقل کیا جائے گا۔ الیگزینڈر شوایف نے اس واقعے کو غیر انسانی اور گھناؤنا حملہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ سانحہ نہ صرف متاثرہ خاندانوں بلکہ پورے خطے کے لیے انتہائی افسوسناک ہے۔ بیلگورود ریجن کے پراسیکیوٹر آفس نے بتایا کہ متاثرین کے حقوق کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر کام کیا جارہا ہے، جبکہ زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات اور قانونی معاونت فراہم کی جارہی ہے۔ دوسری جانب کرسک ریجن کے گورنر الیگزینڈر خنشٹین نے حملے میں جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ واضح رہے کہ 18 جولائی کو بھی بیلگورود ریجن کے گاں دووبوئے میں ایک مسافر بس پر یوکرینی حملہ کیا گیا تھا، جس میں ایک شخص ہلاک اور چار افراد زخمی ہوئے تھے، جن میں 16 سالہ لڑکی بھی شامل تھی۔ بعد ازاں شدید زخمی ہونے والا ایک شخص اسپتال کے انتہائی نگہداشت وارڈ میں دم توڑ گیا۔ روسی حکام کے مطابق سرحدی علاقوں میں ایسے حملوں میں حالیہ ہفتوں کے دوران نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔

بقیہ نمبر 36

کی گئی انہوں نے کہا کہ ملاقات کے دوران ضلع حب کو درپیش پانی اور بجلی کے سنگین مسائل پر تفصیلی گفتگو ہوئی اور وفاقی وزیر کو عوامی مشکلات سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر حب کے شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی، بجلی کی لوڈشیڈنگ، کم وولٹیج اور دیگر بنیادی مسائل کے فوری حل کے لیے موثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ گل حسن محمد حسنی نے کہا کہ وفاقی وزیر عبدالرحمٰن کانجو نے حب کے مسائل کو توجہ سے سنا اور فوری احکامات جاری کیے انہوں نے مزید کہا کہ میر علی حسن زہری کی قیادت میں حب کے عوام کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر آواز اٹھائی جارہی ہے، اور پانی وبجلی جیسے اہم عوامی مسائل کے مستقل حل تک کوششیں جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 37

سیف سٹی پراجیکٹ اور سندھ اسمارٹ سرویلنس سسٹم (ایس فور) سمیت جدید نگرانی کے نظام کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ ضیاء الحسن لنجار، سیکریٹری داخلہ اقبال میمن، انسپکٹر جنرل پولیس جاوید عالم اوڈھو، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس کراچی آزاد خان اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 38

پر بیلا میں عمل درمد اور کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے اس حوالے سے بار بار پرنٹ اور سوشل میڈیا اور نوٹسز کے ذریعے بیلا کے مالک مکانات وزمینداروں کو ہدایت کی جاتی رہی ہے کہ وہ اپنے مکانات دکانوں کے کرایہ داروں اور زرعی زمینوں پر کام کرنے والے ہاریوں کے کواف بیلا تھانے میں آن لائن درج کروائیں اس حوالے سے مقامی مالک مکانات وزمینداروں کی جانب سے خاطر خواہ عمل نہیں ہور ہالہذا قانون سب کے لیے یکساں ہے کوئی کاروائی سے بچ نہیں سکے گا انہوں نے کہا کہ مقامی مالک مکانات ودکان اور زمینداران اپنے کرایہ داروں وہاریوں کے کواف فوری طور پر پولیس تھانہ بیلا لاکر آن لائن اندراج کروائیں بصورت دیگر قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ نمبر 39

طبی تحقیق، طبی تعلیم، صحت کے نظام کی نگرانی اور روایتی طب کے مستقبل پر تفصیل سے گفتگو کی گئی۔ گفتگو کے دوران سائنسی شواہد پر مبنی تحقیق، آزادانہ ریسرچ، روایتی طب کے علاج کی مؤثریت کے سائنسی تقاضوں، عالمی ادارہ صحت کے رہنما اصولوں، علاج بالجابر کی بین الاقوامی اہمیت، جامعہ میں مختلف اقسام، بڑی بیماریوں کے لیے روایتی طریق علاج، دیسی علاج، اطبا کے پیشہ ورانہ حقوق، بزرگ مریضوں اور دائمی امراض کے مریضوں کی سہولیات سمیت متعدد اہم قومی امور پر بھی تفصیل سے تبادلہ خیال کیا

بقیہ نمبر 40

عوامی مسائل، تنظیمی استحکام اور آئندہ کی حکمت عملی پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کے شرکا نے امیر جمعیت علمائے اسلام مولانا فضل الرحمان کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ان سے تجدید عہد وفا کیا اور جماعتی نظم وضبط کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اجلاس میں جمعیت علمائے اسلام سٹی سکھر کے سیکریٹری جنرل قاری لیاقت علی مغل نے خصوصی شرکت کی، جبکہ اجلاس کی کارروائی مفتی عابد سندھی نے چلائی۔ اس موقع پر قاری گل حسن، مفتی محب اللہ سکروی، مولانا محمد اسماعیل، قاری احمد الدین، مولانا محمد الدین سمیت جماعت کے دیگر ذمہ داران اور کارکنان بھی بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام کے تمام کارکن تنظیمی نظم وضبط کی مکمل پابندی کرتے ہوئے امیر جماعت مولانا فضل الرحمان کی ہر جائز ہدایت اور تنظیمی فیصلے پر عملدرآمد کو اپنی دینی اور تنظیمی ذمہ داری سمجھتے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ جماعت کے پیغام، مقاصد اور دعوت کو عوام تک مؤثر انداز میں پہنچانے کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ اجلاس میں جماعتی تنظیم کو مزید فعال، منظم اور مضبوط بنانے، کارکنان کے باہمی رابطوں کو فروغ دینے اور دعوتی سرگرمیوں کو وسعت دینے کے حوالے سے بھی مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ شرکا نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ حالات میں عوام کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھنا اور دینی، سماجی وقومی مسائل کے حل کے لیے مثبت کردار ادا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اجلاس کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی، امت مسلمہ کے اتحاد واتفاق، ملک میں امن وامان کے قیام اور فلسطین سمیت دنیا کے مختلف خطوں میں ظلم وستم کا شکار مسلمانوں کی نصرت، مدد اور کامیابی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ نمبر 41

اڑھوں، ہیرو اور دیگر متاثرین نے الزام عائد کیا کہ وہ بااثر زمیندار نظر محمد انڑ کے بیٹے نثار علی انڑ کے پاس ہاری اور ٹریکٹر ڈرائیور کے طور پر کام کرتے رہے، جہاں ان کی محنت کی کمائی کے تقریباً 10 سے 15 لاکھ روپے واجب الادا ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جب انہوں نے اپنی بہن پوجا میگھواڑ کی شادی کے لیے اپنی بقایا رقم کا مطالبہ کیا تو تقریبا پانچ سے چھ روز قبل ان کی بہن کو گاں اشرف آباد سے مبینہ طور پر اغوا کرلیا گیا۔ ورثا کا کہنا تھا کہ انہیں مکمل شبہ ہے کہ ان کی بہن کو نثار علی انڑ نے اغوا کرایا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ واقعے کا مقدمہ بھی درج کرایا جاچکا ہے، لیکن اس کے باوجود نہ تو مغویہ کو بازیاب کرایا گیا ہے اور نہ ہی نامزد ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ احتجاج کرنے والوں نے مزید الزام لگایا کہ پولیس ملزمان کی گرفتاری کے لیے سنجیدہ کارروائی کرنے کے بجائے ان سے کہتی ہے کہ تیل کے پیسے اور جیب خرچی کے نام پر رشوت مانگتی ہے، رشوت دو تو پھر ملزمان کو گرفتار کرنے جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملزمان بااثر ہونے کے باعث پولیس کارروائی سے گریز کر رہی ہے، جبکہ وہ غریب ہونے کی وجہ سے انصاف سے محروم ہیں۔ متاثرہ خاندان نے چیف جسٹس آف سندھ، وزیراعلیٰ سندھ، آئی جی سندھ، ڈی آئی جی حیدرآباد اور ایس ایس پی بدین سے مطالبہ کیا کہ ان کی مبینہ طور پر اغوا شدہ بیٹی پوجا میگھواڑ کو فوری طور پر بازیاب کرایا جائے، نامزد ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ان کے مطالبات پورے نہ کیے گئے تو وہ ایس ایس پی بدین اور ڈپٹی کمشنر آفس بدین کے سامنے احتجاج کرنے کے علاوہ احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کریں گے۔

بقیہ نمبر 42

نے اپنی ٹیم کے ہمراہ دوران چیکنگ حب سے کراچی جانے والے رکشہ سے 2099 گرام چرس برآمد کرکے دو ملزمان رکشہ ڈرائیور شاہ زیب اور انور کو گرفتار کرلیا۔ ملزمان حب سے کراچی منشیات اسمگل کررہے تھے بروقت کاروائی کرکے منشیات کی اسمگلنگ کو ناکام بنادی۔

بقیہ نمبر 43

گشت کارروائی میں تھانہ قمبر سٹی کے کیس میں مطلوب دو ملزمان ندیم بڑو اور سہیل بڑو کو گرفتار کرلیا ہے جب کہ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش کی جارہی ہے

بقیہ نمبر 44

کیا پولیس کاروائی کے بعد نعش کو ورثہ کے حوالے کردیا گیا پولیس ذرائع کے مطابق مقتول کی شناخت اصغر ساکن کراچی بتایا جارہا ہے قتل کی وجہ معلوم نہ ہوسکی ایس ایچ او عبدالحق موسیانی کا کہنا ہے کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جارہے ہیں۔ جلد قاتلوں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 45

کمشنر (جنرل)، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، اسسٹنٹ کمشنر ٹی، اسسٹنٹ کمشنر صدر، اسسٹنٹ کمشنر کچلاک اور اسسٹنٹ کمشنر سریاب نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر نے پرائس کنٹرول مہم کو مزید مؤثر اور تیز کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے ناجائز منافع خوروں اور گرانفروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیوں کا حکم دیا۔ دودھ، دہی، گوشت اور آٹے کی قیمتوں کے تعین اور ان پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنانے کے حوالے سے بھی اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کے انخلا سے متعلق جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا اور اس عمل کو قانون کے مطابق مزید مؤثر بنانے کے لیے ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر نے شہر بھر میں غیر قانونی شیشہ پوائنٹس کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ عوامی مفاد اور قانون کی عملداری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر فیلڈ مانیٹرنگ کو یقینی بنائیں، اشیائے ضروریہ کی مقررہ نرخوں پر دستیابی، سرکاری احکامات پر عملدرآمد اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے مؤثر اقدامات کریں تاکہ عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 46

ذات کے حصول کے لیے ان کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ امیر افضل نے کہا کہ جھوٹا پروپیگنڈا پھیلانے میں ملوث تین رہائشیوں کو ان کی جانب سے قانونی نوٹس جاری کیے جاچکے ہیں، تاہم تاحال کسی نے بھی ان نوٹسز کا جواب نہیں دیا

بقیہ نمبر 47

میں لسبیلہ ہی واحد ضلع ہے جہاں ڈریگن فروٹ کی کاشت کی جاسکتی ہے وایار وزرعی تحقیقاتی فارم اوتھل لسبیلا میں اس کی کامیاب کاشت پر محکمے کے افسران وملازمین تعریف کے حق دار ہیں زرعی تحقیقاتی عمل کو مزید بہتر اور موثر بنا کر بلوچستان میں زراعت کے شعبے کو مزید تقویت دی جاسکتی ہے جدید زرعی تحقیق اور جدید طریقوں کو اپنا کر صوبے کے زمیندار خود کفیل ہوں گے یہ بات محکمہ زراعت ریسرچ پی آر سی سدرن سندھ کے ڈائریکٹر جنرل ذاکر حسین نے گزشتہ روز تحقیقاتی فارم وایار اوتھل لسبیلا کے دورے کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی انہوں نے وایار وزرعی فارم میں ڈریگن فروٹ کی کامیاب کاشت اور کامیاب تجربے پر ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ زراعت ریسرچ وایار و فارم عبدالغفور رونجھو وجملہ عملے کی محنت کو سراہتے ہوئے کہا کہ افسران وعملے کی انتھک محنت کے نتیجے میں یہاں تجربات کامیابی سے ہمکنار ہورہے ہیں ڈریگن فروٹ کی کاشت اور پیداوار سے لسبیلا کے زمینداروں کو منافع ہوگا انہوں نے کہا کہ لسبیلا میں مزید زرعی تجربات کا عمل جاری رکھا جائے گا اور اس حوالے سے محکمہ زراعت ریسرچ بلوچستان کے ساتھ ہمارا بھرپور تعاون بھی جاری رہے گا واضح رہے کہ زرعی تحقیقاتی فارم وایار اوتھل میں ڈریگن فروٹ کی کاشت ڈی جی زراعت ریسرچ سدرن سندھ ذاکر حسین کے تعاون سے ممکن ہوئی ہے ان ہی کے تعاون کی بدولت لسبیلا میں ڈریگن فروٹ کی کامیاب کاشت ہوئی ہے

بقیہ نمبر 48

کیا۔ اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ کارکنان کی بہتر رہنمائی، عوامی رابطے کو مزید مضبوط بنانے اور آئندہ کی سیاسی وتنظیمی سرگرمیوں کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کے لیے جامع حکمت عملی اختیار کی جائے گی۔ اجلاس میں تنظیمی امور کا بھی باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔ ضلعی، تحصیل اور ذیلی تنظیموں کی کارکردگی کا تفصیلی تجزیہ کرتے ہوئے ان کی فعالیت کو مزید مؤثر بنانے، تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط کرنے، کارکنوں کی تربیت اور رابطہ عوام مہم کو وسعت دینے کے حوالے سے متعدد اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس کے دوران ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، قومی وصوبائی معاملات اور جمعیت علماء اسلام کے آئندہ لائحہ عمل پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن کی ہدایات اور پالیسی سے شرکاء کو آگاہ کرتے ہوئے انہیں نچلی سطح تک موثر انداز میں پہنچانے کی ہدایت دی، تاکہ جماعت کا ہر کارکن یکساں پیغام اور منظم حکمتِ عملی کے ساتھ عوام کے درمیان اپنا کردار ادا کرے۔ اجلاس میں صوبہ بھر میں متوقع ورکرز کنونشن کی تیاریوں کے حوالے سے بھی خصوصی ہدایات جاری کی گئیں۔ تمام ضلعی، تحصیل اور ذیلی تنظیموں کو ہدایت دی گئی کہ وہ کارکنوں کی بھرپور شرکت، تنظیمی تیاریوں اور عوامی رابطہ مہم کو تیز کرتے ہوئے ورکرز کنونشن کو کامیاب بنانے کے لیے فوری اقدامات کریں۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ جمعیت علماء اسلام عوام کے حقوق، امن واستحکام، آئین و جمہوریت کے تحفظ اور اسلامی اقدار کے فروغ کے لیے اپنی جدوجہد بھرپور انداز میں جاری رکھے گی، جبکہ صوبے میں امن وامان کے قیام، عوامی مسائل کے حل اور کارکنوں کی تنظیمی تربیت پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 49

صورتحال اور خیبر پختونخوا کو درپیش چیلنجز پوری قوم کے لیے لمحہ فکریہ ہیں ان مسائل کا حل صرف باہمی اتحاد دانشمندانہ فیصلوں اور ریاستی اداروں کے ساتھ مکمل تعاون میں ہے میر اکرم بلوچ آوارانی نے کہا کہ کرپشن قومی ترقی کی سب سے بڑی دشمن ہے جو قومیں اپنے وسائل کی حفاظت نہیں کرتیں وہ کبھی ترقی نہیں کرسکتیں ہر صاحب اختیار کو یاد رکھنا چاہیے کہ دنیا کی ہر طاقت عارضی ہے مگر اللہ تعالیٰ کی عدالت میں ہر عمل کا حساب دینا ہوگا انہوں نے کہا کہ جنت اور جہنم کا فیصلہ صرف اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے کسی شخص کے انجام کا فیصلہ کرنا انسان کا کام نہیں تمام مسلمان ایک امت ہیں اس لیے نفرت تقسیم اور انتشار کے بجائے محبت رواداری برداشت اور حسن اخلاق کو فروغ دینا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان سمیت تمام سیاسی اور مذہبی قیادت ہمارے لیے قابل احترام ہے اختلاف رائے ہر ایک کا حق ہے لیکن قومی مفاد ہر اختلاف سے بالاتر ہونا چاہیے آج ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام قوتیں ایک پلیٹ فارم پر جمع ہوکر پاکستان کے استحکام اور عوام کی خوشحالی کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کریں میر اکرم بلوچ آوارانی نے مزید کہا کہ اگر آئی سی یو میں موجود مریض کے سامنے ڈاکٹر آپس میں لڑنے لگیں تو مریض کی جان خطرے میں پڑ جاتی ہے آج پاکستان بھی ایسے ہی نازک مرحلے سے گزر رہا ہے اگر قیادت نے دانشمندی اتحاد اور تحمل کا مظاہرہ نہ کیا تو نقصان پوری قوم کو اٹھانا پڑے گا اس لیے وقت کا تقاضا ہے کہ اختلافات کو پس پشت ڈال کر پاکستان کی بقا سلامتی اور ترقی کو اولین ترجیح بنایا جاء

بقیہ نمبر 50

نے اور بعض اہلکاروں سے مبینہ ماہانہ وصولیوں جیسے سنگین الزامات سامنے آنے کے باوجود تاحال ان الزامات کی کسی باضابطہ محکمانہ تحقیقات یا انکوائری کے آغاز کی اطلاع سامنے نہیں آ سکی جس پر مختلف حلقوں میں تشویش اور سوالات جنم لینے لگے ہیں تفصیلات کے مطابق ذرائع اور بعض متاثرہ فریقین کا دعویٰ ہے کہ مذکورہ اسپیشل ٹیم شہریوں کو پوچھ گچھ کے نام پر مبینہ طور پر اپنی تحویل میں رکھتی ہے اور رہائی کے لیے مبینہ مالی مطالبات کیے جاتے ہیں ذرائع کے مطابق رقم ادا نہ کرنے کی صورت میں مختلف مقدمات میں ملوث کرنے یا قانونی کارروائی کی دھمکیاں دینے کے الزامات بھی سامنے آئے ہیں۔ تاہم ان تمام دعوں کی تاحال کسی سرکاری ادارے یا آزاد ذرائع سے تصدیق نہیں ہو سکی بعض ذرائع کا یہ بھی کہنا ہے کہ مذکورہ ٹیم پر ریلوے پولیس کے بعض اہلکاروں سے مبینہ طور پر باقاعدہ ماہانہ رقوم وصول کرنے کے الزامات بھی عائد کیے جا رہے ہیں شناخت ظاہر نہ کرنے کی شرط پر گفتگو کرنے والے بعض اہلکاروں نے الزام لگایا کہ اس صورتحال کے باعث محکمہ کے اندر بے چینی پائی جا رہی ہے اور انہوں نے اعلیٰ حکام سے فوری، غیر جانبدار اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے ان دعوں کی بھی تاحال سرکاری سطح پر تصدیق نہیں ہو سکی ذرائع کے مطابق سنگین نوعیت کے یہ الزامات سامنے آنے کے باوجود باضابطہ تحقیقات شروع نہ ہونے سے یہ تاثر پیدا ہو رہا ہے کہ معاملہ غیر معمولی سست روی کا شکار ہے جبکہ بعض حلقے یہ سوال بھی اٹھا رہے ہیں کہ آیا اس معاملے کو سرد خانے کی نذر تو نہیں کیا جا رہا۔ تاہم اس حوالے سے کوئی سرکاری مقف یا ثبوت سامنے نہیں آیا اس نمائندے نے ریلوے پولیس کے متعلقہ حکام سے ان الزامات اور تحقیقات کے آغاز سے متعلق مقف جاننے کے لیے رابطہ کیا تاہم خبر فائل کیے جانے تک کوئی باضابطہ ردعمل موصول نہیں ہو سکا ادارتی اصولوں کے مطابق متعلقہ حکام کا مقف موصول ہونے کی صورت میں اسے بھی اسی اہمیت اور نمایاں انداز میں شائع کیا جائے گا متاثرہ فریقین اور مختلف ذرائع نے آئی جی ریلوے پولیس، ڈی آئی جی ریلوے پولیس اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ان الزامات کی فوری، شفاف، غیر جانبدار اور میرٹ پر تحقیقات کرائی جائیں تاکہ حقائق عوام کے سامنے آ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر تحقیقات میں کوئی اہلکار قصوروار ثابت ہوتو اس کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے جبکہ الزامات بے بنیاد ثابت ہونے کی صورت میں متعلقہ اہلکاروں کو بھی انصاف فراہم کیا جائے

بقیہ نمبر 51

سکھایا۔ یہ وہی کارواں ہے جس کی رہنمائی محترمہ بے نظیر بھٹو شہید نے کی، جنہوں نے آمریت کے اندھیروں میں جمہوریت کا چراغ روشن رکھنے کے لیے اپنے خون کا نذرانہ پیش کر دیا لیکن عوام کے حقوق پر سودے بازی نہیں کی ہم گواہ ہیں پاکستان پیپلز پارٹی کے ان جاں نثاروں اور جیالوں کی تاریخ کے، جنہوں نے جمہوریت کی خاطر کوڑے کھائے، شاہی قلعوں اور تاریک جیلوں کی کڑی صعوبتیں برداشت کیں، دار کے تختوں کو چوما، لیکن ان کے پائے استقلال میں کبھی لغزش نہ آئی۔ یہ تاریخ ہمیں سکھاتی ہے کہ عوام کی طاقت سے بڑا کوئی سنگ میل نہیں ہے انہوں نے کہا کہ میں اس عزم کا اعادہ کرتا ہوں کہ ہماری سیاست کا محور ہمیشہ غریب، مظلوم اور مزدور طبقہ رہے گا۔ حب کا ہر مزدور، ہر محنت کش اور ہر عام شہری ہمارے لیے معزز ہے

بقیہ نمبر 52

نجھوشوری انسپکٹر محمد خان محمد حسنی، سب انسپکٹر منور علی جتک، سب انسپکٹر الٰہی بخش ساسولی، ہیڈ کانسٹیبل کرم دین ابڑو نے دیگر پولیس ٹیم کے ہمراہ انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز (IBOs) مہم کے دوران کاروائی عمل میں لاتے ہوئے ملزم عبدالباقی ولد محبوب علی قوم برڑو ساکن گوٹھ ہاشم برڑو گھارو ٹھٹھہ کو حسب ضابطہ گرفتار کرکے ملزم کے قبضے سے 03 کلوگرام چرس برآمد کرکے مزید قانونی کارروائی شروع کردی۔ منشیات فروشوں کی خلاف کامیاب کاروائی پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

بقیہ نمبر 53

سی سی موٹر سائیکل چھین لی اور موقع سے فرار ہو گئے۔ متاثرہ نوجوان کا کہنا تھا کہ واردات کے فوراً بعد متعلقہ تھانے میں واقعے کی اطلاع دے کر مقدمہ درج کرانے اور قانونی کارروائی کی درخواست کی گئی، تاہم چار روز گزر جانے کے باوجود خیرپور پولیس نہ تو چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر سکی ہے اور نہ ہی واردات میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جاسکا ہے۔ حسن علی مری نے کہا کہ پولیس کی جانب سے مؤثر کارروائی نہ ہونے کے باعث وہ شدید ذہنی اذیت اور پریشانی کا شکار ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی غیر جانبدارانہ اور تیز رفتار تحقیقات کی جائیں تاکہ ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لایا جاسکے اور شہریوں کے جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے اعلیٰ حکام، سندھ پولیس کے افسران اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں سے اپیل کی کہ ان کی چھینی گئی 125 سی سی موٹر سائیکل جلد از جلد برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کیا جائے اور انہیں انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 54

سیلابی صورتحال پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ ایسے حالات میں بروقت معلومات کی فراہمی انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہوتی ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ انڈس واٹر ٹریٹی صرف پانی کی تقسیم کا معاہدہ نہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان اعتماد، شفافیت اور بروقت معلومات کے تبادلے کا بھی ایک اہم فریم ورک ہے

بقیہ نمبر 55

، جبکہ اتوار کے روز بھی قومی عوامی تحریک، سندھیانی تحریک اور سول سوسائٹی کی جانب سے بدین پریس کلب کے سامنے احتجاج کیا گیا، جس میں امن وامان کی بحالی، کرپشن کے خاتمے اور عوام کو تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ دریں اثنا گزشتہ رات استاد تنظیم کے رہنما، سماجی کارکن اور سندھ کے عوامی مسائل پر آواز بلند کرنے والی شخصیت منظور آریسر کی گاڑی پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کر دیا۔ اس وقت گاڑی میں ان کے صاحبزادے زین آریسر بھی موجود تھے۔ ذرائع کے مطابق حملہ آوروں نے پہلے گاڑی کو روکنے کی کوشش کی، تاہم گاڑی نہ رکنے پر اس پر حملہ کر دیا۔ خوش قسمتی سے زین آریسر حاضر دماغی کا مظاہرہ کرتے ہوئے گاڑی کو محفوظ مقام تک لے جانے میں کامیاب ہو گئے، تاہم گاڑی کو شدید نقصان پہنچا۔ مقامی سیاسی سماجی کاروباری علمی ادبی حلقوں کے مطابق واقعہ بظاہر منصوبہ بندی کے تحت کیا گیا حملہ معلوم ہوتا ہے، تاہم اس حوالے سے متعلقہ اداروں کی جانب سے باضابطہ موقف سامنے نہیں آیا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھی منظور آریسر کے ریسٹورنٹ پر حملہ ہو چکا ہے، جبکہ ایک موقع پر ان کے ریسٹورنٹ کے ملازمین کو بھی مبینہ طور پر بلاجواز گرفتار کر کے تھانے منتقل کیا گیا تھا، جنہیں بعد ازاں قانونی کارروائی کے بعد رہا کرایا گیا۔ سماجی سیاسی علمی ادبی رہنما پروفیسر عبدالمنان، عمران سومرو، دانش سومرو، جبل سومور، اور شہریوں کی بڑی تعداد رات گئے حملہ کی اطلاع پر بدین تھانہ پر پہنچ گئے، اور حملہ کے خلاف شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ منظور آریسر پر ہونے والے حملے سمیت ضلع میں بڑھتے ہوئے جرائم کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے ذمہ دار عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ انہوں نے حکومت سندھ، ضلعی انتظامیہ اور پولیس حکام سے مطالبہ کیا کہ بدین میں امن وامان کی بحالی، عوام کے جان ومال کے تحفظ اور جرائم کی روک تھام کے لیے فوری، مؤثر اور عملی اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 56

کے دوران ریاض الدین ابڑو، ارشاد علی لاکو، اعجاز کلہوڑو، عاشق علی جتوئی، آصف لغاری اور دیگر اراکین نے بجٹ پر اظہار خیال کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ ترقیاتی فنڈز کی تقسیم ضلع کے تمام تعلقوں اور یونین کونسلوں میں مساوی بنیادوں پر کی جائے، جبکہ پینے کے صاف پانی، سڑکوں، صفائی، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کے لیے مزید وسائل مختص کیے جائیں۔ بجٹ دستاویزات کے مطابق مالی سال 2026-27 کے لیے کل آمدنی 579.40 ملین روپے (57 کروڑ 94 لاکھ روپے) رکھنے کی تجویز دی گئی ہے۔ اس میں اوزیڈ ٹی (OZT) شیئر کی مد میں 500 ملین روپے (50 کروڑ روپے) جبکہ سندھ حکومت کی جانب سے دفتر کی عمارت کی تعمیر کے لیے 70 ملین روپے (7 کروڑ روپے) بطور گرانٹ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ پراپرٹی ٹیکس، کرایہ، ٹینڈر فیس اور دیگر ذرائع سے بھی آمدنی حاصل کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ مجوزہ بجٹ کے مطابق کل اخراجات 751.01 ملین روپے (75 کروڑ 10 لاکھ روپے) رکھے گئے ہیں، جن میں 282.96 ملین روپے اسٹیبلشمنٹ اور تنخواہوں، 191.75 ملین روپے نان سیلری اخراجات جبکہ 276.30 ملین روپے ترقیاتی پروگراموں کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔ ترقیاتی بجٹ میں مختلف اسکیمیں شامل کی گئی ہیں، جن میں سی سی ڈرینیں، پیور بلاک، پل، کلورٹس، پانی کے تالاب، ڈسپنسریاں، دفتر کی عمارت، عیدگاہوں کی چار دیواریاں، سولر اسٹریٹ لائٹس، سولر پلیٹس، قبرستانوں کی چار دیواریاں، جانوروں کے اسپتال، نکاسی آب، شجرکاری اور صفائی کی مختلف اسکیمیں شامل ہیں۔ سماجی بہبود کے لیے بھی 59 ملین روپے (5 کروڑ 90 لاکھ روپے) مختص کیے گئے ہیں، جن میں قدرتی آفات سے متاثرہ افراد کی امداد، غریب مریضوں کی مالی معاونت، معذور افراد کے لیے وہیل چیئرز، پریس کلبوں کے لیے گرانٹس، طلبہ کے لیے اسکالرشپس، غریب خاندانوں کی اجتماعی شادیوں، قانونی امداد اور دیگر عوامی فلاحی منصوبوں کے لیے فنڈز شامل ہیں۔ بجٹ دستاویزات کے مطابق ضلع کونسل کی جاری ترقیاتی اسکیموں کے لیے 86.30 ملین روپے جبکہ نئے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے لیے 190 ملین روپے تجویز کیے گئے ہیں۔ اجلاس کے اختتام پر خطاب کرتے ہوئے چیئرمین حاجی قمرالدین گوپانگ نے کہا کہ یہ بجٹ کسی ایک علاقے یا فرد کا نہیں بلکہ پورے ضلع کے عوام کی امانت ہے، جسے مکمل شفافیت، انصاف اور میرٹ کی بنیاد پر خرچ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کے ہر تعلقے اور ہر یونین کونسل کو ترقی کے عمل میں مساوی حصہ دیا جائے گا، جبکہ صاف پینے کے پانی، بہتر سڑکوں، صحت، تعلیم، صفائی اور سماجی بہبود کے منصوبوں کو اولین ترجیح دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع کونسل عوام کی توقعات پر پورا اترنے کے لیے پرعزم ہے، اراکین کی جانب سے پیش کی جانے والی ہر مثبت تجویز کا سنجیدگی سے جائزہ لیا جائے گا اور عوامی مفاد میں قابل عمل سفارشات کو بجٹ پر عملدرآمد کے دوران شامل کیا جائے گا۔ چیئرمین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع کی متوازن ترقی، شفاف مالی نظم ونسق اور عوامی خدمت ہی ضلع کونسل کی بنیادی ترجیح رہے گی، اور تمام منتخب نمائندوں کے تعاون سے قمبر شہدادکوٹ کو ایک ترقی یافتہ ضلع بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

بقیہ نمبر 57

اساتذہ اور معاشرے کے تمام طبقات کو مل کر عوام میں درست شعور اجاگر کرنا ہوگا۔ وہ عالمی یوم آبادی کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہے تھے

بقیہ نمبر 58

جس کے نتیجے میں 2 بچے جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق افسوسناک واقعہ مردان کے علاقے رستم کالوڈھیری میں پیش آیا جہاں چھت گرنے سے 2 بچے جاں بحق جبکہ ماں اور بیٹی شدید زخمی ہو گئے، جاں بحق ہونے والے بچوں میں 2 سالہ محمد حسین اور ایک سالہ زنیرہ شامل ہیں۔ ریسکیو حکام نے کہا کہ حادثے میں جاں بحق ہونے والے بچوں کی نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 59

(این سی سی آئی اے) وقار الدین سید کے خلاف محکمانہ انکوائری سے متعلق درخواست سماعت کیلئے (آج) 21 جولائی کو مقرر کردی۔

بقیہ نمبر 60

مطابق میرپور خاص میں انوشہ آرائیں قتل کیس میں گرفتار 4 ملزمان کو پیر کے روز متعلقہ عدالت میں پیش کیا گیا

ریلوے منصوبے مقررہ مدت اور اعلیٰ معیار کیساتھ مکمل کرنے کی ہدایت

وزیراعظم کی ریلوے کے ترقیاتی منصوبوں کو اعلیٰ معیار اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت

جدید اور مؤثر ریلوے نظام ملکی معیشت، تجارت اور علاقائی روابط کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرے گا، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ریلوے کے ترقیاتی منصوبوں کو اعلیٰ معیار اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جدید اور مؤثر ریلوے نظام ملکی معیشت، تجارت اور علاقائی روابط کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ پیر کو وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پاکستان ریلویز ٹرانسفارمیشن پلان پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ریلویز مسافروں اور مال برداری کے لیے سب سے کم لاگت اور مؤثر ذریعہ نقل وحمل ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ جدید اور مؤثر ریلوے نظام ملکی معیشت، تجارت اور علاقائی روابط کے (بقیہ نمبر 31 صفحہ 7پر)

حب۔ چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی کی ہدایت پر میونسپل کارپوریشن حب کے کونسلران کا ایک وفد بشیر احمد مگسی کی قیادت میں کے الیکٹرک کے جنرل منیجر رضا حسین میمن لوڈشیڈنگ دیگر بجلی کے حوالے سے عوام کو مشکلات پر بات چیت کر رہے ہیں اس موقع پر کونسلران عبدالرزاق لاسی، عبدالوہاب رند، نواز دودا، ارباب محمد حسنی، ڈاکٹر شیر جان بلوچ، اقبال مگسی دیگر موجود ہیں

پی پی ایچ ایس کے زیراہتمام "صدر سے ملاقات" کی پروقار تقریب کا انعقاد

تقریب میں صدر نیشنل کونسل فار طب حکیم محمد احمد سلیمی کی شرکت،، نمایاں شخصیات کو قومی اعزازات سے نوازا گیا

طبی تحقیق، علاج بالجابر، جامعہ اور ہولسٹک ہیلتھ کے فروغ کے لیے اہم سفارشات پیش

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پریوینٹو اینڈ ہولسٹک سوسائٹی) پی پی ایچ ایس (کے زیراہتمام "صدر سے ملاقات "کے عنوان سے ایک شاندار، باوقار اور پروقار تقریب کراچی کے یونین کلب میں منعقد ہوئی، جس میں صدر نیشنل کونسل فار طبِ حکیم محمد احمد سلیمی نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی تقریب کے آغاز سے قبل "ڈاکٹرز رہنماں کے ساتھ خصوصی نشست "کے عنوان سے ایک خصوصی گول میز کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں پاکستان میں روایتی طب، علاج بالجابر، جامعہ، جڑی بوٹیوں سے علاج، (بقیہ 39 صفحہ 7پر)

حیدرآباد میں مال بردار ٹرین کے باعث متاثر ہونے والا ڈاؤن ریلوے ٹریک بحال

حیدرآباد (این این آئی) ٹمیاری کے قریب وہاب شاہ ریلوے اسٹیشن کے نزدیک ڈی ریل ہونے والی مال بردار ٹرین کے باعث متاثر ہونے والا ڈاؤن ریلوے ٹریک 36 گھنٹے بعد بحال کر دیا گیا۔ ریلوے حکام کے مطابق متاثرہ تمام بوگیاں ٹریک سے ہٹا دی گئی ہیں

ڈاکٹر نبیحہ علی خان نے شوہر حارث کو خلع کے کاغذات بھجوا دیئے

لاہور (این این آئی) معروف انٹرنیٹ شخصیت اور ماہر نفسیات ڈاکٹر نبیحہ علی خان نے شوہر حارث کو باقاعدہ خلع کے کاغذات بھجوا دیئے ہیں

جمعیت علمائے اسلام یونٹ فقیہ العصر کا ایک اہم اجلاس مولانا عبدالخبیر خاکسار کی زیر صدارت ہوا

جماعت کے تنظیمی امور، دعوتی سرگرمیوں، عوامی مسائل، تنظیمی استحکام اور آئندہ کی حکمت عملی پر تفصیلی غور کیا گیا

سکھر (نمائندہ بولان) جمعیت علمائے اسلام یونٹ فقیہ العصر کا ایک اہم اجلاس مولانا عبدالخبیر خاکسار کی زیرِ صدارت منعقد ہوا، جس میں جماعت کے تنظیمی امور، دعوتی سرگرمیوں، (بقیہ 40 صفحہ 7پر)

حب۔ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر صوبائی نائب صدر اور ترجمان صدر آصف علی زرداری برائے بلوچستان میر علی حسن زہری کے پرسنل سیکرٹری میر علی اصغر زہری سے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور ایم سی حب کے کونسلر میر اسماعیل رند اور میر فرحت اللہ بنگلزئی ملاقات کر رہے ہیں اس موقع پر میر علی حسن زہری کے پرسنل سیکرٹری میر عبدالوہاب رند بھی موجود ہیں

میر علی اصغر زہری سے وفد کی کوئٹہ میں ملاقات

ملاقات کے دوران سیاسی صورتحال، تنظیمی امور اور باہمی دلچسپی کے مختلف معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر صوبائی نائب صدر اور ترجمان صدر آصف علی زرداری برائے بلوچستان میر علی حسن زہری کے پرسنل سیکرٹری میر (بقیہ 32 صفحہ 7پر)

ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ ہے، نصیب اللہ بڑیچ

سرکاری افسران عوام کے خادم ہیں محکمانہ فرائض کی ادائیگی بخوبی سرانجام دیں

بیلا (رپورٹ نواز امین رونجھو) ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ ہے سرکاری افسران عوام کے خادم ہیں محکمانہ فرائض کی ادائیگی بخوبی سرانجام دیں بنیادی سہولتوں کی فراہمی اور علاقائی مسائل کا حل اولین ترجیحات میں شامل ہے کھلی کچہریوں کا انعقاد سرکاری اداروں اور عوام کے در (بقیہ 33 صفحہ 7پر) کی *

یوکرین کا روس میں مسافر بس پر ڈرون حملہ، 5 افراد ہلاک، 23 زخمی

الیگزینڈر شووایف نے اس واقعے کو غیر انسانی اور گھناؤنا حملہ قرار دے دیا

متاثرین کے حقوق کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر کام کیا جا رہا ہے

ماسکو (این این آئی) روس کے سرحدی بیلگورود ریجن میں یوکرین سے منسوب ڈرون حملے میں ایک مسافر بس کو نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں 5 افراد ہلاک جبکہ 23 افراد زخمی ہو گئے۔ بیلگورود ریجن کے قائم مقام گورنر الیگزینڈر شووایف کے مطابق ڈرون حملہ شبیکینو شہر میں کیا گیا، جہاں ایک مسافر بس کو جان بوجھ کر نشانہ بنایا گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں چار خواتین اور ا (بقیہ نمبر 35 صفحہ 7پر)

بلوچستان کے نوجوان ہمارا سرمایہ ہیں — سیدال ناصر

پاکستان کے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں کے مالک ہیں، استعداد کو اجاگر کرنے کے لیے جدید سہولیات، معیاری تربیت اور مساوی مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے

بلوچستان پاکستان میں فٹ بال کا گڑھ ہے جہاں قدرتی صلاحیتوں سے مالا مال کھلاڑی موجود ہیں، ڈپٹی چیئرمین سینٹ کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے بیسٹ ویسٹرن پریمیئر ہوٹل اسلام آباد میں منعقدہ بین الاقوامی فٹبال فائنل میچ کی لائیو اسکریننگ میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اس تقریب کا اہتمام وزیراعظم یوتھ پروگرام برائے سیاحت و مہمان نوازی کے فو (بقیہ 34 صفحہ 7پر)

حب۔ پارلیمانی سیکریٹری برائے قانون، سیاحت وثقافت بلوچستان نوابزادہ میر زرین خان مگسی کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر جام گروپ حب کے سینئر رہنما، وائس چیئرمین حب عظیم سیاں، کونسلر سیف اللہ شیخ، سابق ڈسٹرکٹ کونسل ممبر عبدالوحید قلندرانی، کونسلر علی اکبر جاموٹ اور مصطفیٰ شیخ گلدستہ پیش کرتے ہوئے دلی مبارکباد دے رہے ہیں اس موقع پر شہزادہ جام محمد بھی موجود ہیں

میر علی حسن زہری کی ہدایت پر گل حسن محمد حسنی کی وفاقی وزیر عبدالرحمان کانجو سے ملاقات

وفاقی وزیر عبدالرحمٰن کانجو نے حب کے مسائل کو توجہ سے سنا اور فوری احکامات جاری کیے

حب (نمائندہ بولان) چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی نے کہا ہے کہ سابق صوبائی وزیر زراعت اور صدر آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری کی خصوصی ہدایت پر کراچی میں وفاقی وزیر برائے واپڈا عبدالرحمٰن کانجو سے ملاقات (بقیہ 36 صفحہ 7پر)

حب۔ سابق صوبائی وزیر زراعت، صدر آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری کی ہدایت چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی وفاقی وزیر برائے واپڈا عبدالرحمٰن کانجو سے کراچی میں ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ سندھ نے کراچی کے شہری مسائل پر پوٹل بنانے کی ہدایت کر دی

مجموعی طور پر جرائم کی شرح میں کمی واقع ہوئی ہے تاہم کراچی میں موبائل چھیننے کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے،، آئی جی سندھ کی بریفنگ

وزیراعلیٰ سندھ نے پولیسنگ کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت، منظم جرائم پیشہ گروہوں اور دہشتگردی کے سہولت کاروں کا قلع قمع کیا جائے، وزیراعلیٰ سندھ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے صوبے میں امن وامان کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا، جہاں انہیں بتایا گیا کہ 2026 کے پہلے چھ ماہ کے دوران انٹیلی جنس کی بنیاد پر پولیسنگ، اداروں کے درمیان بہتر رابطہ کاری، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ہدفی کارروائیوں اور سرحدی سیکیورٹی کے مؤثر اقدامات کے باعث سنگین جرائم، دہشت گردی سے متعلق واقعات اور اسٹریٹ کرائم میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ اجلاس میں صوبے بھر کی سیکیورٹی صورتحال، جرائم کے رجحانات، انسداد دہشت گردی کارروائیوں، انسداد منشیات مہم، کچے کے علاقوں میں آپریشنز اور (بقیہ 37 صفحہ 7پر)

امیر جماعت اسلامی کا حماس کے نومنتخب سربراہ خلیل الحیہ کو تہنیتی خط

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے حماس کے نومنتخب سربراہ خلیل الحیہ کو تہنیتی خط ارسال کر دیا

کرایہ داری ایکٹ پر عمل درآمد کے حوالے سے کارروائیاں جاری ہیں، یار محمد کمانڈو

مقامی مالک مکانات ودکان اور زمینداران اپنے کرایہ داروں وہاریوں کے کوائف فوری طور پر پولیس تھانہ بیلا لاکر آن لائن اندراج کروائیں

بیلا (نمائندہ بولان) کرایہ داری ایکٹ پر عمل درآمد کے حوالے سے کارروائیاں جاری ہیں مقامی مالکان وزمینداران اپنے تعاون کو یقینی بنائیں کرائے داروں اور ہاریوں کے کواف پولیس تھانہ میں آن لان درج کروائیں تھانے میں آن لان اندراج کا عمل چوبیس گھنٹے ہو رہا ہے ان خیالات کا اظہار ایس ایچ او بیلا یار محمد کمانڈو نے مقامی صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ کرایہ داری ایکٹ (بقیہ 38 صفحہ 7پر)

لاہور، صوبائی سیکرٹری نورالامین مینگل اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پرائس کنٹرول کمیٹی شہر میں نرخ ناموں پر عمل درآمد کرائے — ڈی سی کوئٹہ

دودھ، دہی، گوشت اور آٹے کی قیمتوں کے تعین اور ان پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، مہر اللہ بادینی

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیرصدارت انتظامی افسران کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیرصدارت انتظامی افسران کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ضلع بھر میں پرائس کنٹرول، افغان مہاجرین کے انخلا، شیشہ پوائنٹس کے خلاف کارروائیوں اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی (بقیہ 45 صفحہ 7پر)

اسلام آباد میں گھر سے چوکیدار کی گولی لگی لاش برآمد

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ لوہی بھیر کی حدود میں واقع میڈیا ٹاؤن کے ایک گھر سے چوکیدار کی گولی لگی لاش برآمد ہوئی ہے۔

سوسائٹی میں کرپشن سے متعلق خبریں بے بنیاد اور من گھڑت ہیں، امیر افضل

جھوٹا پروپیگنڈا کرنے والے تین رہائشیوں کو قانونی نوٹس جاری کیے جا چکے، جواب کا انتظار

تمام آڈٹس، انتخابات اور ریکارڈ اپ ٹو ڈیٹ، ویب سائٹ پر دستیاب ہیں، سیکرٹری کا دعوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینٹرل کوآپریٹو ہاسنگ سوسائٹی گلستانِ جوہر کے سیکرٹری امیر افضل نے سوسائٹی میں مبینہ کرپشن سے متعلق مختلف اخبارات، ٹی وی چینلز اور سوشل میڈیا پر نشر وشائع ہونے والی خبروں کی سختی سے تردید کرتے ہوئے انہیں بے بنیاد، من گھڑت اور حقائق کے منافی قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس منظم پروپیگنڈا مہم کے پیچھے سوسائٹی کے چند مفاد پرست عناصر کارفرما ہیں جو ذاتی مفا (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

عدالت میں پیشی کیلئے لائے گئے چار ملزمان فرار، ایک ملزم دوبارہ گرفتار

لاہور (این این آئی) کینٹ کچہری کے بخشی خانے سے عدالت میں پیشی کے لیے لائے گئے چار ملزمان فرار ہو گئے تاہم پولیس نے تعاقب کے بعد ایک ملزم کو دوبارہ گرفتار کر لیا جبکہ تین کی تلاش جاری ہے

ڈریگن فروٹ زمینداروں کے لیے نقدآور اور منافع بخش فصل ہے

لسبیلہ میں اس کی کامیاب کاشت مقامی زمینداروں کی خوش قسمتی ہے، ذاکر حسین

بیلا (نمائندہ بولان) ڈریگن فروٹ زمینداروں کے لیے نقدآور اور منافع بخش فصل ہے لسبیلہ میں اس کی کامیاب کاشت مقامی زمینداروں کی خوش قسمتی ہے پورے بلوچستان (بقیہ 47 صفحہ 7پر)

حب۔ چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی سے جام گروپ کے اقلیتی رہنما میونسپل کارپوریشن حب کے اقلیتی کونسلر اشوک کمار لاسی ملاقات کر رہے ہیں اس موقع پر میونسپل کارپوریشن حب کے کونسلر عبدالوہاب رند بھی موجود ہیں

حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی کے عرس کے دوران بھٹ شاہ میں دفعہ 144 نافذ

حیدرآباد (این این آئی) کمشنر حیدرآباد نے حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی کے 283 ویں سالانہ عرس کے موقع پر ضلع مٹیاری کے شہر بھٹ شاہ میں امن و امان برقرار رکھنے اور زائرین کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے دفعہ 144 نافذ کر دی ہے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس حیدرآباد ریجن کی سفارش پر 13 سے 16 صفر 1448 ہجری تک بھٹ شاہ میں ہر قسم کے اسلحہ کی نمائش پر مکمل پابندی عائد رہے گی۔

پاکستان پیپلز پارٹی کی تاریخ لازوال قربانیوں سے رقم ہے۔ ارباب مگسی

میر علی حسن زہری کی مدبرانہ قیادت اور تمام جیالوں اور کارکنان کی انتھک محنت کو سلام پیش کرتا ہوں



حب (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل حب کے صدر ارباب علی مگسی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر وسابق صوبائی وزیر میر علی حسن زہری کی مدبرانہ قیادت اور تمام جیالوں اور کارکنان کی انتھک محنت کو سلام پیش کرتا ہوں، پاکستان پیپلز پارٹی کی تاریخ لازوال قربانیوں سے رقم ہے۔ ہم اس عظیم جماعت کے پیروکار ہیں جس کے بانی قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو شہید نے غریبوں، کسانوں اور مزدوروں کو زبان دی اور سر اٹھا کر جینے کا سلیقہ (بقیہ 51 صفحہ 7پر)

مولانا فضل الرحمٰن اپنے الفاظ واپس لیکر قوم سے معافی مانگیں، رانا اقبال

پھولنگر (این این آئی) صوبائی وزیر قانون رانا اقبال خان نے مولانا فضل الرحمٰن کی پاک فوج کے خلاف بیان بازی کی شدید مذمت کی ہے

ایس ایچ او منجو شوری محمد خان محمد حسنی کی بڑی کارروائی منشیات فروش گرفتار منشیات برآمد

منشیات فروشوں کی خلاف کامیاب کارروائی پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

اوستہ محمد (رپورٹ حنیف بلوچ) ایس ایچ او منجو شوری محمد خان محمد حسنی کی بڑی کارروائی منشیات فروش گرفتار منشیات برآمد تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر کی خصوصی ہدایات واحکامات پر ایس ڈی پی او سرکل تمبو حاجی امیر جان مگسی کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ (بقیہ 52 صفحہ 7پر)

دریائے سندھ میں نہاتے 18 سالہ نوجوان ڈوب کر جاں بحق

روجھان (این این آئی) دریائے سندھ عمر کوٹ میں نہاتے ہوئے 18 سالہ نوجوان ڈوب کر جاں بحق ہو گیا

چار روز گزرنے کے باوجود پولیس میری موٹر سائیکل برآمد نہ کروا سکی، حسن علی مری

واقعے کی غیر جانبدارانہ اور تیز رفتار تحقیقات کی جائیں تاکہ ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لایا جاسکے

سکھر (نمائندہ بولان) خیرپور کے رہائشی نوجوان حسن علی مری نے سکھر پریس کلب پہنچ کر صحافیوں کو بتایا کہ چار روز قبل نامعلوم مسلح ملزمان نے اسلحے کے زور پر ان سے 125 (بقیہ 53 صفحہ 7پر)

مردان، کمرے کی چھت گرنے سے 2 بچے جاں بحق، ماں اور بیٹی زخمی

پشاور (این این آئی) مردان میں کمرے کی چھت گر گئی (بقیہ نمبر 58 صفحہ 7پر)

حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر تھانہ قمبر سٹی پولیس کی بہترین کارروائیاں

خفیہ اطلاع پر کارروائی! تھانہ قمبر سٹی کے قتل کیس میں اشتہاری ملزم رب ڈنو چنہ کو گرفتار کر لیا ہے

شہدادکوٹ (شبیر کمبوہ) ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر تھانہ قمبر سٹی پولیس کی بہترین کارروائیاں قتل کیس میں اشتہاری سمیت تین ملزمان گرفتار کر لئے ایس ایچ او تھانہ قمبر سٹی انسپکٹر علی حسن مغیری بمع اسٹاف کی خفیہ اطلاع پر کارروائی! تھانہ قمبر سٹی کے قتل کیس میں اشتہاری ملزم رب ڈنو چنہ کو گرفتار کر لیا ہے یاد رہے کہ گرفتار ملزم سات ماہ پہلے اپنی بھابھی مسمات وحیدہ چنہ کو قتل کر کے فرار ہو گیا تھا دوسری کارروائی میں بھی ایس ایچ او تھانہ قمبر سٹی بمع اسٹاف نے دوران (بقیہ 43 صفحہ 7پر)

وندر، میرا پیر کے علاقے پھرائی میں زرعی فارم سے 5 گولیاں لگی لاش برآمد

مقتول کی شناخت اصغر ساکن کراچی بتایا جا رہا ہے قتل کی وجہ معلوم نہ ہو سکی

سونمیانی وندر (نمائندہ بولان) وندر، میرا پیر کے علاقے پھرائی میں زرعی فارم سے 5 گولیاں لگی لاش برآمد مقتول کی شناخت اصغر کے نام سے ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق وندر کے علاقے میراں پیر روڈ سے متصل بادین گوٹھ کے قریب پھرائی کے علاقے میں واقع ایک زرعی فارم میں درخت کے نیچے پڑی مبینہ 5 گولیاں لگی خون میں لت پت لاش برآمد ہوئی۔ ایس ایچ او عبدالحق موسیانی نے فوری طور پر پولیس ٹیم کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر لاش کو تحویل میں لے کر قانونی کارروائی کے لیے رورل ہیلتھ سینٹر وندر منتقل (بقیہ 44 صفحہ 7پر)

انوشہ آرائیں قتل کیس میں گرفتار 4 ملزمان کا 2 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا گیا

میرپورخاص (این این آئی) انوشہ آرائیں قتل کیس میں گرفتار 4 ملزمان کا 2 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور، تفصیلات کے (بقیہ نمبر 60 صفحہ 7پر)

والدہ کو عمرہ ویزے پر ساتھ لے جا کر یورپ جانے کی کوشش ناکام، 4 مسافر آف لوڈ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر عمرہ ویزے پر سعودی عرب جانے والے چار مسافروں کو مشتبہ غیر قانونی امیگریشن کی کوشش پر آف لوڈ کر دیا

مبینہ اغوا شدہ لڑکی کی بازیابی کے لیے ورثا کا احتجاج، ملزمان کی گرفتاری اور بچی کی بازیاب کا مطالبہ۔

تیل کے پیسے اور جیب خرچی کے نام پر رشوت مانگتی ہے، رشوت دو تو پھر ملزمان کو گرفتار کرنے جائیں گے

ملزمان بااثر ہونے کے باعث پولیس کارروائی سے گریز کر رہی ہے، جبکہ وہ غریب ہونے کی وجہ سے انصاف سے محروم ہیں

بدین (نامہ نگار) لنواری شریف کے قریب واقع گاں اشرف آباد کے میگھواڑ برادری سے تعلق رکھنے والے افراد نے مبینہ طور پر اغوا ہونے والی نوجوان لڑکی پوجا دختر داڑھوں میگھواڑ کی بازیابی اور نامزد ملزمان کی گرفتاری کے لیے بدین پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا اور پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔ پریس کانفرنس میں اغوا شدہ لڑکی کے ورثا اشوک کمار، جمعون میگھواڑ، مرچو، ویرو، د (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

ناکہ پل شہید حیات نفیس چیک پولیس کی کارروائی، 2 کلو آئس چرس آمد، دو ملزمان گرفتار

ملزمان حب سے کراچی منشیات اسمگل کر رہے تھے بروقت کارروائی کر کے منشیات کی اسمگلنگ کو ناکام بنا دی

حب (نمائندہ بولان) ناکہ پل شہید حیات نفیس چیک پولیس کی کارروائی، 2 کلو آئس چرس آمد، دو ملزمان گرفتار، ایس پی مرزا بلال حسن کی ہدایت پر ڈی ایس پی حب سرکل امام بلوچ اور ایس ایچ او حب سٹی نعیم حلیجی کی زیر نگرانی انچارج ناکہ پل شہد حیات نفیس پوسٹ عبدالقدوس محمد حسنی (بقیہ 42 صفحہ 7پر)

کوئٹہ، ایک شخص پرانے جوتے فروخت کر رہا ہے

جمہوریت کے تحفظ اور اسلامی اقدار کے فروغ کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے — مولانا عبدالواسع

جمعیت عوام کے حقوق، امن واستحکام، آئین وجمہوریت کے تحفظ اور اسلامی اقدار کے فروغ کے لیے اپنی جدوجہد بھرپور انداز میں جاری رکھے گی

کارکنان کی بہتر رہنمائی، عوامی رابطے کو مزید مضبوط بنانے اور آئندہ کی سیاسی وتنظیمی سرگرمیوں کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کے لیے جامع حکمت عملی اختیار کی جائے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع قلعہ سیف اللہ کے مجلسِ عمومی کا ایک اہم اور تفصیلی اجلاس صوبائی امیر، سینیٹر مولانا عبدالواسع کی زیر صدارت قلعہ سیف اللہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی نائب امیر مولانا کمال الدین اور صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی محمد نواز خان کاکڑ نے خصوصی شرکت کی، جبکہ ضلع بھر کے ذمہ داران، تحصیل و یونٹ عہدیداران اور کارکنان کی بڑی تعداد بھی شریک ہوئی۔ اجلاس میں ضلع قلعہ سیف اللہ اور مجموعی طور پر صوبہ بلوچستان کی امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا۔ شرکاء نے عوام کو درپیش مسائل، امن کے قیام، اور موجودہ حالات میں جماعت کی ذمہ داریوں پر تفصیلی تبادلہ خیال (بقیہ 48 صفحہ 7پر)

نصیرآباد، ڈپٹی کمشنر ویند رلعل اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی، تعلیمی بورڈ کے اکاؤنٹ سے 52 لاکھ نکلوانے کی کوشش ناکام، خاتون گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں تعلیمی بورڈ کے اکاؤنٹ سے 52 لاکھ 45 ہزار روپے نکلوانے کی مبینہ کوشش ناکام بنا دی گئی

سابق ڈی جی این سی آئی اے کی درخواست پر سماعت (آج) ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (بقیہ 59 صفحہ 7پر)

وطن عزیز پاکستان اس وقت ایک نہایت نازک اور فیصلہ کن دور سے گزر رہا ہے، میر اکرم بلوچ اوارانی

بلوچستان میں بڑھتی ہوئی بدامنی اور دہشت گردی سندھ کے کچے کے علاقوں کی صورتحال اور خیبر پختونخوا کو درپیش چیلنجز پوری قوم کے لیے لمحہ فکریہ ہیں

حب (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما میر اکرم بلوچ اوارانی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ وطن عزیز پاکستان اس وقت ایک نہایت نازک اور فیصلہ کن دور سے گزر رہا ہے ایسے حالات میں سیاسی مذہبی سماجی اور قومی قیادت پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ذاتی مفادات اور اختلافات سے بالاتر ہو کر ملک کی سلامتی استحکام اور قومی یکجہتی کے لیے متحد ہو جائیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بڑھتی ہوئی بدامنی اور دہشت گردی سندھ کے کچے کے علاقوں کی (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

ریلوے پولیس سکھر کی مبینہ اسپیشل ٹیم پر سنگین الزامات، شفاف تحقیقات نہ ہونے پر سوالات بڑھنے لگے

سنگین الزامات سامنے آنے کے باوجود تاحال ان الزامات کی کسی باضابطہ محکمانہ تحقیقات یا انکوائری کے آغاز کی اطلاع سامنے نہیں آسکی

روہڑی (نامہ نگار) ریلوے پولیس سکھر کی مبینہ اسپیشل ٹیم پر سنگین الزامات، شفاف تحقیقات نہ ہونے پر سوالات بڑھنے لگے ریلوے پولیس سکھر کی ایک مبینہ اسپیشل ٹیم کے خلاف اختیارات کے مبینہ ناجائز استعمال، شہریوں کو غیر قانونی حراست میں رکھنے رہائی کے عوض مبینہ رشوت طلب کر (بقیہ 50 صفحہ 7پر)

بدین میں بدامنی عروج پر، سماجی کارکن منظور آریسر کی گاڑی پر مسلح حملہ

جرائم، کرپشن، منشیات فروشی اور انتقامی کارروائیوں کے خلاف عوام سراپا احتجاج، موثر کارروائی کا مطالبہ

بدین (نامہ نگار) بدین ضلع میں مبینہ طور پر بدامنی، ڈکیتیوں، چوریوں، منشیات فروشی، کرپشن، سرکاری ملازمتوں میں بے ضابطگیوں، سیاسی مخالفین کے خلاف جھوٹے مقدمات، پانی کی غیر قانونی فروخت اور انتظامی نااہلی کے باعث عوام میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ مختلف سماجی اور سیاسی حلقوں کا کہنا ہے کہ ضلع میں جرائم کی وارداتیں روز کا معمول بنتی جا رہی ہیں جبکہ شہری خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔ ان مسائل کے خلاف گزشتہ دنوں بدین میں ایک بڑی احتجاجی ریلی اور مظاہرہ کیا گیا تھا (بقیہ 55 صفحہ 7پر)

لاہور، شہر میں ہونیوالی موسلا دھار بارش کا منظر

ضلع کونسل قمبر شہدادکوٹ کا مالی سال 27-2026 کا مجوزہ بجٹ

بجٹ ضلع کونسل کے چیئرمین حاجی قمرالدین گوپانگ کی صدارت میں منعقدہ اجلاس میں پیش کیا گیا

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نورالحق) ضلع کونسل قمبر شہدادکوٹ کا مالی سال 27-2026 کا مجوزہ بجٹ آج ضلع کونسل کے چیئرمین حاجی قمرالدین گوپانگ کی صدارت میں منعقدہ اجلاس میں پیش کیا گیا۔ اجلاس میں ضلع کونسل کے وائس چیئرمین لالا غلام محمد خان اسران بھی شریک تھے۔ اجلاس کے دوران کونسل اراکین نے بجٹ پر تفصیلی بحث کی اور عوامی مفاد سے متعلق اپنی قیمتی تجاویز پیش کیں۔ اجلاس (بقیہ نمبر 56 صفحہ 7پر)

تیزی سے بڑھتی آبادی کے باعث اداروں پر شدید دباؤ ہے — مصطفیٰ کمال

آبادی کے مسئلے پر علما، اساتذہ اور معاشرے کے تمام طبقات کو مل کر عوام میں درست شعور اجاگر کرنا ہوگا، سید مصطفیٰ کمال

آبادی میں مناسب وقفہ اختیار کرنے والے خاندانوں کے لیے مراعات اور ترغیبات پر بھی غور کیا جانا چاہیے، سیمینار سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرِ صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان میں تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے باعث ہسپتالوں، تعلیمی اداروں اور بنیادی ڈھانچے پر شدید دباؤ ہے، جس کے نتیجے میں عوام کو معیاری خدمات کی فراہمی متاثر ہو رہی ہے، آبادی کے مسئلے پر علما، (بقیہ نمبر 57 صفحہ 7پر)

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان سے سکس سگما ایڈورٹائزنگ کے سی ای او احمد شاہ زیب ملک اور آغا عبید ملاقات کر رہے ہیں

گوادر پورٹ پر تجارتی سرگرمیوں کا بلاتعطل جاری رہنا پاکستان کی معاشی کامیابی ہے — سینیٹر محمد عبدالقادر

بھارت نے اگر سلال ڈیم کے گیٹس پاکستان کو پیشگی اطلاع دیے بغیر کھولے ہیں تو یہ انڈس واٹر ٹریٹی کی روح اور دونوں ممالک کے درمیان قائم آبی اعتماد کے نظام کی سنگین خلاف ورزی ہے

مقبوضہ کشمیر میں شدید بارشوں کے باعث دریائے چناب میں پانی کے بہاؤ میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، جبکہ اطلاعات کے مطابق سلال ڈیم سے بڑی مقدار میں پانی چھوڑا گیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ اگر بھارت نے سلال ڈیم کے گیٹس پاکستان کو پیشگی اطلاع دیے بغیر کھولے ہیں تو یہ انڈس واٹر ٹریٹی کی روح اور دونوں ممالک کے درمیان قائم آبی اعتماد کے نظام کی سنگین خلاف ورزی ہے ایسے اقدامات نہ صرف لاکھوں شہریوں، زرعی اراضی اور قومی انفراسٹرکچر کو خطرات سے دوچار کرتے ہیں بلکہ پورے خطے کے امن واستحکام پر بھی منفی اثرات مرتب کر سکتے ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں شدید بارشوں کے باعث دریائے چناب میں پانی کے بہاؤ میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، جبکہ اطلاعات کے مطابق سلال ڈیم سے بڑی مقدار میں پانی چھوڑا گیا ہے، جس کے باعث پاکستان کے بالائی علاقوں خصوصاً ہیڈ مرالہ کے اطراف (بقیہ 54 صفحہ 7پر)

حب۔ جام محمد کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر جام گروپ حب کے سینئر رہنما، وائس چیئرمین حب عظیم سیاں، کونسلر سیف اللہ شیخ، لالا یوسف بلوچ، عطاء اللہ رونجھو، سابق ڈسٹرکٹ کونسل ممبر عبدالوحید قلندرانی، کونسلر علی اکبر جاموٹ اور مصطفیٰ شیخ گلدستہ پیش کرتے ہوئے دلی مبارکباد دے رہے ہیں